رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا
A.B.C Certified
بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | جمعرات 20 ربیع اول 1448ھ | 03 ستمبر 2026 | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 51

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا بحرانوں کے پرامن حل، تحمل اور کشیدگی میں کمی کے ذریعے علاقائی امن و استحکام کے عزم کا اعادہ

مکہ معاہدے کے تحت تعاون کو مزید ادارہ جاتی شکل دینے، اجتماعی دفاع اور مشترکہ سلامتی کو مضبوط بنانے پر اتفاق، مشترکہ ٹیکنالوجی کی تیاری اور مسلح افواج کی استعداد بڑھانے کے لیے تعاون مزید بڑھائیں گے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ایران امن کوششوں کا حصہ تھا، دورہ کشیدگی کے خاتمے کیلئے پاکستان کی سنجیدہ کوششوں کا مظہر ہے، عالمی ثالثی عدالت نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق پاکستان کے موقف کی تائید کی، بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے بحرانوں کے پرامن حل، تحمل اور کشیدگی میں کمی کے ذریعے علاقائی امن و استحکام کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے مکہ معاہدے کے تحت تعاون کو مزید ادارہ جاتی شکل دینے، اجتماعی دفاع اور مشترکہ سلامتی کو مضبوط بنانے (بقیہ نمبر38 صفحہ 6پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی بشکیک میں صدارتی محل آمد، گارڈ آف آنرز پیش

بشکیک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف (بقیہ نمبر42 صفحہ 6پر)

صدر زرداری سے لندن میں محسن نقوی کی ملاقات، اہم پیغام پہنچایا

صدر نے مختلف قومی معاملات بالخصوص نئے صوبوں کی بحث میں اپنے موقف پر قائم رہنے کا پیغام دیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیرداخلہ محسن نقوی نے لندن میں اہم ملاقات کی جس میں اہم ملکی معاملات زیر بحث آئے۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر41 صفحہ 6پر)

بشکیک، وزیراعظم شہباز شریف کرغزستان کے صدارتی محل میں استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہم میرٹ پر کام کریں گے، سیاسی دباؤ میں لینے کو تیار ہوں لیکن میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان سے ڈاکٹر عبدالباری خان اور ممبر پلاننگ کمیشن محترمہ شبانہ حیدر کی قیادت میں وفد کی ملاقات

صحت کے شعبے میں مختلف اشتراکی منصوبوں اور بلوچستان کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پریذیڈنٹ انڈس ہاسپٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک ڈاکٹر عبدالباری خان اور ممبر پلاننگ کمیشن محترمہ شبانہ حیدر کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں انڈس ہاسپٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے بیکٹر، ڈیرہ بگٹی میں طبی سہولیات (بقیہ نمبر40 صفحہ 6پر)

اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے 4 ارکان کے استعفے منظور

وزارت قومی صحت نے آئی ایچ آر اے بورڈ کے ارکان کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے 4 ارکان کے استعفے منظور کر لیے۔ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی (بقیہ نمبر39 صفحہ 6پر)

پاکستان کیساتھ تعلقات غیر معمولی رفتار حاصل، نئی سطح پر لے جانے کیلئے پرعزم ہیں، کرغز صدر

پاکستان اور کرغزستان کے درمیان طے پانے والے معاہدوں پر مستقل مزاجی سے عملدرآمد کیا جائے گا، صادر ژاپاروف

کرغزستان پاکستان کیلئے وسطی ایشیا اور وسیع تر یوریشیائی خطے تک رسائی کا اہم ٹرانسپورٹ پل بن سکتا ہے، وزیراعظم کی آمد پر بیان

بشکیک (آن لائن) کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف نے کہا ہے کہ کرغزستان اور پاکستان کے تعلقات نے مختصر عرصے میں غیر معمولی رفتار حاصل کی، تعلقات کو نئی سطح پر لے جانے کے لیے پرعزم ہیں، ڈیجیٹل معیشت اور ورچوئل اثاثوں سمیت مختلف شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کے خواہاں ہیں، پاکستان کی سمندری بندرگاہیں کرغزستان کو جنوبی ایشیا اور عالمی تجارتی راستوں تک رسائی فراہم (بقیہ نمبر43 صفحہ 6پر)

بشکیک، وزیراعظم شہباز شریف اور کرغزستان کے صدر وفود کی سطح پر مذاکرات کے بعد مشترکہ اعلامیے کا تبادلہ کر رہے ہیں

پاکستان اور جمہوریہ کرغز کے درمیان ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدہ خوش آئند پیش رفت ہے، وزیراعظم شہباز شریف، پاکستان کے ساتھ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانا چاہتے ہیں، کرغز صدر

پاکستان اور کرغزستان کے درمیان تجارت، انسداد دہشت گردی اور آئی ٹی سمیت متعدد معاہدوں پر دستخط

دوطرفہ تجارتی حجم کو 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا عزم رکھتے ہیں، شہباز شریف

پاکستان اور کرغزستان کے درمیان تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے معاہدوں، مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط

دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح رابطوں کو مزید فروغ دیا جائے گا، کاسا1000 منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے، دہشتگردی، انتہا پسندی اور دیگر عصری خطرات سے نمٹنے کیلئے تعاون بڑھائیں گے، عزم

لاہور اور کرغزستان کے شہر اوش کے درمیان سسٹر سٹی تعلقات کے قیام کا معاہدہ بھی شامل، پاکستان اور کرغزستان کی حکومتوں اور نجی شعبے کے درمیان تجارتی تعلقات کو وسعت دیں گے، مشترکہ پریس کانفرنس

بشکیک (این این آئی) پاکستان اور کرغزستان نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کیلئے متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کردیئے اور دونوں ممالک نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی (بقیہ نمبر44 صفحہ 6پر)

بشکیک (آن لائن) پاکستان اور کرغزستان نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کیلئے 16 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کر دیئے۔ ان کے تحت صحت، تعلیم، ٹرانزٹ ٹریڈ، دفاع، سائنس و (بقیہ نمبر45 صفحہ 6پر)

شہباز شریف کا بشکیک میں کرغستان کے صدر صادر ژاپاروف کے ہمراہ آلا آرچا نیشنل پارک کا دورہ

گہری دلچسپی کا اظہار، وزیراعظم نے روایتی گھڑ سواری، عقابوں کے ذریعے شکار اور دیگر ثقافتی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا

بشکیک (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کرغستان کے دارالحکومت بشکیک میں کرغستان کے صدر صادر ژاپاروف کے ہمراہ آلا آرچا نیشنل پارک کا دورہ کیا۔ صدر صادر ژاپاروف اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کا آلا آرچا نیشنل پارک آنے پر خیر مقدم کیا گیا اور انہیں کرغزستان کی ثقافت اور روایات سے متعلق بتایا گیا۔ وزیراعظم نے روایتی گھڑسواری، عقابوں (بقیہ نمبر46 صفحہ 6پر)

صدر مملکت کی ویت نام کی حکومت اور عوام کو 81ویں قومی دن پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ویت نام کے صدر ٹولام، حکومت اور ویت نام کے عوام کو 81ویں قومی دن کے موقع پر دلی مبارکباد پیش (بقیہ نمبر41 صفحہ 7پر)

بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی، عظمیٰ خان کی توہین عدالت کی دوسری درخواست دائر

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے علاج معالجے و ہسپتال منتقلی کے معاملے پر ان کی ہمشیرہ ڈاکٹر عظمیٰ خان کی دوسری توہین عدالت کی درخواست سپریم (بقیہ نمبر42 صفحہ 7پر)

وفاقی کابینہ نے اسلام آباد میں مقامی حکومتوں کے نظام کی منظوری دیدی، قائمہ کمیٹی میں آج پیش ہوگا

پیپلز پارٹی کا قائمہ کمیٹی میں حکومت کے بلدیاتی قانون ترمیم بل کی مخالفت کا فیصلہ، پیپلز پارٹی کو قائل کرنے کیلئے مذاکرات جاری

ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت کا اسلام آباد میں بلدیاتی اداروں سے متعلق نافذ آرڈیننس 5 ستمبر کو ختم ہو رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے دارالحکومت اسلام آباد میں مقامی حکومتوں کے نظام کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق مقامی حکومتوں سے متعلق بل قائمہ کمیٹی برائے داخلہ میں منظوری کیلئے (آج) جمعرات کو پیش ہوگا اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ اسلام آباد میں مقامی حکومتوں کا نظام 3 حلقوں پر مشتمل ہوگا، کونسل ممبران میں جنرل کونسلر، خواتین اور اقلیتی نمائندگی شامل ہوگی۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر43 صفحہ 7پر)

وفاق بلوچستان کے عوام کی ترقی، خوشحالی اور مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا، سردار ایاز صادق

بلوچستان سے میرا تعلق صرف سیاسی نہیں بلکہ جذباتی اور خاندانی ہے

اسپیکر قومی اسمبلی کی وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات، اسپیکر قومی اسمبلی کی بلوچستان آمد ہمارے لیے باعث مسرت اور باعث عزت ہے، وزیراعلی سرفراز بگٹی

بلوچستان سب کا گھر ہے اور صوبے میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جمہوری روایات، باہمی احترام اور سیاسی برداشت کی روایت قائم ہے، گفتگو

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بدھ کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی کابینہ کے اراکین اور حکومتی و اپوزیشن اراکین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور، بلوچستان کی ترقی، عوامی مسائل اور صوبے میں جمہوری و پارلیمانی روایات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی کوئٹہ آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بلوچستان آمد ہمارے لیے باعث مسرت اور باعث عزت ہے۔ (بقیہ نمبر40 صفحہ 7پر)

پاکستان کرغزستان سے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے، اسحاق ڈار

پاکستان کو ایس سی او کی 2026-27 کی سربراہی سنبھالنے پر مبارکباد، پاکستان ایس سی او ایجنڈے کو آگے بڑھائے گا، کرغز وزیر خارجہ

ملاقات میں علاقائی و عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال ہوا اور ایس سی او اور دیگر کثیرالجہتی فورمز پر قریبی رابطہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا

بشکیک، اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان کرغزستان سے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور علاقائی روابط، علاقائی سلامتی اور عوامی روابط کے فروغ پر بھی توجہ مرکوز ہے۔ کرغز وزیر خارجہ نے پاکستان کو ایس سی او کی 2026-27 کی سربراہی سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایس سی او ایجنڈے (بقیہ نمبر44 صفحہ 7پر)

وزیراعظم کا آتا بیئت میموریل کمپلیکس کا دورہ

معروف ادیب چنگیز ایتماتوف کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ پڑھی

بشکیک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں آتا بیئت میموریل کمپلیکس کا دورہ کیا۔ بدھ کو آتا بیئت آمد پر وزیراعظم کا استقبال کرغزستان کے اول نائب وزیراعظم دانیار امان گیلد ییئف اور وزیر ثقافت، اطلاعات (بقیہ نمبر59 صفحہ 7پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف کرغزستان کا دورہ مکمل کرکے پاکستان پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کرغزستان کا دورہ مکمل کرکے پاکستان پہنچ گئے۔ بدھ کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی وطن واپسی سے قبل ایئرپورٹ پر دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارتی حجم 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کے معاہدے پر نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ محمد اسحاق ڈار اور کرغزستان کے وزیر خارجہ نے دستخط کیے اور دستاویز کا تبادلہ کیا۔ (بقیہ نمبر60 صفحہ 7پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی سے گفتگو کر رہے ہیں

احسن اقبال کی گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولر منصوبے پر تیز رفتاری سے عملدرآمد کی ہدایت

سولر، ٹرانسمیشن اور سڑکوں کے منصوبوں پر بیک وقت کام کیا جائے، وفاقی وزیر کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولر منصوبے پر تیز رفتاری سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سولر، ٹرانسمیشن اور سڑکوں (بقیہ نمبر58 صفحہ 7پر)

سردار ایاز صادق کی پاکستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالنے پر قوم کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی کونسل آف ہیڈز آف سٹیٹ 2026-27 کی صدارت سنبھالنے پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے ایک اہم سفارتی کامیابی اور پوری قوم کے لئے باعث فخر قرار دیا ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق سپیکر سردار ایاز صادق (بقیہ نمبر45 صفحہ 7پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی چیف منسٹر سیکرٹریٹ آمد پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی معزز مہمان کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے چیئرمین نیب کی ملاقات

ملاقات میں قومی اہداف کے حصول کیلئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے چیئرمین قومی احتساب بیورو (نیب) لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے وزارت خزانہ میں ملاقات کی۔ بدھ کو وزارت خزانہ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین نیب نے وزیر خزانہ کو حکومت (بقیہ نمبر57 صفحہ 7پر)

عدلیہ اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مسلسل ادارہ جاتی رابطہ ضروری ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی

عدالتوں کی موثر کارکردگی اور انصاف کی فراہمی کیلئے مناسب انفراسٹرکچر اور بروقت مالی معاونت ناگزیر ہے، چیف جسٹس

عوامی سہولت کاری کے ذریعے انصاف کے اداروں کو زیادہ قابل رسائی، موثر، عوام مرکز اور عوامی ضروریات کیلئے جوابدہ بنانا ہے

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ عدالتوں کی موثر کارکردگی اور انصاف کی تیز تر فراہمی کے لئے مناسب عدالتی انفراسٹرکچر اور بروقت مالی معاونت ناگزیر ہے، عدالتی اصلاحات کے اہداف کو عملی شکل دینے کے لئے عدلیہ اور صوبائی حکومت کے درمیان مسلسل ادارہ جاتی رابطہ ضروری ہے۔ سپریم کورٹ کے شعبہ تعلقات عامہ کے جاری اعلامیہ کے مطابق (بقیہ نمبر61 صفحہ 7پر)

اسمبلیاں جب چاہیں گی دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بن جائیں گے، اعظم نذیر تارڑ

آزاد کشمیر کے وزیراعظم کا انتخاب کرنے کا حق نواز شریف کو تھا۔ پی سی بی نے فیلڈنگ کوچ کے لیے تلاش شروع کردی

وزیراعظم کئی مرتبہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، آزاد کشمیر میں سب سے بڑا مسئلہ انتخابات کرانا تھا، لندن میں گفتگو

لندن (این این آئی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیاں جب چاہیں گی، دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بھی بن جائیں گے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کئی مرتبہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں سب سے بڑا مسئلہ انتخابات کرانا تھا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آزاد کشمیر میں انتخابات پرامن اور (بقیہ نمبر46 صفحہ 7پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں پارلیمنٹیرینز سے گفتگو کر رہے ہیں

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری آسٹریا سے لندن پہنچ گئے

لندن (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری آسٹریا سے لندن پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ ان کے اسٹاف کے (بقیہ نمبر63 صفحہ 7پر)

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، خرم شہزاد

تعمیراتی شعبے کی اس لہر نے ملک کی چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کو متحرک کر دیا ہے، مشیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیرخزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ملک میں کم آمدنی والے طبقے کو چھت کی فراہمی اور معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لیے وزیراعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، یہ اب ایک خاندان کے لیے (بقیہ نمبر62 صفحہ 7پر)

پی آئی اے کا لندن آپریشن بڑھانے کا فیصلہ، ہفتہ وار 7 پروازیں آپریٹ ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) پی آئی اے 27 اکتوبر سے پاکستان سے لندن کے لیے روزانہ پروازیں آپریٹ کرے گا۔ ترجمان پی آئی اے نے بتایا کہ ہفتہ وار 5 پروازیں (بقیہ نمبر47 صفحہ 7پر)

وزیراعظم کی دورہ کرغستان کے دوران کرغز صدر کی جانب سے غیر روایتی مہمان نوازی

وزیراعظم کو خود گاڑی چلا کر ایئرپورٹ پر الوداع کیا، برادرانہ تعلقات میں نئی جہتوں کا اضافہ ہوا

بشکیک (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کے دورہ کرغستان کے دوران زیر اعظم کی دورہ کرغستان کے دوران کرغز صدر کی جانب سے غیر روایتی مہمان نوازی، وزیراعظم کو خود گاڑی چلا کر ایئرپورٹ پر الوداع کیا۔ کرغستان کے صدر صادر ژاپاروف کا (بقیہ نمبر48 صفحہ 7پر)

پاکستان اور سعودی عرب نے سائبر خطرات سے نمٹنے کیلئے یادداشت پر دستخط کردیئے

معاہدے کے تحت سائبر اسپیس اور دونوں ممالک کے اہم مفادات کے تحفظ کے لیے تعاون کو فروغ دیا جائے گا

ریاض (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سائبر سیکیورٹی کے شعبے میں اہم تعاون کا آغاز ہو گیا، دونوں ممالک نے سائبر خطرات سے نمٹنے اور اہم مفادات کے تحفظ کے لیے یادداشت پر دستخط کر دیے۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے ڈیجیٹل تعاون (بقیہ نمبر56 صفحہ 7پر)

گیس پلانٹ منصوبے کی منظوری سے ژوب کے جنگلات کو ملے گا تحفظ، سینیٹر بلال مندوخیل

جلد ای سی سی سے فنڈز جاری کرا کر منصوبے کا پراسیس اور ٹینڈر کیا جائے گا، جبکہ سوئی گیس حکام تنصیب کا کام کرینگے

ژوب، لورالائی میں گیس پلانٹ منصوبہ وفاقی کابینہ نے منظور کرلیا ہے، عوام کو سستے گیس سلنڈر دستیاب ہونگے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ سے ژوب اور لورالائی میں گیس پلانٹ کی منظوری کے بعد علاقے کے عوام کی قسمت جاگ اٹھی، وفاقی کابینہ نے گیس پلانٹ منصوبے کی منظوری سینیٹر بلال مندوخیل کی تجویز ومطالبے پر دی ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل (بقیہ نمبر64 صفحہ 7پر)

یونٹی فوڈز کے شیئرز میں غیر معمولی ٹریڈنگ کی تحقیقات، ایس ای سی پی کے چار افراد کو حتمی نوٹسز جاری

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں مندی کا رجحان، کے ایس ای ہنڈرڈ انڈیکس میں 1690.40 پوائنٹس کی کمی

اسلام آباد (این این آئی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) نے یونٹی فوڈز لمیٹڈ کے شیئرز میں غیر معمولی ٹریڈنگ کی جاری تحقیقات میں چار افراد کو بیانات ریکارڈ کرانے کے لیے حتمی نوٹس جاری کر دیے۔ بدھ کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی (بقیہ نمبر55 صفحہ 7پر)

پاکستانی نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کرلیا

باجوڑ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کے ذہین اور باصلاحیت نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سبحان اللہ (بقیہ نمبر66 صفحہ 7پر)

ایف سی بلوچستان ٹریننگ سینٹر خضدار میں بیسک ملٹری ٹریننگ بیچ 76 کی پاسنگ آؤٹ پریڈ

1422 ریکروٹس تربیت مکمل کرکے پاس آؤٹ، تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ خضدار تھے

کوئٹہ (این این آئی) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ٹریننگ سینٹر خضدار میں بیسک ملٹری ٹریننگ بیچ 76 کی پُروقار پاسنگ آؤٹ پریڈ ہوئی، جس میں 1422 ریکروٹس تربیت مکمل کرکے پاس آؤٹ ہوگئے۔ پاسنگ آؤٹ تقریب کے مہمان (بقیہ نمبر65 صفحہ 7پر)

میں نہیں کہہ سکتا پمز ہسپتال اب محفوظ ہے اور مستقبل میں کوئی حادثہ نہیں ہوگا، مصطفیٰ کمال

اگر انکوائری کمیٹی ان سے استعفے کا مطالبہ کرتی ہے تو انہیں اس معاملے میں سرپرائز ملے گا' وفاقی وزیر صحت

آئین، قانون میں طے کر دیا جائے کسی حادثے پر متعلقہ وزیر استعفیٰ دیگا تو سب سے پہلے استعفیٰ دینے کیلئے تیار ہوں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے پمز واقعے پر استعفے سے متعلق بات کرنے سے منع کیا ہے، اس معاملے میں میری ان کے ساتھ کچھ کمٹمنٹس ہیں، اگر انکوائری کمیٹی استعفے کا مطالبہ کرتی ہے تو انہیں اس معاملے میں سرپرائز ملے گا، پمز ہسپتال میں 14 نومولود بچوں کی اموات کے واقعے کی تحقیقات کے لیے وزیراعظم کی جانب سے قائم کی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی نے 8 افراد اور ایک سکیورٹی (بقیہ نمبر49 صفحہ 7پر)

پاکستان میں لسانی نہیں، انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے بننے چاہئیں: خالد مقبول صدیقی

ڈسٹرکٹ اور ڈویژن بڑھ سکتے ہیں تو صوبے کیوں نہیں بڑھ سکتے؟ آئی ایم ایف حکومت بچا سکتا ہے، ملک نہیں، وفاقی وزیر

ڈیلس (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین و وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان میں آبادی کے ساتھ نئے صوبوں کا قیام ضروری ہے۔ ڈیلس میں ایم کیو ایم کے چیئرمین خالد مقبول صدیقی نے اسٹینڈ ود پاکستان کی تقریب سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر54 صفحہ 7پر)

بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاری، پاکستان نیوی کی بڑی بحری مشق سی اسپارک شروع

مشق میں بحری جہاز، آبدوزیں، ہوائی جہاز اور جدید ڈرون سسٹمز شامل ہیں، انفارمیشن انوائرمنٹ میں آپریشنز پر بھی توجہ مرکوز کی گئی

مشق میں اسپیشل فورسز، پاک فوج اور پاک فضائیہ کے مشترکہ دستے بھی شریک ہیں، سائبر اور خلائی معاون صلاحیتوں کو مربوط کیا جا رہا ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاریوں کا جائزہ کے لیے پاکستان نیوی کی بڑی بحری مشق سی اسپارک 2026 کراچی میں شروع ہوگئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے بحری مشق سی اسپارک (بقیہ نمبر67 صفحہ 7پر)

وزیراعظم کا صحت کے شعبے میں بڑا فیصلہ، وفاقی وزیر اور سیکرٹری صحت پمز میں بیٹھ کر نگرانی کریں گے

ایک دن وفاقی وزیر صحت پمز ہسپتال میں بیٹھ کر طبی امور کی براہ راست نگرانی کریں گے، اجلاس میں فیصلہ

پمز ہسپتال میں براہ راست موجودگی کے ذریعے ہسپتال کے طبی اور انتظامی معاملات کو قریب سے مانیٹر کیا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت صحت کے شعبے سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا، جس میں طبی و انتظامی امور کا جائزہ لیتے ہوئے متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صحت کے شعبے کی موثر نگرانی اور عوام کو (بقیہ نمبر50 صفحہ 7پر)

راولپنڈی اور اسلام آباد میں تیز بارش، تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت

راولپنڈی میں گھر میں کرنٹ لگنے اور اسلام آباد میں چھت گرنے سے 2 افراد جان سے گئے

اسلام آباد (این این آئی) راولپنڈی اور اسلام آباد میں تیز بارش کے باعث تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کردی گئی۔ حکام کے مطابق سید پور میں 43، گولڑہ 5، پی ایم ڈی میں 43، نیو کٹاریاں 12، پیرودھائی 4 اور شمس آباد میں 2 ملی میٹر بارش ریکارڈ (بقیہ نمبر53 صفحہ 7پر)

پمز سانحے میں بچ جانیوالی بچی ایزل کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (این این آئی) پمز سانحے میں بچ جانے والی بچی ایزل کے والدین نے کہا ہے کہ بچی کی حالت تشویشناک ہے اور وہ انتہائی نگہداشت کے شعبے میں زیر علاج ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بچی کی والدہ آصفہ بی بی نے بتایا کہ ایزل 12 اگست کو پیدا ہوئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ ایزل ہماری پہلی اولاد ہے، قبل از وقت پیدائش کے باعث بچی کمزور (بقیہ نمبر68 صفحہ 7پر)

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی گرینڈ جرگہ کے اختتام پر خطاب کر رہے ہیں

سی سی ڈی سب انسپکٹر کو شہید کرنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سی سی ڈی سب انسپکٹر کو شہید کرنے والا ملزم عمر خان پولیس مقابلے میں ہلاک کر دیا گیا۔ ملزم عمر خان نے سی سی ڈی سب انسپکٹر عدنان غیور کو فائرنگ کرکے شہید کر دیا تھا، جس کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگیا تھا۔ ہلاک ملزم عمر خان پہلے بھی گرفتاری سے بچنے کیلئے سی سی ڈی کے ایک اہلکار پر فائرنگ (بقیہ نمبر51 صفحہ 7پر)

سدرن چائنہ بک فیئر، پاکستانی قومی پویلین توجہ کا مرکز

پاک چین ثقافتی روابط کے فروغ میں کتابیں اہم پل ہیں، پاکستانی قونصل جنرل

گوانگ ژو (این این آئی) سدرن چائنہ بک فیئر 2026 میں پاکستانی قومی پویلین کا افتتاح کر دیا گیا۔ کتب میلے کا انعقاد گوانگ ژو کے چائنا امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ فیئر کمپلیکس میں ہوا۔ ثقافتی نمائشوں اور ادبی تخلیقات سے مزین خصوصی پاکستانی پویلین نے چین کے (بقیہ نمبر52 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا پریذیڈنٹ انڈس ہاسپٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک ڈاکٹر عبدالباری خان، ممبر پلاننگ کمیشن محترمہ شبانہ حیدر و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

کھیلوں کی دنیا

انچارج
شجاع



کرکٹ کی ساکھ بحال کرنے کا واحد راستہ میدان میں کامیابی ہے، محمد یوسف

کھلاڑیوں اور کوچنگ سٹاف کو واپس بلانے کا معاملہ اختلافات، اندرونی خلفشار اور تنازعات کی عکاسی کرتا ہے، انٹرویو

لاہور (آن لائن) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان محمد یوسف نے کہا ہے کہ پاکستانی کرکٹ کی ساکھ بحال کرنے کا واحد راستہ میدان میں کامیابی ہے۔ دورہ انگلینڈ پر موجود پاکستانی کرکٹ ٹیم کی کارکردگی کے حوالے سے محمد یوسف نے کہا ہے کہ ہم ظہیر عباس، جاوید میانداد، انضمام الحق یا سعید انور جیسے لیجنڈز کو متبادل کے طور پر نہیں بھیج رہے جبکہ کھلاڑیوں اور کوچنگ سٹاف کو واپس بلانے کا معاملہ صرف کارکردگی تک محدود نہیں۔ محمد یوسف نے کہا کہ یہ سب پاکستانی کرکٹ میں اختلافات، اندرونی خلفشار اور تنازعات کی عکاسی کرتا ہے، 1992ء کے ورلڈ کپ کے بعد سے پاکستانی کرکٹ میں عدم استحکام بار بار دہرایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان معاملات کی وجہ سے ٹیم سے توجہ ہٹی ہے، مسلسل فتوحات اور مثبت نتائج ہی شور ختم کر سکتے ہیں، پاکستانی کرکٹ کی ساکھ بحال کرنے کا واحد راستہ میدان میں کارکردگی اور کامیابی ہے۔

ٹیسٹ پلیئرز کی رینکنگ جاری، بابر اعظم ٹاپ 10 سے باہر ہو گئے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیسٹ پلیئرز کی رینکنگ جاری کر دی جس کے بعد پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم ٹاپ 10 سے باہر ہو گئے۔ ٹیسٹ بیٹرز میں انگلینڈ کے ہیری بروک کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ آسٹریلیا کے اسٹیو اسمتھ ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آ گئے اور انگلینڈ کے جو روٹ تیسرے نمبر پر چلے گئے۔ پاکستان کے بابر اعظم ٹاپ 10 سے باہر ہو کر 5 درجے تنزلی کے بعد 15 ویں نمبر پر چلے گئے اور سری لنکا کے کمیندو مینڈس 2 درجے ترقی کے بعد 10 ویں نمبر پر آ گئے۔ پاکستان کے سعود شکیل 15 درجے کی لمبی چھلانگ کے بعد 18 ویں نمبر پر موجود ہیں جبکہ سری لنکا کے سنل دینوشا 25 ویں نمبر پر آ گئے۔ محمد رضوان کی 7 درجے تنزلی 33 ویں، شان مسعود 3 درجے تنزلی 41 ویں اور سلمان آغا 3 درجے تنزلی کے بعد 43 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ بولرز کی رینکنگ میں آسٹریلیا کے مچل اسٹارک پہلے نمبر پر موجود ہیں جبکہ نیوزی لینڈ کے میٹ ہنری ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آ گئے۔ انگلینڈ کے اولی رابنسن 6 درجے ترقی کے بعد 5 ویں نمبر پر براجمان ہیں اور سری لنکا کے اسیتھا فرنینڈو 4 درجے ترقی کے بعد 11 ویں نمبر پر آ گئے۔

کوئٹہ، ورلڈ آف انکلوژن کے زیر اہتمام بیوٹمز یونیورسٹی میں ہونیوالے کرکٹ ٹورنامنٹ کے موقع پر مہمان خصوصی فیضان جعفر، عمانیول کا کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستانی کرکٹ کیلئے جو فیصلے ہو رہے ہیں وہ تکلیف دہ ہیں: مدثر نذر

ہوم سیریز میں اتنی تبدیلیاں نہیں ہوتیں جتنی آپ نے اوے سیریز میں کر دی ہیں، ردعمل

لاہور (آن لائن) سابق ٹیسٹ کرکٹر مدثر نذر نے کہا ہے کہ پاکستانی کرکٹ کے لیے جو فیصلے ہو رہے ہیں وہ تکلیف دہ ہیں جن سے جگ ہنسائی ہو رہی ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے حالیہ فیصلوں پر تبصرہ کرتے ہوئے مدثر نذر نے کہا ہے کہ ہارنے پر تو لوگ ہنس ہی رہے تھے اب تو حد ہی ہو گئی ہے، دل دکھی ہے، ہوم سیریز میں اتنی تبدیلیاں نہیں ہوتیں جتنی آپ نے اوے سیریز میں کر دی ہیں۔ مدثر نذر کا کہنا ہے کہ متبادل کھلاڑی ٹیم کے ساتھ موجود تھے انہیں کھلایا جا سکتا تھا، غازی غوری، اویس ظفر، عامر جمال، ساجد خان اور عبید شاہ کو کھلا لیتے۔ انہوں نے کہا کہ ضروری تھا تو میر حمزہ کاؤنٹی کھیل رہے ہیں ان کو وہیں سے شامل کر لیتے، بولنگ اچھی جا رہی تھی، عمر گل کو کیوں فارغ کیا، سب فیصلوں سے کیا پیغام دے رہے ہیں؟

جدید ٹیکنالوجی سے کھجور کو 10 سال کیلئے ذخیرہ کیا جاسکتا ہے، ماہرین زراعت

مارچ اور اپریل کے مہینوں میں کھجور کے درختوں پر لگنے والے پھول کے باعث ستمبر کے آغاز میں کھجور کا پھل پکنا شروع ہو جاتا ہے

مکوآنہ (این این آئی) محکمہ زراعت کے ماہرین نے کہا کہ ماہ مارچ اور اپریل کے مہینوں میں کھجور کے درختوں پر لگنے والے پھول کے باعث ستمبر کے آغاز میں کھجور کا پھل پکنا شروع ہو جاتا ہے جسے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے 10 سال تک کیلئے بھی ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ زراعت عدیل احمد نے بتایا کہ کھجور موسم گرما میں پک کر تیار ہوتی ہے اور جوں جوں گرمی کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے توں توں کھجور جلد سے جلد پک کر تیار ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھجور ایک ایسا انمول تحفہ ہے جسے خشک کر کے بھی کئی سالوں کیلئے ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کھجور کی افادیت اپنی جگہ جبکہ کھجور کے درخت بھی بہت اہم خواص کے حامل ہوتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کھجور کے تنے میں گھاؤ لگایا جائے تو اس سے انتہائی لذیذ اور خوشبودار مواد برآمد ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسے عموماً اس وقت پیا جاتا ہے جب اسے نکالا جائے۔

پی سی بی کی جانب سے فیلڈنگ کوچ سے متعلق اشتہار سوشل میڈیا پر بھی جاری

ذمہ داری قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کی فیلڈنگ صلاحیتوں کو بہتر بنانا اور مختلف فارمیٹس میں ان کی کارکردگی کو مزید مضبوط کرنا ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے قومی مردوں کی کرکٹ ٹیم کے لیے نئے فیلڈنگ کوچ کی تلاش شروع کرتے ہوئے اس عہدے کیلئے درخواستیں طلب کرلی ہیں، پی سی بی کی جانب سے بھرتی کا اشتہار سوشل میڈیا پلیٹ فارم لنکڈ اِن پر بھی جاری کیا گیا جس کے بعد یہ معاملہ کرکٹ شائقین کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ نئے فیلڈنگ کوچ کی ذمہ داری قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کی فیلڈنگ صلاحیتوں کو بہتر بنانا اور مختلف فارمیٹس میں ان کی کارکردگی کو مزید مضبوط کرنا ہوگی۔ پی سی بی کی جانب سے یہ اقدام قومی ٹیم کے کوچنگ سیٹ اپ کو مزید مستحکم کرنے کی کوششوں کا حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔

آئی ٹی بی اے یوم دفاع ٹین پن بالنگ کپ ٹورنامنٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) آئی ٹی بی اے یوم دفاع ٹین پن بالنگ کپ ٹورنامنٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (کل) جمعہ کو ہوگا۔ جس میں ٹورنامنٹ کے انتظامات کا جائزہ لیا جائے گا۔ اسلام آباد ٹین پن بالنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آئی ٹی بی اے یوم دفاع ٹین پن بالنگ کپ ٹورنامنٹ 5 ستمبر کو لیزر سٹی بالنگ کلب، جناح پارک، راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔ اسلام آباد ٹین پن بالنگ ایسوسی ایشن کے سیکرٹری دانیال اعجاز نے بتایا کہ ٹورنامنٹ میں راولپنڈی اور اسلام آباد کے باؤلرز حصہ لیں گے۔

ایشین گیمز، پاکستانی دستے کے ارکان کی تعداد کا حتمی فیصلہ (آج) ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) ایشین گیمز میں شرکت کیلئے پاکستانی دستے کے ارکان کی تعداد کا حتمی فیصلہ (آج) جمعرات کو ہوگا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن (پی او اے) اور اسپورٹس بورڈ حکام کے مشترکہ اجلاس میں دستے کی منظوری دی جائے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان اسپورٹس بورڈ (پی ایس بی) حکومتی اخراجات پر دستے کے اراکین کا فیصلہ پہلے کر چکا ہے، اب پی او اے اور نیشنل فیڈریشنز کے تعاون سے جانے والے دستے کے اراکین کا فیصلہ ہوگا۔ ذرائع کے مطابق جاپان کے شہر ایچی ناگویا میں 241 ارکان پر مشتمل دستہ کی شرکت متوقع ہے، پاکستان کی کرکٹ اور ہاکی سمیت 24 کھیلوں میں شرکت کا امکان ہے۔

ایشین گیمز کی تیاری، پاکستان ہاکی ٹیم 5 ستمبر کو کوریا روانہ ہوگی

ایشین گیمز میں ہاکی مقابلے 18 ستمبر سے 3 اکتوبر تک جاری رہیں گے

کراچی (آن لائن) پاکستان ہاکی ٹیم 5 ستمبر کو کوریا روانہ ہوگی جہاں وہ تین میچز کی سیریز کھیلے گی۔ دورہ کوریا کے حوالے سے ذرائع کا بتانا ہے کہ ورلڈ کپ کھیلنے والی ٹیم اور مینجمنٹ کو ہی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ کوریا کے ساتھ سیریز ایشین گیمز کی تیاریوں کا حصہ ہے اور کوریا سے سیریز کے بعد پاکستان ہاکی ٹیم ایشین گیمز کے لیے جاپان جائے گی۔ پاکستان ہاکی ٹیم 15 ستمبر کو ایشین گیمز کے لیے ایچی ناگویا پہنچے گی، ایشین گیمز میں ہاکی مقابلے 18 ستمبر سے 3 اکتوبر تک جاری رہیں گے۔ ایشین گیمز میں پاکستان کے گروپ میں ملائیشیا، چین، عمان، ازبکستان اور تھائی لینڈ شامل ہے جبکہ پول بی میں بھارت، جاپان، جنوبی کوریا، بنگلادیش، سری لنکا اور انڈونیشیا شامل ہے۔

مانسہرہ، لاپتہ آئرش کوہ پیما کی لاش جنگلات سے برآمد، ساتھی باحفاظت واپس پہنچ گیا

مانسہرہ (این این آئی) مانسہرہ کی وادی سرن میں لاپتہ آئرش کوہ پیما الیگزینڈر کی لاش پراچہ کٹھہ کے جنگلات سے مل گئی، ریسکیو ٹیم کی جانب سے لاش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق الیگزینڈر کی موت کی وجوہات کے بارے میں فی الحال کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔ پولیس کے مطابق آئرش کوہ پیما الیگزینڈر اور برطانوی کوہ پیما ایلین ڈیوڈ کوپر 28 اگست کو گلگت بلتستان سے منڈا کچھہ پہنچے تھے، دونوں کوہ پیماؤں نے اسی روز 13500 فٹ بلند موسیٰ کا مصلیٰ کی چوٹی سر کرنے کی مہم شروع کی تھی۔

قومی کرکٹ ٹیم کے اعزاز میں پاکستان ہاؤس لندن میں عشائیہ، محسن نقوی کی شرکت

تقریب میں پاکستانی کھلاڑیوں نے میزبانوں اور پاکستانی کمیونٹی سے ملاقات کی اور یادگاری تصاویر بھی بنوائیں

اسلام آباد میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ بھی موجود، دباؤ کو نظر انداز کرتے ہوئے بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں، چیئرمین پی سی بی

لندن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اعزاز میں پاکستان ہاؤس لندن میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا جس میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں، ٹیم انتظامیہ، اعلیٰ حکام اور برطانیہ میں پاکستانی کمیونٹی کی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ عشائیے کی میزبانی پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے کی جبکہ وفاقی وزیر داخلہ اور چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، اسلام آباد میں تعینات برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے بھی شرکت کی۔ پاکستان ہاؤس لندن میں ہونے والی تقریب میں کھلاڑیوں کے ساتھ ملاقات اور تصاویر کا سلسلہ بھی جاری رہا، پاکستانی کمیونٹی نے قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کا پرتپاک استقبال کیا اور آنے والے میچز میں کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ پوری قوم کی نظریں ٹیم پر ہیں، انہوں نے کھلاڑیوں پر زور دیا کہ وہ دباؤ کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔ تقریب میں میئر لندن صادق خان نے بھی شرکت کی اور پاکستانی کھلاڑیوں سے ملاقات کی، انہوں نے کپتان بابر اعظم اور قومی ٹیم کے فاسٹ باؤلرز کی تعریف کرتے ہوئے ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پاکستان ہاؤس لندن میں عشائیہ قومی ٹیم کے دورہ انگلینڈ اور ٹی 20 ورلڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقد کیا گیا تھا، تقریب میں پاکستانی کھلاڑیوں نے میزبانوں اور پاکستانی کمیونٹی سے ملاقات کی اور یادگاری تصاویر بھی بنوائیں۔

سیریز کے بعد فیصلے کرتے، پی سی بی نے غلط اور برا فیصلہ لیا، شاہد آفریدی

ہمارے فیصلوں میں نہ تو تسلسل ہوتا ہے اور نہ ہی میرٹ پر فیصلے کیے جاتے ہیں، انٹرویو

محسن نقوی کرکٹ پر سب سے زیادہ توجہ دیں اور دوسروں پر ذمہ داریاں نہ چھوڑیں، چیئرمین پی سی بی کو مشورہ

کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ پی سی بی نے غلط اور برا فیصلہ لیا ہے، جو فیصلے لینے تھے وہ سیریز ختم ہونے کے بعد لے لیتے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا ہم پر ہنس رہی ہے، ہم نے خود اپنا مذاق بنایا، اگر یہ چیئرمین پی سی بی کا بھی فیصلہ تھا تو بھی سلیکشن کمیٹی کو اس کی مخالفت کرنی چاہیے تھی۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ سونے پر سہاگہ یہ کہ تیسرے ٹیسٹ کے لیے جو لڑکے بھیجے ہیں وہ ٹی 20 کے لڑکے ہیں، ہمارے فیصلوں میں نہ تو تسلسل ہوتا ہے اور نہ ہی میرٹ پر فیصلے کیے جاتے ہیں۔ شاہد آفریدی نے محسن نقوی کو مشورہ دیا کہ وہ کرکٹ پر سب سے زیادہ توجہ دیں اور دوسروں پر ذمہ داریاں نہ چھوڑیں۔ انہوں نے کہا کہ سرفراز احمد جب پی سی بی میں آیا تو میں بہت خوش تھا کہ وہ انڈر 19 لیول پر کام کرے گا، 3 مہینے میں ہی سرفراز احمد پاکستان ٹیم کے ہیڈ کوچ بن گئے، یہ کونسا پراسس ہے کہ جس کے تحت سرفراز احمد کو 3 مہینے میں ہی ہیڈ کوچ لگا دیا گیا۔

کرکٹ کی ساکھ بحال کرنے کا واحد راستہ میدان میں کارکردگی اور کامیابی ہے، محمد یوسف

مسلسل فتوحات اور مثبت نتائج ہی شور ختم کرسکتے ہیں، سابق کپتان پاکستان کرکٹ ٹیم، بیان

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان محمد یوسف کا کہنا ہے پاکستان کرکٹ کی ساکھ بحال کرنے کا واحد راستہ میدان میں کارکردگی اور کامیابی ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کی انگلینڈ کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں میں شکست کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال پر اپنے بیان میں محمد یوسف نے کہا کہ کھلاڑیوں اور کوچنگ اسٹاف کو واپس بلانے کا معاملہ صرف کارکردگی تک محدود نہیں، ہم ظہیر عباس، جاوید میانداد، انضمام الحق یا سعید انور جیسے لیجنڈز کو متبادل کے طور پر نہیں بھیج رہے، یہ سب پاکستان کرکٹ میں اختلافات، اندرونی خلفشار اور تنازعات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل فتوحات اور مثبت نتائج ہی شور ختم کرسکتے ہیں، 1992 ورلڈ کپ کے بعد سے پاکستان کرکٹ میں عدم استحکام بار بار دہرایا جا رہا ہے، ان معاملات کی وجہ سے ٹیم سے توجہ ہٹی ہے۔ محمد یوسف نے کہا کہ مسلسل فتوحات اور مثبت نتائج ہی شور ختم کرسکتے ہیں، پاکستان کرکٹ کو فیلڈ پر فوکس کرنا چاہیے، بورڈ روم پر نہیں، پاکستان کرکٹ کی ساکھ بحال کرنے کا واحد راستہ میدان میں کارکردگی اور کامیابی ہے۔

لندن، محسن نقوی سے کرکٹ پر سوالات کی بوچھاڑ، جواب دینے سے انکار

صرف ملنے آیا ہوں، سوالوں کے جواب نہیں دے سکتا لیٹ ہو رہا ہوں، چیئرمین پی سی بی کا جواب

لندن (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو لندن میں کرکٹ ٹیم کے حوالے سے صحافیوں کے سوالات کی بوچھاڑ کا سامنا کرنا پڑا تاہم انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرنے سے انکار کر دیا۔ محسن نقوی سے آصف علی زرداری کے دورہ برطانیہ کے حوالے سے بھی سوال کیا گیا جس پر انہوں نے کہا میں صرف ملنے آیا ہوں سوالوں کا جواب نہیں دے سکتا لیٹ ہو رہا ہوں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے چند صحافیوں سے مصافحہ کیا اور ان کے ساتھ تصاویر بھی بنوائیں تاہم کسی سوال کا تفصیلی جواب دیے بغیر روانہ ہوئے۔

سٹرائیکر خوسے مانوئل لوپیز کے برازیلین کے کلب پالمیر سے معاہدے میں توسیع

گزرے شاندار وقت پر شکر گزار ہیں اور امید کرتے ہیں کہ آئندہ بھی بہترین کارکردگی کا سلسلہ جاری رہے گا، خوسے مانوئل لوپیز

ساؤ پاؤلو (این این آئی) ارجنٹائن سے تعلق رکھنے والے سٹرائیکر خوسے مانوئل لوپیز نے برازیلین کے کلب پالمیر اس کے ساتھ اپنے معاہدے میں توسیع کر دی ہے، جس سے ان کی کلب چھوڑنے سے متعلق تمام خبروں کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 25 سالہ ارجنٹائنی فارورڈ کا پہلا معاہدہ 2029 تک تھا، تاہم انہوں نے اب دسمبر 2030 تک کے نئے معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں۔ پالمیر اس کی جانب سے جاری بیان میں خوسے مانوئل لوپیز نے کہا کہ وہ کلب میں گزرے شاندار وقت پر شکر گزار ہیں اور امید کرتے ہیں کہ آئندہ بھی بہترین کارکردگی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ خوسے مانوئل لوپیز 2022 میں لانوس سے پالمیر اس میں شامل ہوئے تھے اور اب تک کلب کے لیے 224 میچز میں 78 گولز سکور کر چکے ہیں۔ ارجنٹائن کی قومی ٹیم کے لیے 7 میچز کھیلنے والے سٹرائیکر امریکا، میکسیکو اور کینیڈا میں کھیلے گئے فیفا ورلڈ کپ 2026 کے سکواڈ کا بھی حصہ تھے۔ یاد رہے کہ حالیہ ہفتوں میں خوسے مانوئل لوپیز کی سپارٹک ماسکو، فیورینٹینا اور ولا ریال میں منتقلی کی خبریں زیر گردش تھیں۔

چھٹے ورلڈ نومیڈ گیمز، پاکستان نے رسہ کشی میں بھارت کو ہرا دیا

دوسرے مقابلے میں کوریا کے خلاف بھی کامیابی، مسلسل دو فتوحات کھلاڑیوں کی محنت اور بہترین ٹیم ورک کا نتیجہ، نواب فرقان

بشکیک (آن لائن) چھٹے ورلڈ نومیڈ گیمز میں پاکستان نے رسہ کشی میں بھارت کو شکست دے دی۔ پاکستانی دستے کے سربراہ نواب فرقان خان کا کہنا ہے کہ پاکستان ٹیم نے ابتدائی مرحلے میں اہم کامیابی حاصل کر لی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دوسرے مقابلے میں کوریا کے خلاف بھی کامیابی حاصل کی۔ نواب فرقان خان نے بتایا کہ رسہ کشی میں پاکستان کی مسلسل دو فتوحات کھلاڑیوں کی محنت اور بہترین ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں۔

اے آئی لاجسٹکس، فریٹ فارورڈنگ، سپلائی چین انڈسٹری کو نئی سمت دے سکتی ہے، پیففا

ورکشاپ میں ایف آئی اے ٹی اے کے صدر پروفیسر تھامس سم، الائنس کی بانی وصدر گریس سن کی شرکت

لاہور (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل فریٹ فارورڈرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد جمیل احمد نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی پاکستان کی لاجسٹکس، فریٹ فارورڈنگ اور سپلائی چین انڈسٹری کو نئی سمت دے سکتی ہے، حکومت فوری طور پر نیشنل ڈیجیٹل لاجسٹکس پالیسی اور اے آئی روڈ میپ تشکیل دے تاکہ پاکستان عالمی تجارت کے نئے تقاضوں کے مطابق آگے بڑھ سکے۔ انہوں نے یہ بات پیففا ورکشاپ 2026 کے موقع پر کہی جس کا موضوع ''لاجسٹکس کا مصنوعی ذہانت کے ساتھ مستقبل'' تھا۔ ورکشاپ میں ایف آئی اے ٹی اے کے صدر پروفیسر ڈاکٹر تھامس سم نے بطور کلیدی مقرر، گلوبل لاجسٹکس الائنس کی بانی و صدر گریس سن نے اور اے سی اے پی کے چیئرمین طارق محمود نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ محمد جمیل احمد نے کہا کہ اے آئی کے ذریعے کارگو پلاننگ، روٹ آپٹیمائزیشن، ویئر ہاؤس مینجمنٹ، سپلائی چین مانیٹرنگ، ڈیمانڈ فورکاسٹنگ، رسک مینجمنٹ اور آپریشنل اخراجات میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ پاکستان کی درآمدات و برآمدات اور عالمی تجارت کا بڑا انحصار موثر لاجسٹکس نظام پر ہے اس لیے روایتی نظام کے ساتھ جدید ٹیکنالوجی کو اپنانا ناگزیر ہے۔ چیئرمین پیففا نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پورٹس، ایئرپورٹس اور کسٹمز کو مربوط ڈیجیٹل نظام سے منسلک کیا جائے، لاجسٹکس اداروں کو اے آئی اور جدید سافٹ ویئر اپنانے کے لیے مراعات دی جائیں، نوجوانوں کے لیے ڈیجیٹل لاجسٹکس اور اے آئی کی تربیت کے پروگرام شروع کیے جائیں اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت نیشنل لاجسٹکس ڈیجیٹل پلیٹ فارم قائم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پیففا حکومت کے ساتھ مل کر پاکستان کے لاجسٹکس شعبے کو جدید اور عالمی معیار کے مطابق بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ تقریب میں پیفا کے ایگزیکٹو کمیٹی اراکین محمد اصغر ملک، ماجد امرے، ساجد زمان، ساجد علی، اعجاز غوری، سابق چیئرمین محمد الیاس، فرحان سلیم، فیصل سہیل، ارشد ملک، کاشف انور، اسداللہ خان، ثاقب مجید شیخ، عرفان زاہد، محمد حسن جمیل سمیت دیگر صنعتکار اور نمائندگان موجود تھے۔

پیٹ کمنز کی بچوں کیلئے مقبول کتاب سیریز کی پانچویں کتاب کی رونمائی

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے کپتان پیٹ کمنز کی بچوں کے لیے مقبول کتاب کی سیریز ہارٹ پیٹ کی پانچویں کتاب کرکٹ رائزنگ اسٹارز منظر عام پر آ گئی ہے۔ پیٹ کمنز نے سوشل میڈیا پر کتاب کی ریلیز کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ نئی کتاب کی کہانی پیٹ، پرا اور بیتھ کے گرد گھومتی ہے۔ آسٹریلوی کپتان کے مطابق یہ تینوں آسٹریلوی رائزنگ اسٹارز کرکٹ ٹیم میں جگہ بنانے کے لیے تربیت حاصل کر رہے ہیں، اس دوران ان کی ملاقات ہالی ووڈ اسٹار سے بھی ہوتی ہے۔ پیٹ کمنز نے کتابی سیریز کی تکمیل پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کتابوں کو تخلیق کرنے پر فخر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ قارئین نئی کتاب کو بھی اتنا ہی پسند کریں گے جتنا انہیں اور ان کی ٹیم کو اسے تخلیق کرنے میں لطف آیا۔

پاکستان میں پیدا ہونیوالے پھلوں و سبزیوں کی سالانہ پیداوار 16 ملین ٹن سے تجاوز کر گئی

جدید ٹیکنالوجی اپنا کر بین الاقوامی منڈی میں پھلوں اور سبزیوں کی ترسیل سے زیادہ منافع حاصل کیا جاسکتا ہے

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان میں پیدا ہونیوالے 40 اقسام کے پھلوں و سبزیوں کی سالانہ پیداوار 16 ملین ٹن سے بھی تجاوز کر گئی ہے جبکہ 20 سے 40 فیصد تک پیداوار کھیت سے منڈی تک ترسیل کے دوران ضائع ہونے سے کاشتکاروں کو بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، لہذا کاشتکاروں کو جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ کھیت سے منڈی تک ترسیل کے دوران ضائع ہونے والے پھلوں اور سبزیوں کو بچانے سمیت بعد از برداشت عوامل کیلئے جدید ٹیکنالوجی اپنا کر بین الاقوامی منڈی میں پھلوں اور سبزیوں کی ترسیل سے زیادہ منافع حاصل کیا جا سکے۔ جامعہ زرعیہ فیصل آباد کے ماہرین زراعت نے بتایا کہ پوسٹ ہارویسٹ ریسرچ سنٹر پھلوں اور سبزیوں کے بعد از برداشت نقصانات کو کم کرنے، پھلوں اور سبزیوں کے طریقہ برداشت کو بہتر بنانے، پختگی کے معیار کا تعین کرنے اور ان کو ذخیرہ کرنے کی جدید ٹیکنالوجی کی تیاری میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پھلوں اور سبزیوں کی بعد از برداشت شیلف لائف بڑھانے اور ایکسپورٹ کوالٹی کی تیاری کیلئے پری کولنگ ٹیکنالوجی و کولڈ سٹوریج ٹیکنالوجی کا قیام، گریڈنگ پیکنگ یونٹ کا قیام اور موبائل ایئر پلاسٹ ٹرک برائے ترسیل کے اقدامات نہایت ضروری ہیں۔

مانچسٹر سٹی نے چیلسی کے ارجنٹائنی ڈیفیلڈر اینز و فرنانڈیز کو 12 کروڑ 50 لاکھ پاؤنڈ میں اپنی ٹیم میں لے لیا

مانچسٹر (این این آئی) مانچسٹر سٹی نے چیلسی کے ارجنٹائنی ڈیفیلڈر اینز و فرنانڈیز کو 12 کروڑ 50 لاکھ پاؤنڈ کی برطانوی ریکارڈ فیس کے عوض اپنی ٹیم میں شامل کر لیا۔ بی بی سی کے مطابق یہ رقم پریمیئر لیگ کی تاریخ میں کسی ایک ٹرانسفر ونڈو کے دوران کلب کے مجموعی اخراجات کو بھی ریکارڈ 458 ملین پاؤنڈ تک لے گئی ہے۔ 25 سالہ اینز و فرنانڈیز نے 2023 میں بینفیکا سے چیلسی میں 107 ملین پاؤنڈ کی اس وقت کی برطانوی ریکارڈ فیس پر شمولیت اختیار کی تھی۔ ان کی مانچسٹر سٹی منتقلی کی فیس لیورپول کی جانب سے گزشتہ موسم گرما میں الیگزینڈر ایساک کے لیے ادا کی گئی 125 ملین پاؤنڈ کے برابر ہے۔ اینز و فرنانڈیز رواں موسم گرما میں پریمیئر لیگ میں کم از کم 100 ملین پاؤنڈ کی فیس پر منتقل ہونے والے چوتھے کھلاڑی ہیں۔ اس سے قبل مورگن راجرز 117 ملین پاؤنڈ میں چیلسی، بریڈلی بارکولا 123 ملین پاؤنڈ میں لیورپول اور ایلیٹ اینڈرسن 116 ملین پاؤنڈ میں مانچسٹر سٹی منتقل ہوئے۔ اینز و فرنانڈیز نے چیلسی کے ساتھ 2023 میں معاہدہ کیا تھا اور کلب کے لیے کھیلتے ہوئے کئی اہم کامیابیاں حاصل کیں، تاہم حالیہ عرصے میں ان کے مستقبل کے حوالے سے قیاس آرائیاں جاری تھیں۔ انہیں ریال میڈرڈ سے بھی جوڑا گیا جبکہ چیلسی کے شائقین کی جانب سے دوستانہ اور لیگ کے میچ میں انہیں تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ مانچسٹر سٹی کے منیجر اینز و ماریسکا کا کہنا ہے کہ وہ اینز و فرنانڈیز کے ساتھ دوبارہ کام کرنے کے خواہاں تھے۔ ماریسکا کے چیلسی میں دور کے دوران دونوں ایک ساتھ کام کر چکے ہیں۔ اینز و فرنانڈیز نے سٹی میں شمولیت پر کہا کہ وہ کلب کو مزید ٹرافیاں جتوانے کے چیلنج کے لیے تیار ہیں اور نئی ٹیم کے ساتھیوں سے سیکھ کر اپنے کھیل کو مزید بہتر بنانا چاہتے ہیں۔

تاجر آسان ٹیکس سکیم پر وضاحتی سرکلر جاری کیا جائے، پاکستان ٹیکس بار

ایف بی آر 10 نکات پر طلب کی گئی وضاحت کا جواب دے، صدر احسان الحق، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے مطالبہ کیا ہے کہ تاجر آسان ٹیکس سکیم پر فوری وضاحتی سرکلر جاری کیا جائے تاکہ موجودہ ابہامات دور ہوں اور زیادہ سے زیادہ تاجروں کو سکیم میں شامل ہونے پر آمادہ کیا جا سکے۔ 9 اگست کو ایف بی آر کو خط لکھ کر سکیم کے حوالے سے 10 اہم نکات پر وضاحت طلب کی تھی جس کا تا حال کوئی جواب نہیں دیا گیا۔ پاکستان ٹیکس بار کے صدر احسان الحق شیخ، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ، سینئر نائب صدر شیخ محمد یاسین، نائب صدور شہباز قادر، رانا منظور حسین، عامر حنیف نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ سکیم میں دکاندار اور چھوٹا دکاندار کی تعریف، ریٹیلرز و دیگر تاجروں کی شمولیت، سکیم کی مدت اور یکم جولائی 2026 کے بعد ٹیکس نظام، ایک فیصد ٹرن اوور اور ٹیکس ایئر 2025 کی ٹیکس ادائیگی کی بنیاد واضح ہونا ضروری ہے، ایمپوٹ ایبل انکم اگر حقیقی آمدن سے کم ہو تو کیا پھر بھی وہ افراد سکیم میں شامل ہو سکیں گے، اگر کاروباری آمدن کے علاوہ اور ذریعہ آمدن ہو تو وہ شخص بھی سکیم میں شامل ہو سکے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی او ایس اور کریڈٹ کارڈ کے ذریعے دستاویزی کاروبار کرنے والے تاجروں کی شمولیت، سیکشن 236G، 236H اور 153(7) کے اطلاق کے بارے میں بھی واضح پوزیشن دی جائے، خصوصاً 100 ملین روپے سے زائد ٹرن اوور رکھنے والے ٹیکس دہندگان کے حوالے سے وضاحت کی جائے جس سے ٹیکس پیئرز کا اعتماد بحال، تاجروں کی سکیم میں شمولیت میں اضافہ اور حکومتی ریونیو میں بہتری ممکن ہوگی۔

اسلام آباد ٹائیگرز اکیڈمی اور لارنس کالج مری کی ٹیموں کے درمیان ہاکی میچ (آج) کھیلا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹائیگرز اکیڈمی اور لارنس کالج مری کی ٹیموں کے درمیان ہاکی میچ (آج) جمعرات کو لارنس کالج ہاکی گراؤنڈ مری میں کھیلا جائے گا۔ میچ آرگنائزر سید غفران شاہ نے بتایا کہ میچ کے انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں اور دونوں ٹیمیں کھیل کے میدان میں تیاری کے ساتھ اتریں گی۔

TENDER NOTICE

TSE-2627081180723 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Roads) Saddar CWPP&H Department Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 2500/- PKR and Bid Security3%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Rehabilitation & Up-Gradation of Black Top Road PCC Streets Solar Street Lights & Sewerage Line Tuff Tiles at junior Assistant Colony and Surrounding Area Quetta. PSDP No. 1304/Z2026.0833	59,702,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 41,791,400 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE09(i) (Sewerage Works), CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure), EE11(i) (Solar), EE11(ii) (Solar Energy), EE11(iii) (Solar Energy system). Bidder Must Provide Green Challan and System Generated BPPRA Challan. Bidder must have completed at least 3 similar projects in the last 3 years. Each project must have at least 80% similar work and cost at least 75% of the estimated cost. Maintenance, restoration, rehabilitation and subcontracted works are not accepted. Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest not blacklisted not debarred no major litigation no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract in Pakistan or any international agency CDR **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 17 September, 2026till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System Address: C&W Department near Ayoub Stadioum Quetta Phone no: 3337392666
Fax no: 0819202228
Email: executiveengineerroadssaddarcw@gmail.com

Executive Engineer (Roads) Saddar CWPP&H Department Quetta

DPRQ/PRQ No.1153/02-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

رضوان اور امام الحق کے علاوہ ٹیم سے فارغ ہونیوالے کھلاڑی اور ہیڈ کوچ انگلینڈ میں ہی رک گئے

لندن (این این آئی) پاکستانی کرکٹرز محمد رضوان اور امام الحق کے علاوہ انگلینڈ کے خلاف سیریز کے آخری ٹیسٹ سے پہلے ہی ٹیم سے فارغ ہونیوالے قومی کھلاڑی اور ہیڈ کوچ انگلینڈ ہی میں رک گئے۔ لارڈز کرکٹ گراؤنڈ لندن میں آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کے دوسرے ٹیسٹ میں چوتھے روز 194 رنز سے شکست کے بعد پی سی بی نے ہنگامی بنیادوں پر ٹیم کے ہیڈ کوچ سرفراز احمد، بولنگ کوچ عمر گل اور ٹیم کے 7 کرکٹرز کو ٹیم سے ریلیز کر دیا تھا۔ انگلینڈ کے خلاف برمنگھم میں ہونے والے آخری ٹیسٹ کے لیے وائٹ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن کے ساتھ ایشلے نوفکے کو بولنگ کوچ تعینات کیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق لارڈز ٹیسٹ میں پنڈلی کی تکلیف کا شکار امام الحق علامہ اقبال ایئر پورٹ لاہور اور وکٹ کیپر محمد رضوان اسلام آباد ایئر پورٹ پہنچ چکے ہیں تاہم ہیڈ کوچ سرفراز احمد، اسپنر علی عثمان، آل راؤنڈر عامر جمال، لیڈز ٹیسٹ میں قیادت کرنے والے سلمان علی آغا اور خرم شہزاد فی الحال انگلینڈ ہی میں رک گئے ہیں اور چند دن وہیں قیام کریں گے۔

جونیئر ایشیا کپ کی تیاری، وارم اپ میچ میں جنوبی کوریا کو 2 کے مقابلے میں 5 گولز سے شکست

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم نے جونیئر ایشیا کپ 2026 کی تیاریوں کے سلسلے میں کھیلے گئے وارم اپ میچ میں جنوبی کوریا کو 2 کے مقابلے میں 5 گولز سے شکست دے دی۔ پاکستانی ٹیم نے میچ کے دوران شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مجموعی طور پر 5 گول سکور کیے جن میں 4 گول فیلڈ پلے جبکہ ایک گول پنلٹی کارنر کے ذریعے کیا گیا۔ پاکستان کی جانب سے حمزہ فیاض، محمد احمد، بشارت اور غلام مصطفی نے ایک، ایک فیلڈ گول سکور کیا جبکہ ندیم خان نے پنلٹی کارنر پر گول کرتے ہوئے پاکستان کی برتری کو مستحکم کیا۔ جنوبی کوریا کی جانب سے کیے گئے دونوں گول پنلٹی کارنرز کے ذریعے کیے گئے۔ میچ کے دوران پاکستان کو مجموعی طور پر 4 پنلٹی کارنرز حاصل ہوئے جبکہ کھلاڑیوں نے دفاع اور اٹیک دونوں شعبوں میں عمدہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے مطابق چین کے دورے کے دوران وارم اپ میچز کا مقصد کھلاڑیوں کو بین الاقوامی مقابلوں کے لئے تیار کرنا، ٹیم کمبی نیشن کو بہتر بنانا اور کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لینا ہے۔ پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم آئندہ مقابلوں میں بھی کامیابی کے لئے بھرپور تیاری اور عزم کے ساتھ میدان میں اترے گی۔

یوم دفاع شہدا پاکستان ستلج اکیڈمی بہاولپور اور شاہین اکیڈمی ڈیرہ غازی خان کی ٹیموں کے تین میچز کی فٹ بال سیریز 7 ستمبر سے شروع ہوگی

ڈیرہ غازی خان (این این آئی) یوم دفاع شہدا پاکستان ستلج فٹ بال اکیڈمی بہاولپور اور شاہین فٹ بال اکیڈمی ڈیرہ غازی خان کی ٹیموں کے تین میچز فٹ بال سیریز 7 سے 9 ستمبر تک شاہین فٹ بال اکیڈمی فٹ بال گراؤنڈ، ڈیرہ غازی خان میں کھیلی جائے گی۔ سیریز کا افتتاح ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن ڈیرہ غازی خان کے چیئرمین محمد صدیق بھٹی کریں۔ ایونٹ کے آرگنائزنگ سیکرٹری محمد سجاد بجو نے بتایا کہ تین میچز سیریز منعقد کروانے کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں اور میچ منعقد کروانے کا مقصد ہمارے شہدا کی ملک پاکستان کے قربانیوں اور خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے اور سیریز کی افتتاحی تقریب شروع ہونے سے قبل شہدا کے درجات کی بلندی اور ملک پاکستان کی سلامتی کے لئے دعائیں بھی کی جائیں گی اور ملک پاکستان کے لئے دینے والے شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ کے لئے یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیریز کا پہلا میچ 7 ستمبر کو، دوسرا میچ 8 ستمبر کو، تیسرا اور آخری میچ 9 ستمبر کو کھیلا جائے گا۔ سیریز کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیم کو انعامات سے نوازا جائے گا۔

قومی ہاکی چیمپئن شپ کی انعامی رقم میں 10 گنا اضافہ

پاکستان ہاکی فیڈریشن کا 2 کروڑ 80 لاکھ روپے انعامی رقم دینے کا اعلان

لاہور (این این آئی) قومی ہاکی چیمپئن شپ کی انعامی رقم میں 10 گنا اضافہ کر دیا گیا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے 2 کروڑ 80 لاکھ روپے انعامی رقم دینے کا اعلان کیا ہے، چیمپئن شپ میں شریک کھلاڑیوں کو لاکھوں روپے ملیں گے۔ اس سے پہلے ماضی میں کھلاڑیوں کو صرف ڈیلی الاؤنس اور رہائش دی جاتی تھی۔ قومی سینئر، جونیئر اور انڈر 15 ہاکی چیمپئن شپ جنوری میں ہوگی۔

چیئرمین پی سی بی سینئر کھلاڑیوں سے مایوس

تھنک ٹینک کو جونیئر کھلاڑیوں پر فوکس کی ہدایت

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی قومی کرکٹ ٹیم کے سینئر اور تجربے کار کرکٹرز کی پرفارمنس سے انتہائی مایوس دکھائی دیے۔ 2024 آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں شکست کے بعد سرجری کی بات کر کے انہوں نے ایکبار پھر انہی کھلاڑیوں کو موقع دیا لیکن ٹیم آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں پانچ دن میں نیوزی لینڈ اور بھارت سے شکست کے بعد پہلے ہی راؤنڈ سے باہر ہو گئی۔ 2025 ایشیا کپ میں ٹیم دبئی میں بھارت سے تین مسلسل میچ ہار گئی، پھر 2026 آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھی ٹیم پہلے راؤنڈ سے آگے نہ بڑھ سکی، اب دورہ انگلینڈ میں پہلے لیڈز ٹیسٹ میں اننگز اور 103 رنز سے شکست اور لارڈز میں 194 رنز سے ہارنے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ انتہائی فیصلوں کیساتھ اس وقت سب کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ وکٹ کیپر محمد رضوان اور اوپنر امام الحق کو ہنگامی بنیادوں پر پاکستان واپس بلایا گیا، ٹیم کے ہیڈ کوچ سرفراز احمد بولنگ کوچ عمر گل کی چھٹی کیساتھ پانچ اور کھلاڑیوں کو ٹیم سے باہر کر دیا گیا البتہ چیئرمین پی سی بی سید محسن رضا نقوی آئندہ چند روز میں مزید سخت فیصلے کرنے سے متعلق مشاورت کر رہے ہیں۔ فروری 2024 میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے سربراہ کا عہدہ سنبھالنے والے سید محسن رضا نقوی قومی ٹیم کے سینئر اور تجربے کار کھلاڑیوں کی کارکردگی سے انتہائی مایوس ہیں اور مستقبل میں نوجوان اور جونیئر کھلاڑیوں کو آگے لانے کے خواہش مند ہیں، جو مستقبل میں ٹیم کی باگ ڈور سنبھال سکیں۔ اس سلسلے میں چیئرمین نے مستقبل میں انڈر 19 اور جونیئر کرکٹرز کو زیادہ سے زیادہ مواقع کیساتھ مکمل اعتماد دینے کی پالیسی اپنانے کی ہدایت کی ہیں، ساتھ ہی سلیکشن کے معاملات میں شفافیت کیساتھ آزمائے ہوئے اور تجربے کار کھلاڑیوں کو ناکامی کے بعد دوبارہ موقع نہ دینے کے حوالے سے سلیکشن کمیٹی کو واضح ہدایات جاری کر دی ہیں۔

انڈر 20 ویمنز ورلڈ کپ 2026ء

فیفا نے تمام 24 ٹیموں کے سکواڈز کی باقاعدہ تصدیق کر دی

جنیوا (این این آئی) فیفا نے انڈر 20 ویمنز ورلڈ کپ 2026 میں شرکت کرنے والی تمام 24 ٹیموں کے سکواڈز کی باقاعدہ تصدیق کر دی ہے۔ شنہوا کے مطابق پولینڈ میں 5 سے 27 ستمبر تک کھیلے جانے والے اس عالمی ایونٹ میں پولینڈ، بینن، ایکواڈور، نیو کیلیڈونیا، پرتگال اور تنزانیہ کی ٹیمیں پہلی بار شرکت کر رہی ہیں۔ 6 کنفیڈریشنز کی 24 ٹیموں کو 6 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے، جہاں سے ہر گروپ کی سرفہرست 2 ٹیمیں اور بہترین کارکردگی دکھانے والی 4 تیسرے نمبر کی ٹیمیں ناک آؤٹ مرحلے کے لیے کوالیفائی کریں گی۔ ٹورنامنٹ کا یہ 12 واں ایڈیشن پولینڈ کے 4 شہروں کاٹوائس، بیلسکو بیالا، لوڈز اور سوسنووییک میں منعقد ہوگا۔ ایونٹ کا فائنل 27 ستمبر کو لوڈز میں کھیلا جائے گا۔

پی سی بی کو رضوان کے حوالے سے شدید تحفظات

امام کو 2 سالہ پابندی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے، ذرائع

لندن (این این آئی) دورہ انگلینڈ سے ریلیز کیے جانے والے پاکستان کرکٹ ٹیم کے وکٹ کیپر محمد رضوان اور اوپنر امام الحق کو بورڈ کی جانب سے سخت



کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق امام الحق اور محمد رضوان کو پاکستان بھیجنے کے حوالے سے بورڈ نے انتہائی اقدامات کیے، امام الحق کے حوالے سے بورڈ کی ایک اعلیٰ سطح کی تحقیقاتی کمیٹی قائم کی جا رہی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ماضی میں جعلی انجری کا شکار امام الحق پر مستقبل میں ایک سے دو سال کی پابندی کا امکان ہے جبکہ وکٹ کیپر محمد رضوان کے ڈسپلن کے حوالے سے بورڈ کو شدید تحفظات ہیں۔ ذرائع کے مطابق آئندہ آنے والے چند روز میں محمد رضوان سے باز پرس کا امکان ہے اور مستقبل قریب میں محمد رضوان کے پاکستان کی کسی ٹیم میں شامل ہونے کا امکان نہیں تاہم محمد رضوان کو مستقبل میں سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا A.B.C Certified بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

میونسپل سروسز میں بہتری کیلئے اداروں کو مربوط کرنے اور فوری اقدامات کی ضرورت ہے، چیف سیکرٹری

ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر کوآرڈی نیشن کے بغیر عوامی فلاحی منصوبوں اور سرکاری پالیسیوں پر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جاسکتے، شکیل قادر خان کا کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس منعقد ہوا جس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور، عوامی سہولیات، پرائس کنٹرول، میونسپل سروسز میں بہتری اور مختلف حکومتی اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ کانفرنس کے دوران مکمل شدہ ترقیاتی اسکیموں کی مانیٹرنگ اور ایویلیوایشن سے متعلق پیش رفت رپورٹ کا جائزہ لیا گیا، جبکہ (BSDI) کے تحت تیسرے مرحلے کے لیے ترقیاتی منصوبوں کا ٹینڈرنگ عمل شروع ہے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ آفیسران ترقیاتی منصوبوں کے معیار، رفتار اور عوامی افادیت کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدگی سے نگرانی کرے اور مکمل شدہ اسکیموں کے نتائج کا مؤثر جائزہ لیا جائے۔ اجلاس میں غیر قانونی غیر ملکیوں کی وطن واپسی پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ 11 لاکھ سے زائد غیر قانونی تارکین وطن کو واپس بھجوا چکے ہیں۔ کانفرنس میں غیر (بقیہ نمبر 1 صفحہ 6 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن عبدالخالق کے جواں سال صاحبزادے کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

چینی صدر کی اہلیہ کی شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس میں شامل

بشکیک (این این آئی) چین کے صدر شی جن پھنگ کی اہلیہ پھنگ لی یوان نے بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 6 پر)

امریکا کی عراق کو فوجی ہیلی کاپٹرز و سامان کی فروخت کی منظوری

ہیلی کاپٹرز کی فراہمی کا مرکزی ٹھیکہ امریکی کمپنی بیل ٹیکسٹرون کو دیا جائے گا، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے عراق کو 80 کروڑ ڈالرز مالیت کے فوجی ہیلی کاپٹرز اور متعلقہ سامان کی ممکنہ فروخت کی منظوری دے دی۔ اس حوالے سے امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا تھا کہ اس فروخت سے عراق کی موجودہ اور مستقبل کے خطرات سے نمٹنے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 6 پر)

کینیا میں ایوی ایشن ورکرز نے ہڑتال ختم کردی، پروازوں کی آمد ورفت بحال

نیروبی (این این آئی) کینیا میں ہوا بازی کے شعبے سے وابستہ کارکنوں نے ہڑتال ختم کردی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کینیا کے وزیر ٹرانسپورٹ ڈیوس چرچر اور ایوی ایشن ورکرز یونین کے سربراہ موس نڈیمانے منگل کو ہڑتال ختم کرنے کی تصدیق کی۔ ہڑتال کے باعث اتوار اور پیر کو بالخصوص ایئر ٹریفک کنٹرولرز کی عدم دستیابی سے کینیا کے مرکزی بین الاقوامی ہوائی اڈے جومو کینیاٹا انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت دیگر (بقیہ نمبر 3 صفحہ 6 پر)

عالمی بینک نے ینگ پروفیشنلز پروگرام کیلئے اہل امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلی

سلیکشن کا عمل انتہائی سخت اور بین الاقوامی سطح پر مسابقتی ہوتا ہے، جہاں دنیا بھر سے بہترین دماغوں کا انتخاب کیا جاتا ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) عالمی بینک نے ینگ پروفیشنلز پروگرام کیلئے اہل امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلیں۔ بینک گروپ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پروگرام باصلاحیت اور ابھرتے ہوئے نوجوانوں کے لیے عالمی ترقی کے مشن میں اپنا حصہ ڈالنے کا سنہری موقع ہے۔ بیان کے مطابق پروگرام ان پرعزم نوجوانوں کے لیے تیار کیا گیا ہے جو بین الاقوامی ترقی کے میدان میں کچھ کر دکھانے کا جذبہ رکھتے ہیں۔ اس کے تحت سلیکشن کا عمل انتہائی سخت اور بین الاقوامی سطح پر مسابقتی ہوتا ہے، جہاں دنیا بھر سے بہترین دماغوں کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ پروگرام کا آغاز واشنگٹن ڈی سی میں عالمی بینک گروپ کے ہیڈ کوارٹر سے ہوتا ہے، جس کے بعد دنیا بھر (بقیہ نمبر 2 صفحہ 6 پر)

معیاری اور قابل رسائی طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے موجودہ اقدامات کو مزید وسعت دی جائیگی، سرفراز بگٹی

بلوچستان کا ہر بچہ بنیادی سہولیات کا حق رکھتا ہے اور حکومت اس حق کی فراہمی کو اپنی ذمہ داری سمجھتی ہے، بلوچستان میں مثبت اور پائیدار تبدیلی کے عمل میں محکمہ صحت کو ہمیشہ فرنٹ لائن پر پایا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے کے عوام کو بنیادی اور معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، جبکہ ماؤں، بچیوں اور بچوں کی صحت حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بلوچستان میں صحت کے شعبے میں بہتری اور عوام کو ان کی دہلیز کے قریب طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے کوئٹہ میں اسینشل پیکج آف ہیلتھ سروسز بلوچستان کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محکمہ صحت کی کارکردگی کو قابل اطمینان قرار دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت کو دیے گئے تمام ٹاسک محنت، لگن اور ذمہ داری کے ساتھ مکمل کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے تمام (بقیہ نمبر 7 صفحہ 6 پر)

ایران کے فضائی دفاعی نظام نے آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں ایک امریکی ڈرون مار گرایا

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ ایران کے فضائی دفاعی نظام نے آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں ایک امریکی ڈرون مار گرایا ہے، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ واقعہ ٹرمپ کے تازہ دھمکی آمیز بیان کے بعد پیش آیا۔ امریکا کی جانب (بقیہ نمبر 6 صفحہ 6 پر)


اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، گورنر بلوچستان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ساتھ پارلیمنٹیرینز کا گروپ فوٹو

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ڈاکٹر ربابہ بلیدی اور بادیہ نواز سے گفتگو کررہے ہیں

آسٹریلیا کی تاریخی تانبے کی کان 2029 میں دوبارہ پیداوار شروع کرے گی

کان کی دوبارہ پیداوار شروع ہونے سے 300 تک ملازمتیں پیدا ہوں گی، وزیر برائے کاروبار، صنعت، وسائل فیلکس

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کی جزیرہ ریاست تسمانیہ میں واقع تاریخی تانبے کی کان 15 سال بعد 2029 میں دوبارہ پیداوار شروع کرے گی، اسے 2014 میں دو الگ الگ حادثات میں 3 کارکنوں کی ہلاکت کے بعد بند کر دیا گیا تھا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تسمانیہ کی حکومت نے بدھ کو جاری بیان میں جنوبی افریقا کی مائننگ کمپنی سبائیسٹل واٹر کے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا جس کے تحت ریاست کے مغربی ساحل پر واقع ماؤنٹ لائل تانبے کی کان میں 2029 سے دوبارہ پیداوار شروع کی جائے گی۔ تسمانیہ کے وزیر برائے کاروبار، صنعت اور وسائل فیلکس ایلس نے بیان میں کہا کہ کان کی دوبارہ پیداوار شروع ہونے سے 300 تک ملازمتیں (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

ملک کی خودمختاری، وقار اور آزادی کا ثابت قدمی سے دفاع کرتی رہوں گی، صدر میکسیکو

تعاون کا مطلب جھکنا اور دوستی کا مطلب اپنے اصولوں سے دستبردار ہونا نہیں، کلاؤڈیا شین بام

میکسیکو سٹی (این این آئی) میکسیکو کی صدر کلاؤڈیا شین بام نے ملک کی خودمختاری، وقار اور آزادی کے دفاع کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم تمام ممالک کے ساتھ تعاون، مذاکرات اور مفاہمت چاہتے ہیں لیکن تعاون کا مطلب جھکنا اور دوستی کا مطلب اپنے اصولوں سے دستبردار ہونا نہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز نیشنل پیلس میں اپنی حکومت کی دوسری سٹیٹ آف دی یونین تقریر کے دوران کہا کہ جب تک مجھے میکسیکو کی صدر کی حیثیت سے خدمت کرنے کا اعزاز حاصل ہے میں اپنے ملک کی خودمختاری، وقار اور آزادی کا ثابت قدمی سے دفاع کرتی رہوں گی۔ انہوں نے میکسیکو اور امریکا کے تعلقات میں موجود مشکلات خصوصاً امریکا میں تارکین وطن کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کا اعتراف کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا کے امیگریشن حراستی مراکز میں 17 میکسیکن شہری ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ امریکا بھر میں امیگریشن کارروائیوں کے دوران متعدد افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میکسیکو کی حکومت نے اس معاملے پر شکایات درج (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا امریکا اور ایران سے زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کرنے کا مطالبہ

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے امریکا اور ایران کے درمیان فوجی کارروائیوں (بقیہ نمبر 34 صفحہ 6 پر)

دفعہ 370 کی بحالی ہماری حتمی منزل ہے، اس کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے، سکینہ ایتو

ہم ہر سطح پر اور ہر پلیٹ فارم پر پُرامن طور پر اپنے حقوق کی بحالی کا مطالبہ کرتے رہیں گے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں نیشنل کانفرنس کی رہنما اور وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ دفعہ 370 اور ریاستی حیثیت کی بحالی نیشنل (بقیہ نمبر 33 صفحہ 6 پر)

چین اور مصر کے تعلقات نے مسلسل ترقی کی ہے، چینی صدر

چین اور مصر اس وقت اپنی ترقی کے اہم مرحلے میں ہیں، شی جن پھنگ

بیجنگ (این این آئی) چینی صدر شی جن پھنگ کا مضمون مصری اخبارات الاہرام، الاخبار اور الجمہوریہ میں شائع ہوا۔ مضمون کا عنوان 70 سال کا پرعزم ساتھ، نئے دور کی شاندار پیش رفت ہے۔ مضمون میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ 70 برسوں کے دوران چین اور مصر کے تعلقات نے بدلتی ہوئی بین الاقوامی صورتحال کے مختلف امتحانات کا سامنا کرتے ہوئے مسلسل ترقی کی ہے۔ دونوں ممالک کے تعلقات نہ صرف چین - عرب ممالک اور چین - افریقہ کے درمیان اجتماعی تعاون کی ایک مثال بن گئے ہیں بلکہ ترقی پذیر ممالک کے درمیان دوستانہ روابط اور باہمی تعاون کی بھی ایک (بقیہ نمبر 8 صفحہ 6 پر)

ڈنمارک نے دمشق میں 14 سال بعد اپنا سفارت خانہ دوبارہ کھول لیا

کوپن ہیگن (این این آئی) ڈنمارک نے دمشق میں اپنا سفارت خانہ دوبارہ کھول دیا جو تقریباً 14 سال سے بند تھا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق افتتاح ڈنمارک کے وزیر خارجہ لارس لوکے راسموسن اور شام کے وزیر خارجہ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 6 پر)

ہمیں عالمی مالیاتی ڈھانچے میں اصلاحات لانی ہوں گی، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ

عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات اور مصنوعی ذہانت سب کے لیے قابل رسائی بنانے کی ضرورت ہے

بشکیک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترقی پذیر ممالک بدستور ناقابل برداشت قرضوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ اماراتی میڈیا کے مطابق انہوں نے کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں عالمی مالیاتی ڈھانچے میں اصلاحات لانی ہوں گی تاکہ انصاف اور مساوات کو فروغ دیا (بقیہ نمبر 9 صفحہ 6 پر)

نیپال میں سیلابی ملبے سے کروڑوں روپے کا سونا اور نقدی برآمد

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں تباہ کن سیلاب کے بعد ملبے تلے دبے ایک بینک سے کروڑوں روپے مالیت کا سونا، (بقیہ نمبر 11 صفحہ 6 پر)

چین مساوی اور منظم عالمی نظام کی مثبت وکالت کرتا ہے، چینی صدر

عالمی معاملات میں گلوبل ساؤتھ ممالک کی نمائندگی کو بڑھانا ضروری ہے

بشکیک (این این آئی) چینی صدر شی جن پھنگ نے بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم "+" کے اجلاس میں شرکت کی اور مساوی اور منظم عالمی کثیر القطبی نظام کی مشترکہ ترویج اور زیادہ (بقیہ نمبر 12 صفحہ 6 پر)

OPEN AUCTION
OF HOTEL PLOTS

Islamabad
The Next Horizon in Hospitality

23rd & 24th SEPTEMBER 2026

Venue: At Gandhara Citizen Club, F-9 Park, Islamabad
Time: 10:00 am

LIST OF HOTEL PLOTS

S.No.	Plot No.	Sector
1	22	D-12 Markaz
2	Convention Center Hotel Plot No. 6	F-5/1
3	Convention Center Hotel Plot No. 6-A	F-5/1
4	Five Star Hotel Plot No. 8	F-5/1
5	Five Star Hotel Plot No. 8-A	F-5/1
6	Shopping Mall (Deluxe Hotel)	F-7/G-8
7	Hotel	E-11 Northern Strip
8	1	Murree Road
9	8	Murree Road
10	29	Murree Road
11	30	Murree Road
12	31	Murree Road
13	32	Murree Road
14	33	Murree Road
15	Hotel	Srinagar Highway (between Sports Complex and Margalla Hotel)

Independent approach road shall be made available for all hotels and all necessary facilitation will be provided by CDA

Prime Benefits & Flexible Terms

1-year Flexible Payment Plan
Easy and convenient payment schedule.

Possession at 75% Payment
Possession granted upon payment of 75% of total amount.
Subject to provision of a valid Bank Guarantee from local schedule bank. (corresponding to the remaining amount)

Plan Approval at 25% Deposit
Building plan approval after payment of 25% deposit.

05% Rebate on total payment within 30 Days.

05% additional rebate on full payment in USD.

* CDA is committed to provide facilitation regarding electric lines shifting, sewerage upgradation, land clearance & other similar services.

SPECIAL FACILITY FOR OVERSEAS INVESTORS
CDA is facilitating overseas investors by offering token issuance at least one day before the auction date.
Payment can be made through Roshan Digital Accounts (RDA) or local banking channels.



Prime & Prestigious Locations
Strategic locations in the heart of Islamabad.

High Footfall & Strong Demand
Rising demand for luxury hospitality.

Hub of Business, Diplomacy & Tourism
A global hub for conferences, events and tourism.

Ideal for Luxury Hospitality Ventures
Perfect opportunity for hotels, motels, restaurants & mixed-use hospitality projects.

GET THE OFFICIAL BROCHURE & INQUIRE TODAY

Brochures can be obtained from One Window Directorate, CDA, Designated Branches of MCB, HBL, UBL, Askari Bank & Bank of Punjab (BoP), from **September 8, 2026** or can be downloaded from CDA website: (www.cda.gov.pk)

PID (I) 2140-D/26

CDA
Capital Development Authority
Directorate of Estate Management-II
Ph: +92-51-925 2481 | +92-333-5409880

روزنامہ عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارلحکومت اسلام آباد کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755
جمعرات 03 ستمبر 2026ء

صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں اصلاحات

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز سمیت طبی عملہ کی غیر حاضری برداشت نہیں کریں گے، ہسپتالوں میں مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولتوں کی یقینی فراہمی کے لئے اقدامات جاری ہیں، سانحہ پمز کے بعد ملک بھر کے سرکاری ہسپتالوں میں انتظامی معاملات کو درست کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے، جس کا مقصد مریضوں کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے، بلوچستان میں صحت اور تعلیم کے شعبوں کے لئے بجٹ میں سب سے زیادہ فنڈز رکھے جاتے ہیں، لیکن تلخ حقیقت یہ ہے کہ دونوں شعبے زبوں حالی کا شکار ہیں، عوام سرکاری ہسپتالوں کی بجائے پرائیویٹ ہسپتالوں میں علاج کروانے پر مجبور ہو رہے ہیں، اس کی بڑی وجہ سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی غیر حاضری اور مریضوں پر توجہ نہ دینا بھی شامل ہے، جو ڈاکٹرز اور طبی عملہ مریضوں کو سرکاری ہسپتالوں میں نظر انداز کرتا ہے، وہی ڈاکٹرز نجی ہسپتالوں میں بھاری فیس بٹور کر انھیں بہتر علاج کی سہولت فراہم کرتے ہیں، اکثر پرائیویٹ ہسپتالوں کو بھی معیاری قرار نہیں دیا جاسکتا، صرف غریب مریض ہی سرکاری ہسپتالوں میں ہر صورت علاج کروانے کے لئے جاتے ہیں، جہاں انھیں لمبی قطاروں میں لگنا پڑتا ہے، اور وارڈز میں داخل ہونے کے لئے تاریخیں دی جاتی ہیں، اگر سرکاری ہسپتالوں میں لوگوں کو علاج معالجہ کی بہتر سہولیات مل جائیں تو انھیں گھر کی دہلیز پر ہی سرکاری شفاخانوں اور بیسک ہیلتھ یونٹس میں صحت کی ضروری سہولتیں مل سکتی ہیں۔

مہنگی روٹی

کوئٹہ شہر میں 80 روپے والی روٹی کی تیاری اور فروخت جاری ہے، نانبائی بڑی روٹی کے نام پر شہریوں کا استحصال کر رہے ہیں، ہم ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ 80 روپے والی روٹی کی فروخت پر پابندی کو موثر بنانے کے لئے تندور مالکان کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔

تہمینہ دولتانہ: سیاسی زندگی اور قومی خدمات

تحریر۔محمود خان

پاکستان کی سیاسی تاریخ میں خواتین نے مختلف ادوار میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان خواتین میں تہمینہ دولتانہ کا نام بھی نمایاں ہے، جنہوں نے طویل عرصے تک ملکی سیاست میں فعال کردار ادا کیا ہے اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پلیٹ فارم سے پارلیمانی سیاست میں اپنی شناخت بنائی ہے۔ ان کی سیاسی زندگی کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ انہوں نے نہ صرف قومی اسمبلی میں عوام کی نمائندگی کی بلکہ خواتین، سماجی بہبود اور عوامی مسائل سے متعلق معاملات کو بھی اجاگر کیا۔ تہمینہ دولتانہ کا تعلق پنجاب کے ضلع وہاڑی سے ہے اور وہ معروف دولتانہ سیاسی خاندان سے وابستہ ہیں۔ ان کے والد میاں ریاض دولتانہ بھی قومی سیاست میں فعال رہے۔ تہمینہ دولتانہ نے تاریخ کے مضمون میں پنجاب یونیورسٹی سے ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی۔ وہ پاکستان مسلم لیگ (ن) سے وابستہ ہیں، تہمینہ دولتانہ نے عملی سیاست میں پاکستان مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے قدم رکھا اور پارٹی کی خواتین و یوتھ تنظیم میں مختلف ذمہ داریاں انجام دیں۔ وہ 1987 میں مسلم لیگ سے وابستہ ہوئیں اور بعد ازاں خواتین و یوتھ ونگ کی جنرل سیکرٹری اور نائب صدر کی ذمہ داریاں بھی سنبھالیں۔ ان کا پارلیمانی سفر بھی خاصا طویل رہا ہے۔ وہ مختلف ادوار میں قومی اسمبلی کی رکن منتخب ہوتی رہیں۔ 2002 سے 2007 کے دوران بھی وہ قومی اسمبلی کی رکن رہیں اور اس عرصے میں وفاقی حکومت میں خواتین کی ترقی، سماجی بہبود اور خصوصی تعلیم سے متعلق وزارت کی وزیرِ مملکت کے طور پر ذمہ داریاں ادا کیں۔ پارلیمانی سیاست میں ان کی سرگرمیوں کا ایک اہم پہلو خواتین کی سیاسی اور سماجی شمولیت رہا ہے۔ انہوں نے خواتین سے متعلق مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کرنے اور انہیں پالیسی سازی کے عمل میں بہتر نمائندگی دلانے کے لیے آواز اٹھائی۔ تہمینہ دولتانہ کا شمار ان سیاست دانوں میں ہوتا ہے جنہوں نے متعدد پارلیمانی ادوار میں قانون سازی اور قومی معاملات میں حصہ لیا۔

2013 کی قومی اسمبلی میں بھی ان کا نام پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن کے طور پر موجود رہا۔ بعد کے پارلیمانی ریکارڈ میں بھی ان کی سیاسی سرگرمی اور خواتین سے متعلق پارلیمانی فورمز میں شمولیت نظر آتی ہے۔ تہمینہ دولتانہ کی سیاسی شناخت کا ایک اہم حصہ خواتین کی ترقی اور سماجی بہبود سے متعلق امور ہیں۔ وزارتِ خواتین کی ترقی اور سماجی بہبود سے وابستہ رہنے کے باعث انہیں خواتین اور معاشرے کے کمزور طبقات سے متعلق پالیسی معاملات پر کام کرنے کا موقع ملا۔

پاکستان جیسے معاشرے میں خواتین کو تعلیم، روزگار، سیاسی نمائندگی اور فیصلہ سازی کے عمل میں مساوی مواقع فراہم کرنا ایک اہم قومی ضرورت ہے۔ تہمینہ دولتانہ نے اپنی سیاسی سرگرمیوں کے ذریعے اس بحث کو پارلیمانی سطح پر آگے بڑھانے میں اپنا کردار ادا کیا۔ تہمینہ دولتانہ کی سیاست کا ایک اہم مرکز وہاڑی بھی رہا ہے۔ وہ NA-158 (وہاڑی-III) سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن قومی اسمبلی ہیں اور انہوں نے فروری 2024 کو حلف اٹھایا۔ علاقائی سیاست میں ان کی موجودگی نے وہاڑی کے عوامی مسائل کو قومی سیاست سے جوڑنے کا موقع فراہم کیا۔ ایک عوامی نمائندے کے طور پر ان کے سامنے بنیادی سہولیات، تعلیم، صحت، روزگار اور خواتین کی ترقی جیسے مسائل اہم رہے ہیں۔

تہمینہ دولتانہ کی سیاسی زندگی کا ایک قابلِ ذکر پہلو طویل سیاسی وابستگی اور پارلیمانی تجربہ ہے۔ پاکستانی سیاست میں سیاسی حالات تیزی سے تبدیل ہوتے رہے ہیں، لیکن انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے ساتھ اپنی وابستگی برقرار رکھی۔ ان کا شمار مسلم لیگ (ن) کے ارکان میں ہوتا ہے۔ ان کی سیاسی زندگی اس بات کی مثال ہے کہ خواتین بھی طویل عرصے تک قومی سیاست میں فعال رہ کر پارلیمانی اور حکومتی معاملات میں اپنا کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ان کا سفر نوجوان خواتین کے لیے بھی ایک مثال بن سکتا ہے کہ سیاست میں کامیابی کے لیے سیاسی شعور، مسلسل جدوجہد اور عوام سے رابطہ بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ تہمینہ دولتانہ کی سیاسی زندگی کئی دہائیوں پر محیط ہے۔ مسلم لیگ سے وابستگی، قومی اسمبلی کی رکنیت، وفاقی حکومت میں ذمہ داریاں اور خواتین و سماجی بہبود کے شعبوں میں کردار ان کی سیاسی شناخت کے نمایاں پہلو ہیں۔ وہاڑی سے قومی سیاست تک ان کا سفر پاکستانی سیاست میں خواتین کی بڑھتی ہوئی شمولیت کی ایک اہم مثال ہے۔ ان کی سیاسی جدوجہد اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ جمہوری نظام میں خواتین کی موثر نمائندگی نہ صرف سیاسی عمل کو مضبوط کرتی ہے بلکہ معاشرے کے ان مسائل کو بھی قومی پالیسی کا حصہ بناتی ہے جو اکثر نظر انداز ہو جاتے ہیں۔ تہمینہ دولتانہ کا طویل پارلیمانی تجربہ اور سیاسی سفر پاکستان کی خواتین سیاست دانوں کی تاریخ میں ایک قابلِ ذکر باب کی حیثیت رکھتا ہے۔

☆☆☆☆

سول سروس، ملتان اور عوامی خدمت کا نیا عہد

تحریر۔شفقت اللہ مشتاق

صوبائی سول سروس پنجاب کی بھی ایک اپنی تاریخ ہے اور یہ تاریخ کام، کام اور کام سے رقم ہے۔ اس سروس کے لوگ مجموعی طور پر محنتی اور سمجھدار ہوتے ہیں۔ مجسٹریسی کے دوران ان کو بہت تجربات حاصل ہو جاتے تھے۔ عدالت تو وہ کرتے ہی تھے۔ پولیس مجسٹریسی کا لا اینڈ آرڈر کے سلسلے میں بہت ہی اہم کردار تھا ان کو گراس روٹ لیول پر کام کرنا ہوتا تھا۔ یوں مینجمنٹ کے وہ ماہر ہو جاتے تھے۔ ویسے بھی مجسٹریٹ ڈپٹی کمشنر کی ٹیم کے انتہائی اہم ارکان ہوتے تھے جن کی مدد سے سربراہ ڈسٹرکٹ ہر اہم کام کرواتا تھا۔ ان کی بھی ایسی گرومنگ ہو جاتی تھی کہ "نو" کا لفظ ان کے کاغذات سے مکمل طور پر نو دو گیارہ ہو جاتا تھا وہ ملکی مفادات کے لئے کوئی بھی خطرہ مول لے لیتے تھے۔ ڈپٹی کمشنر کے منہ سے نکلا لفظ ان کے ہاں حرفِ آخر ہوتا تھا وہ اپنے باس کے پیچھے بات نہیں کرتے تھے وہ یا تو ریاست اور باس کے لئے بات کرتے تھے یا پھر اپنے افسر کے ساتھ پورے اعتماد سے بات کر کے اس پر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی دھاک بٹھا دیتے تھے اور اس کے بعد جس دفتر میں چاہتے بیٹھ جاتے تھے اور اس دفتر کی ہر چیز ان کے گرد گھومتی تھی۔ کچھ ایسے افسروں کو ہم نے خود دیکھا ہے جن کا باقاعدہ ملازمت کے دوران اور ملازمت کے بعد بھی نام چلتا ہے۔ ان میں سید فضل حسین شاہ، غلام مرتضیٰ پراچہ، مرتضیٰ برلاس، اعتزاز الرشید، عامر خان، سید آل احمد، سید منوچہر، سید مسعود شاہ، عبدالحکیم، چوہدری ظفر اقبال، میاں کمال الدین، افسر ساجد، رائے محمد امین خان، محمد اشرف چوہدری، سردار اکرم جاوید، میاں نذیر احمد، مشتاق انجم، ملک محمد بخش، محمد آصف چوہدری، سلطان محمود خان، نسیم صادق، لیاقت علی چٹھہ، ظفر سلیم گوندل، ڈاکٹر ارشاد احمد، شاہد نیاز، نوید حیدر شیرازی، سید شعیب بخاری، جاوید اقبال بخاری اور بے شمار جن کے ناموں کی فہرست طویل ہے اور زیر نظر کالم کا دامن انتہائی تنگ۔ ایسے افسروں کا اوڑھنا بچھونا ریاستی مفاد، میرٹ کی پاسداری اور احساس ذمہ داری۔ یہ تسلسل آج بھی قائم و دائم ہے۔ آج بھی افق سول سروس پر متعدد نام کیس سٹڈی ہیں اور وہ اپنے سابقین کے تسلسل کو پورے جذبے، ولولے اور استقامت سے آگے بڑھا رہے ہیں۔ عصر حاضر سول سروس کا ایک درخشندہ دور تاہم وفاقی سول سروس اور صوبائی سول سروس کا قومی اتحاد وقت کا تقاضہ ہے اور تقاضے مل ملا کر ہی پورے کئے جاتے ہیں۔ گزشتہ دنوں ملتان سے ایک پارسل آیا۔ اس کے اندر کتاب معلوم ہوتی تھی۔ کتاب ہماری ویسے بھی مجبوری ہے حالانکہ ہم مجبور محض نہیں ہیں محنت اور لگن سے جب چاہیں حالات بدل دیتے ہیں اور ویسے بھی دنیا کی کہانی کے حالات و واقعات میں انسان ہی کا تو کردار ہے اور اپنے کردار سے اس نے اپنے آپ کو اشرف المخلوقات ثابت کرنا ہے۔ ہمہ وقت چل سو چل اور آگے بڑھنا اور آگے بڑھتے چلے جانا۔ خیر مذکورہ پارسل میں ایک کتابچہ برآمد ہوا جو کہ کمشنر ملتان نے میرے لئے بھیجا تھا۔ ملتان ہمیشہ ہی میرے لئے توجہ کا مرکز رہا ہے، بلکہ میرے لئے تو کیا ہر شخص کے لئے، کیونکہ برصغیر پاک و ہند میں مسلمانوں کی تاریخ کا ایک اہم موڑ جب محمد بن قاسم ملتان تک آیا اور یوں سندھ سے مسلمانوں نے برصغیر پاک و ہند میں رسائی حاصل کی اور آنے والے وقتوں میں سندھ سے ہند تک مسلمانوں کی حکومت قائم ہوگئی۔ ویسے ملتان بابوں کا شہر اور بابوں کی نظر کا فیض (در دست نہ تیر است نہ بر دوش کمان است۔ ایں سادگی ہست کہ بسمل دو جہان است) ملتان علم و تحقیق کا مرکز بن گیا اور یہاں سے ہی علم و حکمت کی کرنیں پھوٹیں اور یہ سارا علاقہ سوچ کے اعتبار سے بیدار ہو گیا۔ روحانیت کی بھی ایک دنیا ہے۔ روحانیت اور سول سروس کا بھی آپس کا ایک تعلق ہے۔ حوالے کے لئے شہاب نامہ کا باب "چھوٹا منہ بڑی بات" ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ ویسے میں بچپن اور لڑکپن میں لائلپور کی نسبت ملتان زیادہ جایا کرتا تھا، کیونکہ ہمارے لوگ علاج معالجے کے لئے نشتر ہسپتال ملتان کا رُخ کرتے تھے۔ میرے مہربان اور ممدوح حفیظ اللہ اسحاق بھلے وقتوں میں ڈپٹی کمشنر ملتان بھی رہے اور وہاں پر ان کے بڑے بیٹے حارث حفیظ قتل ہو گئے تھے جن کے نام پر میرے گاؤں کا نام حارث آباد رکھا گیا۔ میں نے 1996ء سے 1999ء تک خانیوال میں بطور تحصیلدار اور مجسٹریٹ بھی کام کیا ہے۔ یہ پس منظر بیان کرنے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ میرے لئے ملتان کا علاقہ کسی طرح بھی اجنبی نہیں ہے اور میں نے ملتان کو آنکھیں کھول کر دیکھا ہوا ہے۔ میں سید یوسف رضا گیلانی کے دور وزارتِ عظمیٰ سے پہلے والے ملتان کو بھی جانتا ہوں اور بعد والا ملتان اب میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ ڈپٹی کمشنر یا ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن افسرز آتے جاتے رہے ہر کسی نے اپنی اہلیت اور صلاحیت کے مطابق یعنی حصہ بقدر جثہ اپنا اپنا حصہ ڈالا اور پھر آج کا ملتان اور حکومت پنجاب کا منفرد فیصلہ۔ عامر کریم کا بطور کمشنر تعینات کیا جانا۔ اقتدار کے ایوانوں سے لیکر ضلعی اور ڈویژنل انتظامیہ کے میدانوں میں چلتا پھرتا اور دکھائی دیتا بلکہ انمٹ نقوش چھوڑتا، عوام اور حکومت کے درمیان فاصلے ختم کرتا ہوا اور سول سروس کے قیام کی روح کے مطابق کام کرتا ہوا صوبائی سول سروس کا جہاندیدہ اور زیرک افسر آپ کو نظر آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو نظر بد سے بچائے۔ متذکرہ بالا کمپوڈیم کا ایک ایک لفظ، ایک ایک سطر اور ہر ہر باب بولتا ہے اور آنکھوں دیکھا حال بیان کرتا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی بصیرت اور ہوشمندی کا کمال۔ گراس روٹ لیول اور ڈھانچہ جاتی تبدیلیاں اور اس سارے پروگرام کیلئے مطلوبہ ترامیم، پرانے اداروں کی تعمیر نو اور نئے ضروری اداروں کا قیام۔ افرادی قوت کی مناسب تربیت اور گڈ گورننس کے لئے جزا سزا کا زبردست نظام۔ عوامی نمائندوں کے کردار کا ازسر نو تعین، پیچیدہ اور پرانے مسائل کے حل کے لئے پیچیدگیوں کا مکمل خاتمہ، عوام پہلی اور آخری ترجیح یعنی ٹاپ پرارٹی۔ ان سارے کاموں کو عملی شکل دینا بیوروکریسی کا بنیادی کام ہے۔ حکومت پنجاب کی پالیسیاں، ان کا عملدرآمد، آج کا ملتان اور عوام کی بڑھتی ہوئی توقعات اور خصوصاً کمشنر اور ڈپٹی کمشنر سے توقعات اور پھر ملتان کی آج کی کہانی مذکورہ دستاویز میں پوری طرح نہ صرف پڑھی جاسکتی ہے بلکہ بچشم خود دیکھی جاسکتی ہے۔ ملتان کا ہر کونہ کھدرا صاف نظر آتا ہے۔ ملتان میں تجاوزات کا خاتمہ اور اس کے نتیجے میں متاثر ہونے والے شہریوں کے لئے روزگار کے مناسب اقدامات، اداروں کی کارکردگی پر خصوصی نظر اور آئندہ کے لائحہ عمل کے لئے بروقت فیصلے، حکومتی پالیسیوں کے عملدرآمد کے سلسلے میں زیرو ٹالرنس، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کسی بھی ملک کی تعمیر و ترقی کی ضمانت اور ملتان کی خوبصورتی کے لئے مذکورہ پارٹنرشپ کے ثمرات۔ اداروں پر عوام کے اعتماد کی بحالی اور کمشنر ملتان عوام کے درمیان اور سب کے دکھ سکھ میں شریک۔ عوام پر سب دفاتر کے دروازے جب کھلتے ہیں پھر تو کتابیں تخلیق ہوتی ہیں اور پھر تاریخ رقم ہوتی ہے اور تاریخ کے جاندار کردار ہمیشہ ہمیشہ کے لئے زندہ ہو جاتے ہیں۔

☆☆☆☆

دنیا میزائل گن رہی ہے اور پاکستانی انڈے

تحریر۔محمد اکرم چوہدری

ایران اور امریکہ چھ ماہ سے ایک دوسرے کو آنکھیں دکھا رہے ہیں۔ آبنائے ہرمز کبھی بند ہونے کے قریب پہنچتی ہے، کبھی کھلنے کی خبر آتی ہے۔ قطر اور عمان صلح کرانے نکلتے ہیں۔ پاکستان درمیان میں پیغام پہنچاتا ہے۔ امریکہ پابندیاں سخت کرتا ہے اور ایران کہتا ہے ہم نہیں جھکیں گے۔

آپ کہیں گے، بھائی ہمیں کیا؟

ہمیں تو بہت کچھ ہے۔

ایران پر میزائل گرے تو لاہور میں پٹرول مہنگا ہو سکتا ہے۔ ہرمز میں جہاز رکے تو کراچی میں بجلی مہنگی ہو سکتی ہے۔ روس ڈیزل روک دے تو عالمی منڈی ہل سکتی ہے۔ ڈالر چڑھے تو دوا، موبائل، مشینری، دال، تیل سب کی قیمت پر اثر پڑ سکتا ہے۔

یعنی جنگ ان کی ہوتی ہے، بل ہمارا آتا ہے۔

آبنائے ہرمز کو نقشے پر دیکھیں تو سمندر کی ایک تنگ سی گلی لگتی ہے۔ مگر یہ گلی بند ہو تو دنیا کے تیل کا بخار چڑھ جاتا ہے۔ اسی لیے کبھی ہرمز کھلنے کی معمولی امید پیدا ہوتی ہے تو تیل نیچے آنے لگتا ہے، اور خطرہ بڑھے تو بازار پھر اچھل پڑتا ہے۔

پاکستان کی اصل پریشانی یہی ہے۔

ہم تیل کے کنویں پر نہیں بیٹھے۔ ہمیں تیل اور گیس خریدنی پڑتی ہے۔ ڈالر دے کر خریدنی پڑتی ہے۔ تیل مہنگا ہو تو صرف پٹرول پمپ متاثر نہیں ہوتا۔

سبزی والا بھی متاثر ہوتا ہے۔

بس والا بھی۔

کسان بھی۔

فیکٹری والا بھی۔

اور آخر میں وہی شخص متاثر ہوتا ہے جس کی تنخواہ مہینے میں ایک مرتبہ بڑھتی نہیں، مگر قیمتیں مہینے میں کئی مرتبہ بڑھ سکتی ہیں۔

اسی لیے پاکستان اگر ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کم کرانے کی کوشش کر رہا ہے تو اسے محض سفارتی فوٹو سیشن نہ سمجھے۔ ہرمز محفوظ ہو جائے، تیل نیچے آئے اور جنگ پھیلے نہیں تو اس کا فائدہ پاکستانی جیب تک پہنچ سکتا ہے۔

لیکن یہاں ایک دوسرا پھندا بھی ہے۔

امریکہ اب ایران پر صرف میزائل اور بیانات سے دباؤ نہیں ڈال رہا، ڈالر سے بھی لڑ رہا ہے۔

ایران سے منسلک مالی نیٹ ورک کے الزام میں مصر کے BanqueMisr کی متحدہ عرب امارات والی شاخیں امریکی کارروائی کی زد میں آ گئیں۔ پاکستان کے لیے اس خبر میں صاف سبق ہے۔

ایران ہمارا ہمسایہ ہے۔

اسے اٹھا کر بحرِ اوقیانوس کے پار نہیں رکھا جاسکتا۔

ہمیں ایران سے امن بھی چاہیے، تجارت بھی، محفوظ سرحد بھی اور ممکن ہو تو توانائی بھی۔ مگر دوسری طرف پاکستان ایسا مالی خطرہ بھی مول نہیں لے سکتا جس سے اس کے بینک امریکی پابندیوں کی زد میں آ جائیں۔

گویا ایک ہاتھ تہران سے ملانا ہے اور دوسرا واشنگٹن سے چھڑانا بھی نہیں۔

یہی سفارت کاری ہے۔

اور اسی دوران بھارت امریکہ سے Javelin اینٹی ٹینک میزائل خرید رہا ہے۔

یہ خبر بھی پاکستانی کو سننی چاہیے، مگر گھبرانا نہیں چاہیے۔ پاکستان کو اپنا دفاع مضبوط رکھنا ہے۔ سوال صرف اتنا ہے کہ کیا قومی سلامتی صرف میزائل کا نام ہے؟

پمز اسلام آباد میں چودہ نومولود بچے آگ میں جان سے چلے گئے۔

ذرا اس ایک واقعے کو عالمی سیاست کے برابر رکھ کر دیکھیے۔

ہم ہرمز کی حفاظت پر گفتگو کر رہے ہیں، مگر اپنے ہسپتال کی نرسری محفوظ نہ رکھ سکے۔

ہمیں دشمن کے میزائل کا توڑ چاہیے، ضرور چاہیے۔

مگر ہسپتال میں آگ کا توڑ بھی چاہیے۔

ہمیں مضبوط فوج چاہیے۔

مگر مضبوط ہسپتال بھی چاہیے۔

ہمیں ایٹمی طاقت رہنا ہے۔

مگر ایسی طاقت بھی بننا ہے جہاں ماں بچہ علاج کے لیے ہسپتال دے تو اسے بچہ واپس ملے، لاش نہیں۔

اصل قومی سلامتی یہی مکمل تصویر ہے۔

روٹی بھی۔

روزگار بھی۔

سرحد بھی۔

ہسپتال بھی۔

اور دفاع بھی۔

دنیا اس وقت اپنے اپنے مفاد کی جنگ لڑ رہی ہے۔ امریکہ ایران کو جھکانا چاہتا ہے۔ ایران خود کو بچانا چاہتا ہے۔ روس اپنی جنگ لڑ رہا ہے۔ بھارت اپنی فوجی طاقت بڑھا رہا ہے۔ قطر اور عمان اپنی سفارتی جگہ بنا رہے ہیں۔

پاکستان کو بھی ایک بیماری چھوڑ دینی چاہیے: دوسروں کی لڑائی میں جذباتی فریق بننے کی بیماری۔

نہ امریکہ ہمارا ماموں ہے، نہ ایران ہمارا خالو۔ ملک رشتے داری سے نہیں، مفاد سے چلتے ہیں۔

پاکستان کا مفاد بہت سیدھا ہے: ایران سے جنگ نہ ہو، امریکہ سے تعلق نہ ٹوٹے، ہرمز کھلا رہے، تیل سستا ملے، ڈالر قابو میں رہے، بھارت کے مقابل دفاع مضبوط ہو اور کسی دوسرے کی جنگ کا بل پاکستانی عوام سے وصول نہ کیا جائے۔

کیونکہ اسلام آباد میں بیٹھا وزیر شاید برینٹ آئل کا چارٹ دیکھتا ہو۔

عام آدمی چارٹ نہیں دیکھتا۔

وہ موٹر سائیکل کی سوئی دیکھتا ہے۔

وہ بجلی کا بل دیکھتا ہے۔

وہ بچے کی فیس دیکھتا ہے۔

وہ بیوی کو یہ کہتے سنتا ہے کہ گھی ختم ہو گیا ہے۔

اور پھر جیب میں ہاتھ ڈال کر خاموش ہو جاتا ہے۔

یہ خاموشی سمجھنے کی ضرورت ہے۔

دنیا کے بڑے بڑے فیصلوں کا آخری نتیجہ اقوام متحدہ کی تقریر نہیں ہوتا۔

گھر کا بجٹ ہوتا ہے۔

اس لیے پاکستان ایران اور امریکہ کے درمیان امن کرا سکتا ہے تو ضرور کرائے۔ ہرمز کھلوا سکتا ہے تو پوری طاقت لگائے۔ دنیا میں اپنا سفارتی وزن بڑھا سکتا ہے تو بڑھائے۔

مگر کامیابی کا سرٹیفکیٹ اس دن ملے گا جب اس کا فائدہ عام پاکستانی تک پہنچے گا۔

تیل سستا ہو تو پٹرول سستا ہو۔

ڈالر نیچے آئے تو چیزیں بھی نیچے آئیں۔

معیشت بہتر ہو تو نوکری پیدا ہو۔

اور ریاست مضبوط ہو تو ہسپتال میں بچہ محفوظ ہو۔

ورنہ دنیا کے نقشے پر پاکستان جتنا مرضی بڑا دکھائی دے، گھر کے بجٹ میں چھوٹا ہی رہے گا۔

عام پاکستانی کو تہران فتح نہیں کرنا۔

واشنگٹن بھی نہیں۔

اسے صرف مہینے کی آخری تاریخ تک پہنچنا ہے۔

اور یقین مانیے، آج کے پاکستان میں بعض اوقات یہ بھی کسی عالمی جنگ سے کم نہیں

☆☆☆☆

غربت تو ہم نے دیکھی ہے۔۔۔

تحریر۔اسلم لودھی

آج کل ہر انسان کی زبان سے یہی الفاظ نکل رہے ہیں کہ غربت نے انسانوں کو زندہ در گور کر دیا ہے۔ اس میں واقعی کوئی شک نہیں لیکن آج کل شاید ہی کوئی ایسا شخص ہوگا، جس کے پاس ہزاروں روپے مالیت کا موبائل نہ ہو۔ ہمارے گھروں سے کوڑا اٹھانے والوں نے مجھے اس وقت حیران کر دیا جب جیب سے موبائل نکال کر اچانک انہوں نے کسی سے بات شروع کر دی۔ میں جس دکان سے سبزی لینے گیا وہ بھی فارغ اوقات میں ایک قیمتی موبائل پر گیم کھیل رہا تھا، میری آمد پر اس نے موبائل ایک جانب رکھا اور مجھے سبزی دے کر پھر سے موبائل تھام لیا، میں قصائی کے پاس گوشت لینے پہنچا تو گاہک نہ ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کی نگاہیں بھی موبائل کی سکرین پر جمی ہوئی تھی۔ موٹر سائیکل کو پنکچر لگانے والے کو دیکھا تو وہ خود موبائل پر چیٹنگ کر رہا تھا اور ایک نو عمر لڑکا اس کی جگہ پنکچر لگا رہا تھا۔ میں نے ان سے پوچھا آج کل حالات کیسے جا رہے ہیں، اس نے جھٹ سے کہا سر جی۔ غربت اور بے وسائلی بڑھتی جا رہی ہیں، بچوں کی فیسیں ادا کر کے بازار سے آٹا، چینی، گھی، چاول اور سبزی لانے جاتا ہوں۔ تو کھانے پینے کی اشیاء خریدنے سے ہی جیب خالی ہو جاتی ہے، اس پر ظلم یہ کہ مہینے کے آخر میں بجلی اور گیس کا قیامت خیز بل بھی آ جاتا ہے۔ بجلی والوں کو خدا سمجھ وہ جب چاہتے ہیں، سارا سارا دن بجلی بند رکھتے ہیں ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔ میں نے پوچھا آج کل پنکچر لگانے کے کتنے پیسے لے رہے ہیں آپ، اس نے کہا جناب 100 روپے فی پنکچر لیتا ہوں اور دن میں پچیس تیس پنکچر لگ ہی جاتے ہیں، یہ سن کر میں نے کہا آپ ایک دن میں تین سے چار ہزار روپے آسانی سے کما بھی لیتے ہیں اور پھر غربت کا شکوہ کر رہے ہیں۔ میں نے کہا جناب غربت یہ نہیں ہے بلکہ اصلی غربت تو ہم نے دیکھی ہے۔ وہ وقت کیسا تھا جب پورا پورا مہینہ ہماری جیب خالی ہوا کرتی تھی۔ میرے والد کی تنخواہ بمشکل 80 روپے ماہانہ تھی، جس میں گزارہ بہت مشکل سے ہوتا تھا۔ اس وقت ہمارا خاندان لاہور سے 90 کلومیٹر دور حبیب آباد میں قیام پذیر تھا۔ بجلی کا دور دور تک نام و نشان نہ تھا، سخت ترین گرمی میں بھی ہاتھ والے پنکھوں ہی سے تھوڑی بہت ہوا لے لی جاتی تھی۔ ہماری رہائش ایک ہی کمرے پر مشتمل تھی جس میں والدین کے علاوہ ہم پانچ بھائی بھی رہتے تھے۔ گرمیوں کے موسم میں چھت پر بھاری کپڑا باندھ کر اس کی رسی میری والدہ اپنے پاؤں کے انگوٹھے سے باندھ لیا کرتی تھی، حالانکہ والدہ گہری نیند سو رہی ہوتیں لیکن قدرتی طور پر ان کا پاؤں حرکت کرتا رہتا اور کپڑا ہلنے سے جو ہوا پیدا ہوتی، وہی ہمارے لئے ایئر کنڈیشنر کا کام دیتی۔ آج کل ہر گھر میں تین ٹائم کھانا کھایا اور پکایا بھی جاتا ہے، لیکن پرانے وقتوں میں صرف شام کو ہی کھانا پکتا تھا اور صبح باسی روٹیوں کو ہم کیک سمجھ کر کھا لیا کرتے تھے، دوپہر کو کچھ مل جاتا تو کھا لیتے نہ ملتا تو صبر کر لیتے، حالانکہ بڑا گوشت دو روپے کلو تھا پھر بھی ہفتے میں ایک بار صرف جمعرات کو ایک پاؤ گوشت خرید کر شوربہ بنا لیا جاتا، بوٹیاں والد صاحب اور بڑے بھائی کے حصے میں آتیں اور شوربہ ہمارا مقدر بنتا۔ پھل تو کبھی خواب میں بھی ہم نے خرید کر نہیں کھایا تھا۔ ہمارے سکول کے ساتھ ایک وسیع و عریض باغ تھا جس میں ہم بھائی چوری چھپے پہنچ کر درخت پر چڑھ کر ریڈ بلڈ مالٹے، جامن اور شہتوت کھا لیا کرتے تھے، جیسے ہی مالی کی نظر ہم پڑتی تو وہ لاٹھی پکڑے ہمارے پیچھے دوڑتا، ہم اتنا تیزی سے دوڑتے کہ اس کے ہاتھ کبھی نہ آتے۔ میرے والد کی ڈیوٹی (بطور کیبن مین) جب رات بارہ سے صبح آٹھ بجے تک ہوا کرتی تھی تو والد صاحب رات بارہ بجے مجھے گہری نیند سے جگا کر سخت سردی میں بھی کیبن پر لے جایا کرتے تھے۔ اس کیبن کے قریب ہی ایک ریلوے پھاٹک تھا جس کے مغرب میں کھیت کھلیان ہی ہوا کرتے تھے اور مشرق میں شہر واقع تھا۔ اس پھاٹک کی چابی کیبن مین پاس ہوا کرتی تھی۔ صبح ہوتے ہی تربوزوں، طروں، خربوزوں اور سبزیوں سے بھری ہوئی بیل گاڑیاں قطار در قطار پھاٹک کھلنے کے انتظار میں کھڑی ہوتیں۔ والد صاحب گیٹ کی چابی مجھے دے کر پھاٹک کھولنے کے لیے بھیجتے تو میں چابی لگا کر گیٹ کھول دیتا۔ بیل گاڑیوں والے تحفے کے طور پر مجھے تربوز، خربوزے، کھیرے، طریں وغیرہ دے دیتے۔ بس وہی مفت میں ملنے والا پھل ہمارا مقدر بنتا۔ آجکل ہم جس کو غربت بولتے ہیں وہ درحقیقت لمبی چوڑی خواہشات کا پورا نہ ہونا ہے۔ سکول میں تختی پر (گاچی) لگانے کے پیسے نہ ہوتے تو مٹی سے کام چلا لیتے۔ سلیٹی کے پیسے نہ ہوتے تھے تو (بجری کا کنکر) استعمال کر لیا کرتے تھے۔ سکول کے کپڑے جو بنتے، وہی عید پر بھی پہن لیتے۔ اگر کسی شادی بیاہ کے لئے بامر مجبوری کپڑے بنانے بھی پڑتے تو سکول کلر کے ہی بناتے۔ کپڑے اگر پھٹ جاتے تو پیوند لگا کر پہنتے۔ جوتا اگر پھٹ جاتا تو موچی سے مرمت کروا لیتے۔ اس وقت گھروں میں کا تصور بھی نہیں تھا۔ میری والدہ نے تاروں کا ایک چھکا بنوایا ہوا تھا جس میں شام کا بچا ہوا سالن رکھ کے کپڑے سکھانے والی تار پر لٹکا دیا جاتا، کھانا تیار کرنے کے لئے ہر گھر میں لکڑیاں ہی جلائی جاتیں پھر لکڑیوں پر مٹی کا تیل ڈال کر آگ لگائی جاتی۔ آگ جلانے کے لئے بھی ہر گھر میں پھونکنی ہوا کرتی تھی اگر لکڑیاں گیلی ہوتیں تو پھونکیں مارنے والے کی آنکھیں سرخ ہو جاتیں۔ ہمارے گھر میں ہاتھ والی چکی پر آٹا پیسنے اور پھونکنی سے پھونکیں مارنے کی ڈیوٹی میری ہوا کرتی تھی۔ آج کی طرح ہر روز نہانے کا تصور نہیں تھا، کنویں سے پانی اٹھا کر لایا جاتا۔ کسی کے گھر میں باتھ روم نہیں ہوا کرتا تھا، رفع حاجت کے لئے قریبی کھیتوں کا رُخ کیا جاتا۔ سردیوں میں ریلوے کا اسٹیم انجن آتا تو ہمیں نہانے کے لئے گرم پانی ملتا۔ ان دنوں سرخ مرچیں پیسنا بھی مشکل ترین مرحلہ ہوا کرتا تھا، ہر گھر میں کونڈی اور ڈنڈا اس مقصد کے لئے استعمال ہوتا، ہمارے گھر میں مرچیں پیسنے کا کام میرے والد ہی کیا کرتے تھے، کیونکہ یہ مشکل ترین کام ہمارے بس کی بات نہیں تھی۔ گھر میں اگر کوئی مہمان آ جاتا تو کسی سے گھی، کسی سے مرچ، کسی سے نمک مانگ کر لائے جاتے تھے۔ آج تو سکول کے بچوں کے بھی دو یا تین یونیفارم ہوتے ہیں۔ آج اگر شادی پہ جانا ہو تو مہندی بارات اور ولیمے کے لئے الگ الگ کپڑے اور جوتے خریدے جاتے ہیں۔ ہمارے دور میں اچھا لباس پہننے والے کی جیب بھی خالی ہوا کرتی تھی۔ زبان پر پھر بھی غربت کا رونا نہیں ہوتا۔ پرانے وقتوں میں گھر میں بتی جلانے کے لئے اگر تیل نہ ہوتا تو روئی کو سرسوں کے تیل میں ڈبو کر روشن کر لیا جاتا۔ آج کل خواہشات کا پورا نہ ہونے کا نام غربت ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ ہم ناشکرے ہو چکے ہیں، اسی لئے ہمارے رزق سے برکتیں اٹھ گئی ہیں۔ پہلے معاشرتی اسٹیٹس کم و بیش سب کا ایک جیسا ہوتا تھا، باہمی پیار اور محبت بہت زیادہ تھی، مل جل کر رہنا اچھا لگتا تھا جبکہ آج کل ہر شخص تنہائی پسند ہو چکا ہے۔

☆☆☆☆

ڈاکٹر فخر عباس اور مسدود راستے

تحریر۔نسیم شاہد

سوچ رہا ہوں ہم کسی شاعر کو اس کی موت کے بعد ہی کیوں دریافت کرتے ہیں، اس سے مراد وہ شاعر ہیں جو کسی لابی اور گروپ سے بے نیاز ہو کر اپنے تخلیقی عمل کو جاری رکھتے ہیں، وہ ہماری یا اس ادبی اشرافیہ کی نظروں میں نہیں آتے جس نے تارِ عنکبوت کی طرح ادب کو جکڑ رکھا ہے جس میں اب بھی گروپ اور گروہ بندی کے حصار موجود ہیں اور کوئی باصلاحیت، منفرد اور شاعری یا نثر کی نئی جوت جگانے والا اپنی جگہ بنا ہی نہیں سکتا، گروہ بندی کے سلسلے بڑے شہروں سے لے کر تحصیل کی سطح تک دراز ہو چکے ہیں بلکہ یہ کہنا مناسب ہوگا کہ جس طرح مختلف تنظیموں کے ذیلی ونگ ہوتے ہیں، اسی طرح بڑے شہروں کے ادبی جگادروں نے نیچے تک اپنے چیلے چانٹے بنا لئے ہیں، تقریبات میں انہی کو دعوت نامے ملتے ہیں اور انہی کے نام کی پروجیکشن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ یہ باتیں مجھے منفرد لب و لہجے کے شاعر ڈاکٹر فخر عباس کی بے وقت موت پر یاد آئیں جس طرح ان کی وفات پر ملک اور بیرون ملک کے ادیب و شاعر دکھ اور غم کا اظہار کر رہے ہیں، اس سے اندازہ ہوتا ہے وہ ایک بڑا شاعر ہی نہیں بڑا انسان بھی تھا مگر سوال یہ ہے کہ ان کی بکھری ہوئی دانش کو تسلیم کیوں نہیں کیا گیا۔ کیوں زندگی میں وہ اس قد کاٹھ کے ساتھ سامنے نہیں آئے، جو ان کے جانے پر نمایاں ہو رہا ہے۔ یہ ایک المیہ ہے اور اس المیے کی جڑیں بہت گہری ہیں "مر گئے ہم تو زمانے نے بہت یاد کیا"...... ایک ایسا رویہ ہے جو ہماری جان نہیں چھوڑ رہا۔ ڈاکٹر فخر عباس جیسے نجانے کتنے ہیرے ان مسدود راستوں کی وجہ سے ابھر کر سامنے نہیں آ سکتے جو ادب کے مافیاؤں نے بند کر رکھے ہیں۔ میری ڈاکٹر فخر عباس سے صرف دو سرسری ملاقاتیں ہیں لیکن ان ملاقاتوں کا حاصل یہ ہے کہ وہ مجھے سراپا شاعر لگے، ان کے لہجے کی متانت، گداز پن، انکساری اور سادگی کا تاثر اب بھی میرے ذہن میں موجود ہے۔ میرا خیال ہے انہیں بہت پڑھا اور سنا جانا چاہیے تھا مگر ایسا نہیں ہو سکا۔ قومی سطح کے شاعروں میں انہیں نظر انداز کیا جاتا رہا، ان کے ساتھ کوئی بڑی ادبی تقریبات نہیں ہوئیں، وہ جن جن سے ملے آج انہیں اس کے جانے کا دلی صدمہ ہوا ہے، اس کا مطلب ہے ان کے اندر ایک ایسی کشش تھی جو ملنے والے کو اپنی طرف متوجہ کر لیتی تھی، ان کے اس شعر کی تو ہر طرف دھوم مچ گئی تھی۔

یہ جو لاہور سے محبت ہے
یہ کسی اور سے محبت ہے

لیکن اس غزل کا تو ہر شعر ان کے اعلیٰ معیار کی گواہی دے رہا ہے، اتنی سادگی سے تغزل کی انتہا کو چھو لینا۔ یہ ان کا ہی خاصا ہے یہ کومل لہجہ کہ ان کے ہاں ہر ہر شعر میں ملتا ہے۔ شاعر کو سنا جاتا رہے، اسے آگے بڑھنے کا موقع ملتا رہے تو اس کے اندر کی خوابیدہ صلاحیتیں بھی جاگ اٹھتی ہیں مگر میں سمجھتا ہوں، ڈاکٹر فخر عباس کو اس کا موقع نہیں ملا۔ یہاں کوئی ایسا خود کار نظام تو ہے نہیں کہ شاعروں کو پھلنے پھولنے کی فضا میسر آئے۔ یہاں تو پیمانہ بڑھ کر اٹھانے کی رسم موجود ہے جس کے لئے کئی بار اپنی انا اور خودداری کو بھی مارنا پڑتا ہے ایسے میں جو حساس شاعر ہوتے ہیں وہ چپ سادھ کے بیٹھ جاتے ہیں، کوئی انہیں بلائے تو چلے جاتے ہیں وگرنہ کاسہ اٹھا کے شاعروں کی خیرات نہیں مانگتے۔ مجھے لگتا ہے ڈاکٹر فخر عباس بھی ایسے ہی شاعر تھے۔ وہ جتنا بھی نام بنا گئے اپنی خود داری اور انا کو قربان نہیں ہونے دیا، ایسے حساس شاعر ہی درحقیقت معاشرے کا حقیقی سرمایہ ہوتے ہیں۔ میں نے ڈاکٹر فخر عباس کی جتنی بھی دستیاب غزلیں پڑھی ہیں، مجھے ان کی شاعری کے اس نرم و گداز پن نے متاثر کیا ہے جو آج کل کی کھردری شاعری کے زمانے میں بہت کم نظر آتا ہے۔ آج کل جو چیختی چنگھاڑتی شاعری، ڈرامائی انداز میں سنائی جاتی ہے اور داد لینے کے خبط میں حرکات و خرابات کا نیلام گھر سجایا جاتا ہے۔ ڈاکٹر فخر عباس کی شاعری اور انداز اس سے کوسوں دور ہیں۔ میں نے ان کا ایک ویڈیو کلپ دیکھا، جس میں وہ ایک رپورٹر کو اپنی مشہور غزل سناتے ہوئے مسکراہٹ کی سادگی کے ساتھ لہجے کی متانت کو برقرار رکھتے ہیں، جب آپ کے پاس کہنے کے لئے شعر ہو تو پھر آپ کو سٹیج آرٹسٹ بننے کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ اطمینان اس بات سے ہوا کہ ان کی رحلت کو ادبی دنیا میں ایک بڑے دکھ کے طور پر محسوس کیا گیا۔ وگرنہ یہاں بھی رسموں اور گروپ بندی کی دیواریں آڑے آ جاتی ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ڈاکٹر فخر عباس زندگی میں جس جس سے ملے اس کے دل میں اپنی جگہ بناتے چلے گئے۔ صرف یہی نہیں جس نے بھی ان کی شاعری سنی یا ان کے چہرے پر مسکراہٹ سے مستفید ہوا وہ ان کا ہو گیا۔ ایسا بہت کم ہوتا ہے۔ ڈاکٹر فخر عباس نے ابھی بہت جینا تھا۔ جواں سال تھے اور ان کی فیملی، دوستوں اور ادب کو بہت ضرورت تھی، مگر مشیت ایزدی کے فیصلے تو ماننے پڑتے ہیں ان سے مفر نہیں لیکن کیا ہمارا طرزِ عمل ایسا ہی رہنا چاہیے کہ قدرت ایک بے پناہ صلاحیتوں اور تخلیقی خوبیوں سے مالا مال شخص ہمارے درمیان اتارے اور ہم اس کی قدر کو اس کی وفات تک اٹھائے رکھیں۔ نہیں صاحب یہ تو صریحاً زیادتی ہے۔ ہمارے ملک میں ادبی ادارے اس لئے بنائے گئے تھے کہ وہ باصلاحیت لوگوں کو آگے لائیں گے، مگر افسوس ناک امر یہ ہے، وہ چند خاص افراد کی رکھیل بن کر صلاحیتوں کا گلا گھونٹتے ہیں، راستے بند کرتے ہیں اور ڈاکٹر فخر عباس جیسے شاعروں کو آگے نہیں آنے دیتے۔ اس رویے کا تبدیل ہونا ممکن نہیں۔ یہ ملک واقعی اندھے لوگوں کا ہے، ڈاکٹر فخر عباس جیسے چاند یہاں گہنا جاتے ہیں۔

☆☆☆☆

صدارتی نظام، مستحکم پاکستان، فیصلہ قوم کرے!

تحریر۔امتیاز وطنوال

پاکستان دنیا کی وہ واحد ایٹمی اور نظریاتی ریاست ہے جہاں 79 سال میں جمہوریت عوام کو بنیادی سہولیات دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی۔ 1947ء سے آج 2026ء تک ہم نے پارلیمانی نظام کے نام پر 18 عام انتخابات، چار مارشل لاء، 29 وزرائے اعظم اور سینکڑوں وزراء دیکھے۔ نتیجہ کیا نکلا؟ مہنگائی، بے روزگاری، کرپشن اور قرضوں کا انبار، اگر ہم آج بھی اس ناکام نظام کی پرورش کرتے رہے تو ہم اپنی آنے والی چھٹی اور ساتویں نسل کی تباہی اور بربادی کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ جمہوریت کا وعدہ تھا "روٹی، کپڑا، مکان، صحت، تعلیم اور روزگار"۔ لیکن عملی طور پر جمہوریت کے نام پر اندرون و بیرون ملک محلات تعمیر ہوئے، قومی دولت آف شور کمپنیوں اور بیرونی بینکوں میں منتقل کی گئی۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 2010ء سے 2023ء تک 200 ارب ڈالر سے زائد کی منی لانڈرنگ ہوئی۔ 79 سال میں عوام مظلوم سے محکوم بن گئے۔ ایک عام شہری تھانے میں انصاف کیلئے دھکے کھاتا ہے اور ایک سیاسی کارکن ایک فون کال پر کیس ختم کروا لیتا ہے۔ یہ سب کچھ "نامکمل جمہوریت" کے نام پر ہوا۔ تاریخی حقیقت یہ ہے کہ پاکستان اسلام کے نام پر آزاد ہوا۔ پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ۔ قائداعظم نے بھی کہا تھا کہ ہم مغرب کی اندھی تقلید نہیں کریں گے۔ اسلام مساوات، انصاف اور شوریٰ کا درس دیتا ہے لیکن انگریز کا پیدا کردہ "برٹش پارلیمانی نظام" نہ ہمارے مذہب سے ہم آہنگ ہے نہ ہماری معاشرت سے، اس نظام میں فیصلے دیر سے ہوتے ہیں، احتساب نہیں ہوتا، اور اقتدار چند خاندانوں تک محدود رہ جاتا ہے۔ دنیا کے کامیاب ممالک دیکھ لیں۔ امریکہ 248 سال سے صدارتی نظام پر ہے اور سپر پاور ہے۔ ترکی نے 2017ء میں صدارتی نظام اپنایا اور 5 سال میں مہنگائی کنٹرول کی۔ انڈونیشیا 27 کروڑ کی آبادی کے ساتھ صدارتی نظام سے دنیا کی 16ویں بڑی معیشت بن گیا۔ وہاں ایک براہ راست منتخب صدر ہوتا ہے جو 5 سال کیلئے جوابدہ ہوتا ہے۔ فیصلے فوری ہوتے ہیں اور پالیسیوں میں تسلسل رہتا ہے۔ پاکستان کو اب سخت فیصلہ کرنا ہوگا۔ ہمیں پارلیمانی نظام سے نکل کر صدارتی نظام کی طرف آنا ہوگا۔ یہ بقا کا معاملہ ہے۔

صدارتی نظام کی 4 بنیادی خوبیاں ہیں: مضبوط قیادت: عوام براہ راست صدر کا انتخاب کریں گے۔ صدر کو 1+50% ووٹ لینا ہوگا اس لیے وہ پورے پاکستان کا لیڈر بنے گا۔ جلد فیصلے: کابینہ صدر کے ماتحت ہوگی، ایک دستخط سے پالیسی نافذ ہوگی۔ فائلیں مہینوں نہیں لٹکیں گی۔ مکمل جوابدہی: صدر براہ راست 24 کروڑ عوام کو جوابدہ ہوگا۔ کارکردگی نہ ہوئی تو اگلے الیکشن میں گھر۔ استحکام: پانچ سالہ مدت میں حکومتیں نہیں گریں گی۔ سرمایہ کار کو اعتماد ملے گا اور معیشت چلے گی۔ انتظامی ڈھانچہ کی نئی تجویز: پاکستان بہت بڑا ملک ہے۔ اس لیے اختیارات کو ڈویژن کی سطح تک منتقل کیا جائے۔ جنوبی پنجاب، ہزارہ، بہاولپور، سرائیکی، پشاور، کوئٹہ، حیدر آباد کو صوبے کا درجہ دیا جائے۔ اور سب سے اہم نکتہ: ہر ڈویژن کا گورنر مرکزی شوریٰ کا رکن ہوگا۔ اس طرح وفاق اور صوبوں کے درمیان رابطہ براہ راست ہوگا۔ ڈویژن کی سطح پر بجٹ، ترقی اور انصاف کے فیصلے وہیں ہوں گے۔ پارلیمنٹ کے حوالے سے اصولی موقف: موجودہ پارلیمنٹ کا وجود مکمل طور پر ختم کیا جائے۔ اس کی جگہ "مرکزی شوریٰ" قائم ہو جس میں شامل ہوں: صدر پاکستان بطور چیئرمین 2 تمام صوبوں اور ڈویژنز کے گورنرز بطور ارکان 30 فی صد ٹیکنو کریٹ ماہرین معیشت، قانون، خارجہ پالیسی۔ یہ شوریٰ قانون سازی اور پالیسی کی منظوری دے گی لیکن انتظامی اختیار صرف صدر اور اس کی کابینہ کے پاس ہوگا، اس طرح قانون سازی اور عملداری الگ الگ ہو جائیں گی۔ اب ہم "پاکستان اسٹیبلٹی فارمولا" وضع کرتے ہیں: فارمولا = صدارتی نظام + ڈویژنل صوبے + مرکزی شوریٰ + آزاد احتساب + ٹیکنو کریٹ کابینہ۔ اس فارمولے کے تحت صدر منتخب ہوگا۔ وہ اپنی کابینہ میں 70% ٹیکنو کریٹ لے گا یعنی ڈاکٹر، انجینئر، ماہر معیشت۔ سیاستدان شوریٰ میں بیٹھ کر قانون بنائیں گے لیکن حکومت نہیں چلائیں گے۔ احتساب کا ادارہ مکمل خود مختار ہوگا جو صدر سے لے کر کلرک تک سب کا احتساب کرے گا۔ یاد رکھیں قومیں نظام سے بنتی ہیں نعروں سے نہیں۔ 79 سال میں ہم نے دیکھا کہ جب بھی کوئی اچھی پالیسی آئی تو اگلی حکومت نے اسے بدل دیا۔ اس عدم استحکام کی جڑ پارلیمانی نظام ہے۔ کچھ لوگ کہیں گے کہ صدارتی نظام آمریت ہے۔ یہ غلط ہے۔ آمریت کا تعلق نیت سے ہے نظام سے نہیں۔ اگر صدر براہ راست منتخب ہو، 5 سال بعد جوابدہ ہو، میڈیا آزاد ہو، عدلیہ آزاد ہو، شوریٰ قانون بنائے تو وہ آمریت کیسے ہوئی؟ اصل آمریت تو یہ ہے کہ 200 لوگوں کا گروہ پوری قوم کے مستقبل کا فیصلہ کرے۔ یہ بحث بہت لمبی ہے اور فیصلہ اب قوم نے کرنا ہے۔ جمہوریت کا 79 سالہ تجربہ کافی ہے۔ اب صدارتی نظام، مستحکم پاکستان کی ضمانت ہے۔ پاکستان زندہ باد۔

☆☆☆☆

رنج کی جب گفتگو ہونے لگی

تحریر۔شاہد ملک

دوسرا مصرع ہے: 'آپ سے تم، تم سے تُو ہونے لگی'۔ ہے تو یہ بے تکلفی کا اشارہ لیکن عمر میں چھوٹے ایک دوست پچھلے ہفتے فون پر 'آپ' کی بجائے 'تم' کہہ گئے تو حقارت کا احساس ہوا۔ مدت سے ہر چھوٹے بڑے کو باعزت لہجے میں پکارنے کی عادت ہے، جس پر ایک چودھری ٹائپ دوست نے ڈانٹا بھی تھا کہ تم کیا کمی کمینوں کی طرح ہر وقت 'جی جی' کرتے رہتے ہو۔ 'جی جی' کرنے کی عادت کب پڑی اور کیوں؟ بچپن میں ہماری بات چیت کا انداز وہی سمجھ لیں جو شہری آبادی کے متوسط گھرانوں میں ہوا کرتا ہے۔ تعظیم کے لیے واحد کی جگہ کبھی کبھار جمع کا صیغہ بھی استعمال کر لیتے، جسے 'جمع تکریمی' کہتے ہیں۔ البتہ کالج میں قدم رکھنے کی دیر تھی کہ ابا ٹائپ رویہ اپنانے کو جی چاہنے لگا۔ پیدائشی لیڈر شوکت نواز کی مستقل ہدایت تھی کہ "مجھے دوسروں کے سامنے شوکت نہ کہنا، سردار صاحب کہنا"۔ رفتہ رفتہ حسن اختر، محمد اکرم اور جاوید اسٹیلیٹ بھی راجہ صاحب، قریشی صاحب اور خاں صاحب کے طور پر جانے گئے۔ یوں آپ جناب کی اس عادت کے پیچھے بڑوں جیسی تمکنت کی خواہش تو تھی ہی، خود میرے دل میں اسٹوڈنٹس یونین کے الیکشن کے لیے ووٹ پکے کرنے کا جذبہ بھی عود کر آیا۔ زبان و ادب کے استاد اور ایم اے او کالج لاہور کے مرحوم پرنسپل طاہر یوسف بخاری بتایا کرتے تھے کہ وسطی پنجاب کی روزمرہ میں صیغہ تکریمی کی روایت زیادہ پرانی نہیں۔ منفرد محقق شریف صابر سے 'ہیر وارث شاہ' سبقاً سبقاً پڑھنے والے طاہر بخاری کی بات اس لیے سچی ہے کہ وہ ہمارے شہر و دیہات کی مکالماتی زبان میں آنے والی تبدیلیوں پر مسلسل نظر رکھے ہوئے تھے۔ مجھے بھی وہ زمانہ یاد ہے جب ہم دادی کی والدہ کو بے بے کہہ کر بلاتے اور 'تو نہ' کا صیغہ استعمال کرتے۔ ایک روز 'تسیں' کہہ دیا تو بے بے سے سننا پڑا تھا کہ "ایہہ بال شہری بولی بولدے نیں"۔

طاہر بخاری کی ریسرچ کو آگے بڑھانے میں ہلکا سا رسک بھی ہے۔ رسک ان معنوں میں کہ کہیں کوئی ہتھ چھٹ لاہوری دانشور میرے خوش دلانہ مشاہدے کو ملک کے سب سے بڑے صوبے کی توہین سمجھ کر مخالفانہ دھرنے کا اعلان نہ کر دے۔ در اصل پنجابی میں جمع تکریمی کا سوال کئی اور معاملوں سے بھی منسلک ہے۔ جیسے یہی کہ ہم کسی خاتون کو عزت دینے کی خاطر جب واحد کو جمع میں بدلتے ہیں تو ساتھ ہی زبان کی حد تک خاتون کی صنف بھی بدل دی جاتی ہے۔ 1970 کی دہائی میں یارِ عزیز قاضی آفاق حسین مرحوم اور میں گورنمنٹ کالج لاہور میں صبح م کلاس پڑھانے کے لیے پروفیسرز روم کی راہداری سے گزرتے تو پولیٹیکل سائنس کی سینئر استاد پروین شوکت علی کو دیکھ کر منہ سے 'سلام علیکم ڈاکٹر صاحب' ہی نکلتا۔ وہ جواب میں ہمیں 'پروفیسر صاحب' کہتیں۔ وسطی پنجاب میں کالج یونیورسٹی، اسپتال یا سرکاری دفتر کا چکر لگائیں یا کسی گھر کی دیوار سے کان لگا کر کچھ سنیں، تاثر یہی ملے گا کہ عزت دینے کی خاطر جمع کا صیغہ محض مردوں کے لیے ہے، اگر گرائمر کی مدد سے عورت کی عزت کرنا چاہتے ہو تو پہلے اُسے مرد کا درجہ دو۔ چنانچہ ابھی تک خواتین کے عہدے کے ساتھ صاحب کا لاحقہ ہی سننے کو ملا۔ جیسے "ڈاکٹر صاحب آ گئے نیں۔ پرنسپل صاحب چھٹی تے نیں۔ امی جی کل پنڈی سن"۔ کہیں کہیں ایسے خدا ترس مرد بھی دیکھے جو جمع تکریمی میں مونث مذکر کا خیال رکھتے ہیں: "ڈائریکٹر جنرل صاحبہ اج ڈیوٹی تے پہنچ جان گیاں"۔ پر یہ نمونہ کلام ہماری پنجابی میں اوپرا اوپرا سا لگتا ہے۔ تو کیا لوگوں کی عزت کرنے یا نہ کرنے کا ساختیاتی مسئلہ فقط پنجابی زبان سے وابستہ ہے؟ زاویہ بدل کر دیکھیں تو اردو میں بھی ادب آداب کے پیرائے آپ کو مزہ دیں گے۔ واہ کینٹ میں رہتے ہوئے والد کے رامپوری، مراد آبادی اور شاہجہانپوری دوستوں سے گلوری منہ میں سیٹ کر کے پان کی پیک خارج کیے بغیر مکالمہ جاری رکھنے کا طریقہ سیکھا تھا۔ ساتھ ہی چند اور تہذیبی حربے۔ ایک تو یہی کہ سلام کے بدلے 'علیکم السلام' کہنا چاہیے جس میں حفظ مراتب کا کوئی تنازعہ نہیں اٹھتا۔ ہاں، اگر آداب کہا جائے تو جواب میں مکتوب الیہ کی سینیارٹی ڈسٹرب ہو سکتی ہے۔ اسی لیے اپنے برابر والوں کو جواب میں بھی آداب ہی کہیں گے، لیکن اپنے سے چھوٹوں کے لیے 'جیتے رہو' یا 'جیتی رہو'۔ یہاں پہنچ کر یہ نہ سمجھیے کہ مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ پتا تو تب چلے گا کہ ایک لاہوری دوست کے بقول "جدوں میں شیشے نوں آئینہ کہواں گا"۔

یہ آخری نکتہ آپ کی سمجھ میں نہ آئے تو اس کا صرف یہ مطلب ہے کہ آپ نے بیالیس، تینتالیس سال پہلے بی بی سی اردو سروس میں کام نہیں کیا۔ (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 69)

انڈیپنڈنٹ پینل کی جانب سے سپریم کورٹ بارایسوسی ایشن کی انتخابی مہم کے سلسلے میں دیئے گئے عشائیہ کے شرکاء سے خلیل احمد پانیزئی، سید امجد شاہ، ایم عارف اعوان، جاڑین بلوچ، اونگزیب کاکڑ، عبداللہ خان کاکڑ، قاری رحمت اللہ، امان اللہ بڑے زئی، خالد کبدانی، ملک منیر کاکڑ، مصور آغا، اسد اچکزئی ملک امین اللہ کاکڑ عبدالستار شیرانی اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

ریاستی ادارے عوام کے تحفظ کیلئے متحرک ہیں' ظہور احمد بلیدی

صوبے کو سرمایہ کاری اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے حکومت اپنی کوششیں جاری رکھے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی ظہور احمد بلیدی نے چاغی کے علاقے نوکچہ اور پشین کے زیارت کراس میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ پیش رفت اس امر کا ثبوت ہے کہ ریاستی ادارے بلوچستان میں بدامنی پھیلانے کی کوششوں پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں ترقیاتی عمل، معاشی سرگرمیوں اور معمولاتِ زندگی کو برقرار رکھنے کے لیے محفوظ ماحول بنیادی ضرورت ہے۔ امن کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیوں کے خلاف بروقت اقدامات نہ صرف عوام کے تحفظ بلکہ بلوچستان کے مستقبل کے لیے بھی انتہائی اہم ہیں۔ظہور احمد بلیدی کا کہنا تھا کہ چند عناصر تشدد اور خوف کے ذریعے صوبے کے عوام کو یرغمال بنانے کی سوچ رکھتے ہیں، تاہم بلوچستان کے باشعور شہری ایسی کارروائیوں کے سامنے نہیں جھکیں گے۔ عوام نے ہمیشہ امن اور استحکام کو ترجیح دی ہے اور حکومت بھی اسی سمت میں اپنی پالیسیوں کو آگے بڑھا رہی ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں سے یہ واضح پیغام جاتا ہے کہ ریاستی ادارے عوام کے تحفظ کے معاملے میں پوری طرح متحرک ہیں۔ قانون شکنی میں ملوث افراد کے خلاف قانونی دائرے میں رہتے ہوئے کارروائی کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی شاہراہیں اور مواصلاتی راستے صوبے کی معاشی سرگرمیوں میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ محفوظ شاہراہیں تجارت، آمدورفت اور ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی کے لیے ناگزیر ہیں۔

غیر برانڈڈ بچوں کے فارمولا دودھ کی فروخت کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب اور اسپیشل مجسٹریٹ (سریاب) مصور احمد اچکزئی، اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ نے فوڈ اتھارٹی اور پولیس کے ہمراہ سرکی روڈ اڈہ پر غیر برانڈڈ بچوں کے فارمولا دودھ کی فروخت کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران 15 ہول سیل دکانوں کا معائنہ کیا گیا، جبکہ 2 افراد کو گرفتار، 4 دکانیں سیل اور غیر قانونی پاؤڈر دودھ ضبط کیا گیا۔ضبط شدہ دودھ کا حتمی وزن محکمہ خوراک کی جانب سے تصدیق کے بعد جاری کیا جائے گا۔انتظامیہ نے دکانداروں کو فوڈ سیفٹی قوانین پر عملدرآمد اور غیر برانڈڈ مصنوعات کی فروخت سے گریز کی ہدایت کی۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کا اجلاس

تحفظ ناموس رسالت کے قانون میں کسی قسم کی ترمیم کی اجازت نہیں دی جائیگی

کوئٹہ (آن لائن) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کا اجلاس جس کی صدارت امیر مفتی محمد احمد نے کی اجلاس میں سرپرست اعلیٰ مولانا حافظ حسین احمد شرودی، ناظم تبلیغ مفتی عزیز الرحمٰن، ناظم نشرواشاعت مولانا عطاالرحمٰن رحیمی، ناظم اعلیٰ حاجی خلیل الرحمٰن، نائب ناظم اعلیٰ عتیق الرحمٰن بھٹی، مبلغ مولانا عنایت اللہ، نائب امیر مولانا عبدالرزاق، قاری سردار، مولانا نعمت اللہ، مولانا شاہ محمد آغا، مولانا حکمت اللہ، حاجی افتخار بابر، نائب خازن سید حاجی عنایت اللہ آغا، حاجی حزب اللہ آغا، حاجی عارف بھٹی، حاجی محمد رمضان، حاجی عبدالاحد، صدرالدین آغا و دیگر نے شرکت کی مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ختم نبوت کے عقیدے کا تحفظ ایمان کا حصہ ہے جس پر کسی قسم کا سمجھوتہ ممکن نہیں تحفظ ناموس رسالت کے قانون میں کسی قسم کی ترمیم کی اجازت نہیں دی جائیگی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے ہرسال کی طرح 7 ستمبر کو "یوم تحفظ ختم نبوت "منایا جائے گا یہ وہ تاریخی دن ہے جب 1974 میں پاکستان کی پارلیمنٹ نے قادیانیوں کو آئینی طور پر غیر مسلم اقلیت قرار دیا عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام 7 ستمبر کو کوئٹہ میں عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا جائے گا ریلی عصر کو میزان چوک سے روانہ ہوکر پریس کلب پر اختتام پذیر ہوگی عوام سے شرکت کی اپیل کی گئی۔

چمن' کھاد کے ڈیلرز اور دکانداروں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری

چمن (خ ن) چمن میں بغیر لائسنس کھاد کی خرید و فروخت کے خلاف محکمہ زراعت کی کارروائیاں شروع حکومت بلوچستان کی جانب سے بغیر لائسنس کھاد کی خرید وفروخت پر عائد پابندی کے تحت محکمہ زراعت ضلع چمن نے خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف کارروائیوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔محکمہ زراعت چمن کی جانب سے کھاد کے ڈیلرز اور دکانداروں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ انہیں حکومت کی جانب سے مقرر کردہ قوانین اور ضوابط پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات دی جا رہی ہیں۔محکمہ زراعت کے حکام نے واضح کیا ہے کہ بغیر لائسنس کھاد کی خرید و فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔محکمہ زراعت چمن نے تمام متعلقہ کاروباری افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے لائسنس حاصل کریں اور حکومتی احکامات پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

حکومت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے' مینا مجید بلوچ

ریاستی رٹ کے استحکام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے بلوچستان کے مختلف علاقوں، جن میں نوکچہ، چاغی، زیارت کراس اور پشین شامل ہیں، میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کیے گئے کامیاب آپریشنز کے دوران فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے 21 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔محترمہ مینا مجید بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت، بہادری، جرات اور بروقت کارروائی کے ذریعے دہشتگرد عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا ہے۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ ملک دشمن عناصر کے خلاف ریاستی ادارے پوری قوت، عزم اور قومی جذبے کے ساتھ برسر پیکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد پاکستان کے امن، استحکام، ترقی اور قومی سلامتی کے دشمن ہیں، جو معصوم شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں اور ریاستی اداروں کو نشانہ بنا کر ملک میں خوف و ہراس پھیلانا چاہتے ہیں۔ ایسے عناصر کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان نے دہشتگرد حملے کے نتیجے میں کسٹمز کے دو افسران اور ایک اہلکار سمیت 6 بہادر جوانوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع، امن و سلامتی اور دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے شہداء قوم کے حقیقی ہیرو ہیں۔ ان کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جاسکتیں اور نہ ہی دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہمارے بہادر جوانوں کی عظیم قربانیاں رائیگاں جائیں گی۔مینا مجید بلوچ نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم غم کی اس گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ پوری قوم ان خاندانوں کے دکھ اور قربانی کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔شہداء کے اہل خانہ نے اپنے پیاروں کی قربانی دے کر ملک وقوم کے لیے جو عظیم مثال قائم کی ہے، وہ ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ صرف سیکیورٹی فورسز کی جنگ نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ جدوجہد ہے۔

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری سے ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی جہانگیر زہری ملاقات کر رہے ہیں

صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے بچوں کا صحت مند ہونا ناگزیر ہے' عائشہ زہری

پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی غفلت اور لاپروائی ہرگز قابل قبول نہیں ہوگی' ڈی سی قلات

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی زیر صدارت آئندہ ضلعی پولیو مہم سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر قلات اسد سالانی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر (DPO) ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر مجتبیٰ باجوئی، محکمہ صحت کے ذمہ دار افسران، ڈبلیو ایچ او کے نمائندگان اور دیگر تمام محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کی تیاریوں، انتظامات، ٹیموں کی تشکیل، مانیٹرنگ اور دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر ڈبلیو ایچ او کے ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر مجتبیٰ باجوئی نے آئندہ پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پولیو مہم 21 ستمبر 2026 سے 24 ستمبر 2026 تک چار روز جاری رہے گی۔مہم کے دوران ضلع قلات کی دو تحصیلوں کی 19 یونین کونسلز میں 40,269 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ پولیو ٹیمیں گھر گھر جاکر پیدائش سے لے کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ایک موذی اور خطرناک مرض ہے، جس سے بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا انتہائی ضروری ہے۔صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے بچوں کا صحت مند ہونا ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیو سے پاک معاشرے کے قیام کے لیے ہم سب کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس سلسلے میں عوام میں شعور و آگاہی اجاگر کرنا انتہائی ضروری ہے۔ علاقے کے خطباء، علمائے کرام، صحافی برادری، شعراء اور ادباء عوام میں پولیو سے بچاؤ کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے مانیٹرنگ ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دیں۔

براہوئی اکیڈمی کی جانب سے گورنمنٹ ڈگری کالج بروری روڈ کو براہوئی ادبی کتب کا تحفہ

کوئٹہ (آن لائن) براہوئی زبان وادب کے فروغ اور نئی نسل کو اپنی مادری زبان سے مربوط کرنے کی خاطر براہوئی اکیڈمی کوئٹہ کی جانب سے آج یکم ستمبر 2026 گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج بروری روڈ کو براہوئی زبان کے ممتاز شاعر و ادیب فتح محمد شاد لہڑی کی تازہ ترین تصنیف "ہتم نارنگاک " کی کتب بطور تحفہ پیش کی گئیں۔عطیہ کردہ کتابیں کالج کے پرنسپل پروفیسر محمد یوسف بلوچ، پروفیسر شیر محمد سرپرہ اور لائبریرین باسط دہوار نے ایف اے براہوئی، فرسٹ ایئر کے طلبا میں مفت تقسیم کیں۔اس موقع پر پرنسپل پروفیسر محمد یوسف بلوچ نے اظہار خیال کرتے ہوئے براہوئی اکیڈمی کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ زبان وادب کے فروغ، تحقیق وترویج اور علمی وادبی کتب کی اشاعت کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہی ہے۔ بالخصوص براہوئی کتابوں کی اشاعت، ادیبوں وشعرا کی حوصلہ افزائی اور نئی نسل کو مادری زبان سے جوڑنے کی کوششیں قابل تحسین اور لائق تقلید ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں میں براہوئی زبان وادب کی کتب کی فراہمی ایک خوش آئند قدم ہے۔ اس سے نہ صرف طلبا میں مطالعے کا شوق پیدا ہوگا بلکہ ہماری مادری زبان کے علمی وادبی سرمائے سے وابستگی بھی مزید مستحکم ہوگی۔

تاجروں کے کاروبار بند کرنا کسی صورت مناسب نہیں، ترجمان جمعیت

نیو بلوچستان موبائل شاپ کو سیل کرنے کے اقدام سے تشویش پیدا ہوئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے لیاقت بازار میں نیو بلوچستان موبائل شاپ کو ڈپٹی کمشنر کی جانب سے سیل کیے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں پہلے ہی کاروباری طبقہ شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہے، ایسے حالات میں تاجروں کے کاروبار بند کرنا اور انہیں مزید پریشانیوں میں مبتلا کرنا کسی صورت مناسب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کو چاہیے کہ تاجروں کے ساتھ سخت گیر رویے کے بجائے افہام وتفہیم، مشاورت اور مذاکرات کا راستہ اختیار کرے، تاکہ مسائل خوش اسلوبی سے حل کیے جا سکیں۔ نیو بلوچستان موبائل شاپ کو سیل کرنے کے اقدام سے تاجر برادری میں بے چینی اور تشویش پیدا ہوئی ہے، جس کا فوری ازالہ ضروری ہے۔ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے مطالبہ کیا کہ مذکورہ دکان کو فوری طور پر ڈی سیل کیا جائے۔

عبدالقدوس اچکزئی کی زیرِصدارت انسدادِ پولیو مہم کے سلسلے میں ڈی پیک کا اجلاس

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو مہم کے سلسلے میں ڈی پیک کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر شیر شاہ غلزئی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر رفیق احمد مستوئی، ڈسٹرکٹ پولیو افسر ڈاکٹر شہباز ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر شہباز اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ زیارت میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر کو شروع ہوگی اور 24 ستمبر کو اختتام پذیر ہوگی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ انسداد پولیو مہم ایک قومی مہم ہے اور اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس سلسلے میں میڈیا اور سول سوسائٹی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پولیو فری پاکستان ہمارا وژن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک بھی بچہ پولیو کے قطروں سے رہ گیا تو یہ مہم کامیاب نہیں ہوگی۔ والدین کی بھی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ پانچ سال تک کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلائیں اور اپنے پھول جیسے بچوں کو معذوری سے بچائیں۔

ڈپٹی کمشنر کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اجلاس

مؤثر نگرانی بروقت رپورٹنگ اور ہر بچے تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے' رمضان پلال

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں آئندہ قومی انسدادِ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے جاری تیاریوں انتظامات اور مختلف محکموں کی ذمہ داریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی ڈاکٹر خلیل مستوئی، عالمی ادارہ صحت (WHO) کے ڈی پی او این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر ناصر کاکڑ سمیت محکمہ صحت ضلعی انتظامیہ پولیس اور دیگر متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی اجلاس کے دوران گزشتہ پولیو مہم کے نتائج درپیش مسائل، ٹیموں کی کارکردگی بچوں کی کوریج رہ جانے والے بچوں کی نشاندہی اور فیلڈ میں پیش آنے والی مشکلات کا بھی جائزہ لیا گیا جبکہ آئندہ مہم کے دوران مزید مؤثر حکمت عملی اختیار کرنے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا اجلاس کو آئندہ قومی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے مائیکرو پلانز، پولیو ٹیموں کی تشکیل، تربیت فیلڈ مانیٹرنگ سیکیورٹی انتظامات ٹرانسپورٹ حساس علاقوں کی نشاندہی ٹیموں کی رسائی اور بچوں کی سو فیصد کوریج کے سلسلے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ قومی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط اور مؤثر انداز میں کام کرنا ہوگا انہوں نے ہدایت کی کہ پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں فیلڈ ورکرز اور دیگر متعلقہ عملے کی حفاظت کے لیے جامع اور مؤثر سیکیورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں تاکہ ٹیمیں بلاخوف وخطر اپنی ذمہ داریاں انجام دے سکیں۔



مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، مولانا انوار الحق حقانی، سعداللہ اچکزئی، گلزار احمد کاکڑ، آغا جان درویش، حبیب کاکڑ تھانہ روڈ پر گلوبل شوز کے افتتاح کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر قلات کا دستکاری سینٹر سمال انڈسٹریز خیل کا دورہ

کورسز سمیت سینٹر میں جاری فنی تربیتی پروگرامز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے دستکاری سینٹر سمال انڈسٹریز خیل کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سینٹر میں اسٹاف کی حاضری، ٹیکنیکل و نان ٹیکنیکل اسٹاف کی تعداد، تربیت حاصل کرنے والی طالبات کی تعداد، ویونگ سیکشن، اسٹاف روم اور دیگر شعبوں کا بغور جائزہ لیا۔ دستکاری سینٹر کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر حاجی صالح محمد اور اسسٹنٹ مینیجر عبدالفتاح نے ڈپٹی کمشنر کو سینٹر کا تفصیلی دورہ کرایا اور انہیں کشیدہ کاری، ٹیلرنگ اور کارپٹنگ کے کورسز سمیت سینٹر میں جاری فنی تربیتی پروگرامز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے تربیت حاصل کرنے والی طالبات سے ملاقات کی اور ان کے مسائل دریافت کیے۔ ٹرینیز نے ڈپٹی کمشنر کو جاری کورسز، تربیتی سہولیات اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ طالبات نے گزشتہ دو سال سے وظائف کی بندش کے مسئلے سے بھی ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔طالبات نے ڈپٹی کمشنر کو سینٹر میں تیار کردہ روایتی چادر بھی پہنائی۔ ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے دستکاری سینٹر سمال انڈسٹریز کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین معاشرے کا اہم اور فعال حصہ ہیں، ان کی فلاح و بہبود، تعلیم، فنی تربیت، ہنرمندی اور معاشی خودمختاری کے لیے مؤثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔انہوں نے کہا کہ خواتین کو فنی تربیت اور ہنر کے مواقع فراہم کرکے انہیں باعزت روزگار کے حصول اور اپنے خاندان کی معاشی بہتری میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جا سکتا ہے۔ دستکاری سینٹر جیسے ادارے خواتین کو روایتی ہنر سیکھنے، اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے اور تیار کردہ مصنوعات کو مارکیٹ تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

کوئٹہ' منوجان روڈ کی رہائشی امام زادی پریس کانفرنس کر رہی ہیں

ضلع کوہستان مری میں سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی قلت

کوہستان مری (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی قلت کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال سمیت دیگر مراکزِ صحت میں ضروری ادویات کی عدم دستیابی سے غریب مریض پریشان ہیں اور انہیں علاج کے لیے ادویات بازار سے مہنگے داموں خریدنا پڑ رہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں اور ان کے لواحقین کا کہنا ہے کہ سرکاری سطح پر مفت ادویات کی فراہمی نہ ہونے کے باعث انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ضروری ادویات کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے اور ادویات کی قلت کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔ عوامی حلقوں نے صوبائی حکومت اور محکمہ صحت کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال سمیت تحصیل سطح کے مراکزِ صحت میں ادویات کی دستیابی، اسٹاک اور تقسیم کے نظام کی نگرانی کی جائے تاکہ مریضوں کو علاج کی بنیادی سہولیات میسر آسکیں۔

ہر سائل اور شہری کو عزت و احترام دیتے ہیں' ایس پی ہرنائی

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیاں مزید مؤثر اور تیز کی جائیں گی

ہرنائی (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ہرنائی کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ضلعی صدر یاسین خان ترین کی قیادت میں ایس پی پولیس ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جلکھرانی سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع بھر میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، چوری و ڈکیتی کی روک تھام، منشیات کے مکمل خاتمے اور عوام کو درپیش دیگر بنیادی مسائل پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر یاسین خان ترین، سینئر نائب صدر جنت گل ترین، پیپلز یوتھ کے ضلعی جنرل سیکرٹری ملک خدائیداد خان، اور میڈیا کوآرڈینیٹر حفیظ ترین و تاج محمد نے ایس پی پولیس کو علاقے کے امن وامان اور عوامی تشویش سے متعلق امور سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ضلعی صدر یاسین خان ترین اور میڈیا کوآرڈینیٹر حفیظ ترین نے ایس پی ہرنائی کی حسن اخلاق اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ یاسین خان ترین نے کہا کہ ایس پی پولیس انجینئر عبدالحفیظ جلکھرانی نے نہ صرف وفد کی بات انتہائی غور اور تحمل سے سنی بلکہ ان کو کامل احترام بھی دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایس پی پولیس ہرنائی کا یہ طرز عمل ان کی شریف النفس، بااخلاق اور عوام دوست شخصیت کا منہ بولتا ثبوت ہے، کیونکہ وہ اپنے دفتر آنے والے ہر سائل اور شہری کو عزت و احترام دیتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایس پی پولیس انجینئر عبدالحفیظ جلکھرانی کی متحرک قیادت میں ضلع ہرنائی میں امن وامان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی۔

میر جان محمد جمالی کی رکن اسمبلی میر غلام دستگیر بادینی کے والد کی وفات پر تعزیت

اوستہ محمد (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی میر غلام دستگیر بادینی کے والد حاجی میر جمعہ خان بادینی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔میر جان محمد خان جمالی نے میر غلام دستگیر بادینی اور دیگر اہل خانہ سے دلی تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور درجات کی بلندی کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ میر جمعہ خان بادینی ایک بزرگ، قبائلی اور سماجی شخصیت تھے، ان کی وفات اہل علاقہ اور لواحقین کے لیے بڑا صدمہ ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

پولیو ایک خطرناک اور لاعلاج مرض ہے' ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

کم عمر بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس گزشتہ پولیو مہم کی کارکردگی اور آئندہ مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ صحت ضلعی انتظامیہ پولیس پی پی ایچ آئی عالمی ادارہ صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی اجلاس کے دوران گزشتہ پولیو مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل مشکلات اور مختلف علاقوں میں ٹیموں کو درپیش چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر پولیو ٹیموں کی کارکردگی بچوں کی کوریج رہ جانے والے بچوں انکاری والدین، مائیکرو پلاننگ، ٹیموں کی نقل و حرکت، سیکیورٹی انتظامات اور مہم کے دوران سامنے آنے والی دیگر رکاوٹوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کو مزید مؤثر منظم اور کامیاب بنانے کے لیے جامع حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم سے قبل تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جائے اور مائیکرو پلانز کو زمینی حقائق کے مطابق مرتب کرتے ہوئے ہر یونین کونسل اور دور دراز علاقے میں پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں تک رسائی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور لاعلاج مرض ہے، تاہم مؤثر حفاظتی اقدامات اور ویکسین کے ذریعے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے۔

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت اجلاس

ٹیموں کی نگرانی مزید مؤثر بنانے اور سیکیورٹی انتظامات کو مضبوط رکھنے پر اتفاق

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت ضلع چمن میں جاری خصوصی انسدادِ پولیو مہم (OPV-FIPV) کے دوسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے شام کا ریویو اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اویس، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر رشید اچکزئی، این اسٹاف آفیسر اسد صافی، محکمہ صحت کے ٹیکنیکل فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو پروگرام ڈاکٹر نجیب، ٹی وی آئی ضلع چمن کے سربراہ محمد علی اچکزئی، پولیو آفیسر ڈاکٹر نادر اچکزئی، ضلعی کمیونیکیشن آفیسر اشرف اچکزئی، ڈاکٹر امین سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پولیو ٹیموں کی مجموعی کارکردگی، کوریج، بچوں تک رسائی، فنگر مارکنگ، ہاؤس مارکنگ، سیکیورٹی صورتحال، فیلڈ میں درپیش چیلنجز، مس شدہ بچوں کی وجوہات اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو مہم کی پیش رفت، درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ خصوصی انسدادِ پولیو مہم کے دوران اسکولوں و مدارس میں داخل 5 سے 10 سال تک کی عمر کے بچوں کو بھی خصوصی FIPV ویکسین اور پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا عمل جاری ہے تاکہ بچوں کو پولیو کے موذی مرض سے مؤثر تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے ہدایت کی کہ مہم کے دوران کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے اور FIPV ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیموں کی مسلسل نگرانی، مؤثر مائیکرو پلاننگ، اسکولوں اور دیگر مقررہ مقامات پر بچوں کی مکمل کوریج، سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مربوط رابطے اور والدین کے بھرپور تعاون کے ذریعے مہم کو کامیاب بنایا جائے۔ اجلاس میں آئندہ دنوں کی حکمت عملی، مشکل علاقوں تک مؤثر رسائی، مس شدہ بچوں کی فوری کوریج، اسکولوں میں 5 سے 10 سال تک کے بچوں کی ویکسینیشن، ٹیموں کی نگرانی مزید مؤثر بنانے اور سیکیورٹی انتظامات کو مضبوط رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

درخواست گزار عبدالمنان کو گیس کے بل پر 43000 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالمنان کو گیس کے بل پر 43000 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا۔ درخواست گزار عبدالمنان نے بتایا کہ Ssgcl کی جانب سے انہیں ناجائز بل موصول ہوا۔ جس میں بے بنیاد جرمانہ لگایا گیا تھا۔ حالانکہ وہ ہر ماہ باقاعدگی سے گیس بل جمع کرتے آرہے ہیں۔ بل کی درستگی کے سلسلے میں وہ متعدد بار گیس دفتر کے چکر کاٹے لیکن کوئی شنوائی نہ ہوسکی۔ لہذا، مجبور ہوکر انہوں نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی ناانصافی اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی کر دی۔ جس سے انہیں 24000 کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

لورالائی میں ویٹرنری موبائل ایڈکیمپ کا انعقاد

ماہرین نے علاقے کے مویشی پال افراد کے جانوروں کا معائنہ کیا

لورالائی (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار فیصل خان جمالی، سیکرٹری لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ صالح محمد بلوچ، ڈائریکٹر جنرل لائیو اسٹاک ڈاکٹر فاروق ترین اور ڈویژنل ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر شیخ طاہر مندوخیل کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع لورالائی میں مویشی پال افراد کو ان کی دہلیز پر ویٹرنری سہولیات فراہم کرنے کے سلسلے میں ایک ویٹرنری موبائل ایڈکیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ کا انعقاد ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) علی نواز جمالی اور اسسٹنٹ کمشنر مکھتر اسرار مندوخیل کے تعاون اور باہمی رابطے سے مکھتر مرغہ کبزئی پختہ روڈ پر واقع سیہاب ندی (گھارہ) کے علاقے میں کیا گیا، جو مکھتر سے تقریباً 4 سے 5 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ ضلعی لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر محمد رحیم نیازی کی نگرانی میں ڈاکٹر عبدالباری، ڈاکٹر سرفراز خان اور محکمہ لائیو اسٹاک کے عملے، جن میں دولت خان، ظفر اقبال اور عبدالجبار شامل تھے، نے کیمپ میں بھرپور شرکت کی اور علاقے کے مویشی پال افراد کے جانوروں کا معائنہ کیا ویٹرنری موبائل ایڈکیمپ کے دوران علاقے کے مویشی پال حضرات کے بھیڑ، بکریوں اور مویشیوں کو مختلف بیماریوں سے بچاؤ اور علاج کے لیے ضروری ادویات اور حفاظتی ویکسین مفت فراہم کی گئیں۔ ویٹرنری ماہرین نے جانوروں کا طبی معائنہ بھی کیا اور مویشی پال افراد کو جانوروں کی صحت، موسمی بیماریوں سے بچاؤ، بروقت ویکسینیشن اور بہتر نگہداشت کے حوالے سے مفید آگاہی فراہم کی اس موقع پر محکمہ لائیو اسٹاک کے حکام نے کہا کہ دیہی اور دور دراز علاقوں میں مویشی پال افراد کو بنیادی ویٹرنری سہولیات کی فراہمی محکمہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ مویشیوں کی صحت کا تحفظ نہ صرف لائیو اسٹاک سیکٹر کی ترقی بلکہ دیہی معیشت کے استحکام کے لیے بھی انتہائی اہمیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ ایسے موبائل ویٹرنری کیمپس کے انعقاد کا مقصد دور افتادہ علاقوں تک محکمہ لائیو اسٹاک کی خدمات پہنچانا، جانوروں کو مختلف وبائی اور موسمی بیماریوں سے محفوظ رکھنا اور مویشی پال حضرات کو جدید طریقہ ؟ نگہداشت سے آگاہ کرنا ہے علاقے کے مویشی پال افراد نے محکمہ لائیو اسٹاک اور ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقے میں ویٹرنری موبائل ایڈکیمپ کے انعقاد سے انہیں بروقت علاج، ادویات اور ویکسینیشن کی سہولت میسر آئی، جس سے ان کے جانوروں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں مدد ملے گی محکمہ لائیو اسٹاک کے حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی ضلع کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ایسے ویٹرنری موبائل ایڈکیمپس کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

ہیڈ ٹیچر ذوالفقار علی کو بہترین خدمات کے اعتراف میں تعریفی سند سے نوازا گیا

اوتھل (این این آئی) گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول مورند کالونی اوتھل کے ہیڈ ٹیچر ذوالفقار علی کی شعبہ تعلیم میں بہترین خدمات کے اعتراف میں تعریفی سند سے نوازا گیا۔ گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ کی جانب سے ذوالفقار علی کو مؤثر قیادت، پابندی وقت، طلبہ کی تعلیمی و اخلاقی تربیت، مطالعہ و تحریر اور یونیفارم وغیرہ کی بروقت تقسیم سمیت دیگر بہترین تعلیمی خدمات پر تعریفی سند پیش کی گئی۔ اس موقع پر اسکول کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ، دیگر اساتذہ اور تعلیمی شخصیات موجود تھیں۔ تعریفی سند میں ہیڈ ٹیچر ذوالفقار علی کی جانب سے اسکول میں مثبت، منظم اور طلبہ دوست تعلیمی ماحول کے قیام، طلبہ کی تعلیمی ترقی، کردار سازی اور مجموعی بہتری کے لیے کی جانے والی مسلسل کاوشوں کو سراہا گیا۔ تعریفی سند میں کہا گیا کہ ذوالفقار علی کی ذمہ داری، تدریسی پیشے سے وابستگی، مؤثر قیادت اور مسلسل محنت قابل تحسین ہے۔ ان کی خدمات نہ صرف طلبہ کی تعلیمی بہتری بلکہ ایک منظم اور بہتر تعلیمی ماحول کی تشکیل میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔

طلبہ اور اساتذہ کے لیے معلوماتی اور تعلیمی مطالعاتی دورے کا اہتمام

ماہرین نے تعلیم کی اہمیت، محنت، نظم و ضبط اور اعلیٰ کردار سازی پر زور دیا

لورالائی (خ ن) یونیورسٹی آف لورالائی میں پروگریسو انگلش گرامر ہائی اسکول لورالائی کے طلبہ اور اساتذہ کے لیے ایک معلوماتی اور تعلیمی مطالعاتی دورے کا اہتمام کیا گیا۔ اس دورے کا مقصد طلبہ کو کلاس روم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیمی اداروں کے علمی، تحقیقی اور جدید تدریسی ماحول سے روشناس کرانا تھا یونیورسٹی پہنچنے پر طلبہ اور اساتذہ کے وفد کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر کے پی ایس او ڈاکٹر خالد خان نے طلبہ کی رہنمائی کرتے ہوئے انہیں یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کروایا۔ طلبہ کو یونیورسٹی کے جدید آئی ٹی سینٹرز، لیبارٹریز اور دیگر تعلیمی و تحقیقی سہولیات سے آگاہ کیا گیا وفد کی قیادت پروگریسو انگلش گرامر ہائی اسکول کے ڈائریکٹر نواز خان کدزئی اور سینئر سائنس ٹیچر محمد اشرف نے کی دورے کے دوران طلبہ کو یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ سے ملاقات کا موقع بھی ملا۔ وائس چانسلر نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے تعلیم کی اہمیت، محنت، نظم و ضبط اور اعلیٰ کردار سازی پر زور دیا۔ انہوں نے طلبہ کو بڑے خواب دیکھنے اور اپنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں بروئے کار لانے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل ہی ملک کا مستقبل ہے اور انہیں علم و ہنر سے آراستہ ہوکر پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا وائس چانسلر نے کہا کہ تعلیمی اداروں کے ایسے مطالعاتی دورے طلبہ کی ذہنی استعداد میں اضافے اور ان کے مستقبل کے تعلیمی اہداف کے تعین میں اہم کردار ادا کرتے ہیں یونیورسٹی آف لورالائی کی انتظامیہ نے پروگریسو انگلش گرامر ہائی اسکول کے ڈائریکٹر نواز خان کدزئی کو طلبہ کے لیے اس مفید اور معلوماتی مطالعاتی دورے کا موقع فراہم کرنے پر سراہا۔

پاکستان نے اپنا موقف مضبوطی سے منوایا ہے' سینیٹر محمد عبدالقادر

بھارت کا سندھ طاس معاہدہ ختم کرنے کا خواب چکنا چور ہوگیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ دی ہیگ کی ثالثی عدالت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو نافذ العمل قرار دینا بھارت کے لیے ایک بڑا قانونی دھچکا اور پاکستان کے لیے اہم قانونی فتح ہے۔ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا غیر مؤثر بنانے کی کوشش کو عالمی قانونی فورم پر تقویت نہیں مل سکی۔ اپنے ایک خصوصی بیان میں انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ کوئی ایسا انتظام نہیں جسے ایک فریق اپنی مرضی سے ختم یا غیر مؤثر کر سکے۔ پانی کی تقسیم سے متعلق بین الاقوامی معاہدے کی حیثیت کو یکطرفہ سیاسی فیصلے سے تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔ عالمی معاہداتی نظام کی ساکھ بھی اسی اصول کی پاسداری سے وابستہ ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ کشن گنگا اور رتلے پن بجلی منصوبوں کے حوالے سے ثالثی عدالت کی اہم آبزرویشنز پاکستان کے مؤقف کو قانونی تقویت فراہم کرتی ہیں۔ بھارت کو سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں اور اس کی شرائط کی پابندی کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کی کوشش مستقبل کے آبی تنازعات میں ایک انتہائی خطرناک مثال قائم کر سکتی تھی۔ پاکستان نے اس معاملے پر اپنے قانونی مؤقف کو عالمی سطح پر مؤثر انداز میں پیش کیا ہے اور موجودہ فیصلہ اس مؤقف کے لیے اہم تقویت ہے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی نے کہا کہ اب پاکستان کو صرف اس فیصلے پر خوش ہونے کے بجائے اسے عملی کامیابی میں تبدیل کرنا ہوگا۔ سندھ طاس معاہدے کی مکمل پاسداری، بھارتی آبی منصوبوں کی شفاف نگرانی اور پاکستان کے پانی کے حقوق کے مؤثر تحفظ کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کی جائے۔

کوئٹہ' شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

شہریوں کی پیدل آمدورفت اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے میں مدد ملی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی خصوصی ہدایات اور کوئٹہ شہر کو صاف، منظم، خوبصورت اور شہریوں کے لئے آسان نقل و حرکت کی فراہمی کے وژن کے تحت میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی جانب سے قائم کردہ مانیٹرنگ نظام کے تحت زرغون زون میں تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ زرغون زون انچارج نہال دین بگٹی کی سربراہی میں متعلقہ ٹیم نے شاہراہ اقبال سے میزان چوک، پرنس روڈ، لیاقت بازار، فاطمہ جناح روڈ، مسجد روڈ سمیت شہر کے مختلف مرکزی بازاروں، تجارتی مراکز، ملحقہ مارکیٹوں اور گلیوں میں کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات اور آمدورفت میں رکاوٹ بننے والے سامان کو ہٹا دیا گیا، جس سے شہریوں کی پیدل آمدورفت اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے میں مدد ملی۔ اس موقع پر متعدد ہوٹل مالکان، دکانداروں اور کاروباری افراد کو بھی واضح ہدایات اور وارننگ جاری کی گئی کہ سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر دوبارہ تجاوزات قائم کرنے سے گریز کیا جائے۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت بلا امتیاز اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی انسداد تجاوزات کارروائیوں کا مقصد کسی فرد یا کاروباری طبقے کو مشکلات سے دوچار کرنا نہیں بلکہ ٹریفک کی روانی میں بہتری، شہری نظم و ضبط کو مزید بہتر اور کوئٹہ شہر کو ایک صاف، خوبصورت اور منظم شہری مرکز کے طور پر اجاگر کرنا ہے۔

سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر پی ٹی ایس ایم سیز کے چیئرپرسنز اور ہیڈ ٹیچرز میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

☆☆☆☆ سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر پبلک پرائیویٹ پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆

بقیہ 1

قانونی ناکوں کے خاتمے کے معاملے پر بھی تفصیلی بحث کی گئی۔ چیف سیکرٹری نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ غیر قانونی چیک پوسٹوں کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے اور شہریوں کی آمدورفت، کاروباری سرگرمیوں اور نقل و حمل میں غیر ضروری رکاوٹیں پیدا نہ ہونے دی جائیں۔ اجلاس میں کھلی کچہریوں کے ماہانہ پراگریس رپورٹ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ کھلی کچہریاں عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہِ راست رابطے کا مؤثر ذریعہ ہیں، اس لیے ان کا انعقاد باقاعدگی سے کیا جائے اور موصول ہونے والی شکایات کے حل کو محض کاغذی کارروائی تک محدود نہ رکھا جائے۔ کانفرنس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر کوآرڈی نیشن کے بغیر عوامی فلاحی منصوبوں اور سرکاری پالیسیوں پر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ کانفرنس میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا تقابلی جائزہ، صوبے میں ضروری اشیاء کے نرخ نامے اور اضلاع میں قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار پر غور کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ اشیائے ضروریہ سرکاری نرخوں کے مطابق فروخت کی جائیں اور ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور گراں فروشی کے خلاف کارروائی میں کوئی کوتاہی نہ کی جائے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ بازاروں کے باقاعدہ دورے کیے جائیں، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو فعال بنایا جائے اور عوام کو سرکاری نرخوں پر اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ چیف سیکرٹری نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ صوبائی محصولات میں اضافے کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے، ٹیکس نیٹ کو وسیع کیا جائے اور ریونیو وصولی کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی کہ ان رہائش گاہوں کی تعمیر بروقت مکمل کی جائے اور معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے تاکہ دور دراز علاقوں میں تعینات سرکاری آفیسران اور اہلکاروں کو مناسب رہائشی سہولیات میسر آسکیں۔ چیف سیکرٹری نے انتظامی خلا کو پر کرنے اور عوام کو مقامی سطح پر فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے ضروری انتظامی عہدوں پر آفیسران کی تعیناتی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل سروسز میں بہتری اور صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے شہری اداروں کو فوری اور مربوط اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ کچرے کو بروقت اٹھانے اور ٹھکانے لگانا، سیوریج اور نکاسی؟ آب کی بہتری، عملے کی جوابدہی، اور عوامی آگاہی کے ذریعے شہر کو صاف ستھرا اور صحت مند بنایا جاسکتا ہے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، قیمتوں کے کنٹرول، صفائی کے بہتر نظام اور حکومتی پالیسیوں پر مؤثر عملدرآمد کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کا بنیادی معیار عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور ان کے مسائل کا بروقت حل ہے۔

بقیہ 2

کے مختلف فیلڈ دفاتر میں رپورٹنگ کروائی جاتی ہیں بتدائی دو سالہ پروگرام کے دوران بہترین کارکردگی دکھانے پر نوجوانوں کو پانچ سال کے طویل مدتی کنٹریکٹ کی پیشکش کی جاتی ہے۔ کامیاب میدواروں کو عالمی بینک، انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن اور ملٹی لیٹرل انویسٹمنٹ گارنٹی ایجنسی جیسے اداروں میں کام کرنے کا انمول تجربہ ملتا ہے، اس دوران کامیاب امیدواروں کو پیشہ ورانہ مہارتوں کو نکھارنے کے لیے کوچنگ، مینٹورشپ اور لیڈرشپ کی خصوصی ٹریننگ فراہم کی جاتی ہے۔ خواہش مند امیدواروں کو عالمی بینک کی ویب سائیٹ پر 30 ستمبر تک درخواستیں جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 3

ہوائی اڈوں پر پروازوں کی آمدورفت متاثر ہوئی جبکہ پروازوں میں تاخیر کا اثر مشرقی افریقہ کے علاقائی ہوائی اڈوں اور دیگر مقامات تک بھی پہنچا۔ یونین کے سربراہ موس نڈیما نے پریس کانفرنس میں کہا کہ ہڑتال ختم کی جارہی ہے اور کارکنوں سے معمول کی کارروائیاں بحال کرنے اور خدمات کی فراہمی شروع کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ انہوں نے ڈیوٹی پر موجود عملے سے پروازوں کی روانگی اور آمد میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کی بھی درخواست کی۔

بقیہ 4

کی صلاحیت بہتر ہوگی۔ امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ ہیلی کاپٹرز سے عراق کی فضائی نقل و حمل، نگرانی اور اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں اضافہ ہو گا۔ محکمہ خارجہ کا کہنا تھا کہ ہیلی کاپٹرز کی فراہمی کا مرکزی ٹھیکہ امریکی کمپنی بیل ٹیکسٹرون کو دیا جائے گا۔

بقیہ 5

2026 کے سربراہی اجلاس کے موقع پر کرغزستان کے صدر کی اہلیہ جاپاروا کی میزبانی میں منعقدہ سربراہی اجلاس میں شریک سربراہان کی بیگمات کی اجتماعی سرگرمی میں شرکت کی۔ پھنگ لی یوان نے دیگر ممالک کے رہنماں کی بیگمات کے ساتھ کرغزستان کی قومی ثقافت کی نمائش دیکھی اور یادگاری گروپ فوٹو میں شرکت کی۔ بعد ازاں انہوں نے ثقافتی پروگرام دیکھا۔ پھنگ لی یوان نے کہا کہ پروگرام نہایت شاندار تھا اور فنکاروں نے اعلیٰ فنی مہارت کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کرغزستان کے فنکاروں کو چین آ کر پرفارم کرنے اور ثقافتی تبادلوں میں حصہ لینے کی دعوت دی، تاکہ چینی ناظرین کرغزستان کی متنوع اور رنگا رنگ قومی ثقافت کو قریب سے محسوس کرسکیں۔

بقیہ 6

سے لارک جزیرے پر کیے گئے حملے میں 3 افراد شہید ہوئے جبکہ کئی ایرانی جنگجو اور شہری زخمی ہوئے۔ ایران کا کہنا تھا کہ اسی حملے کے جواب میں اس نے اردن میں امریکی اڈوں اور متحدہ عرب امارات کے المنہاد فضائی اڈے پر امریکی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا تاہم متحدہ عرب امارات کی وزارت دفاع نے المنہاد فضائی اڈے کو ایرانی حملے کا نشانہ بنائے جانے کے دعوے کی تردید کی ہے۔

بقیہ 7

پارٹنرز کے ساتھ کیے گئے مشنس کو عملی جامہ پہنانے کے لیے سنجیدہ اور پرعزم ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں 164 بنیادی مراکز صحت کو فعال بنایا گیا ہے، جس کا مقصد دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز کے قریب بنیادی طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ صحت عامہ کی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانا حکومت کی پالیسی کا بنیادی حصہ ہے اور اسی ضمن میں مزید اقدامات بھی کیے جارہے ہیں میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی کے ایک دور دراز علاقے میں ڈاکٹر باری کی جانب سے ہسپتال کو فعال بنانے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ایک قابل تحسین مثال ہے کہ محدود وسائل کے باوجود عزم اور محنت سے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مذکورہ ہسپتال میں پہلی مرتبہ ایک بچے کی پیدائش ہوئی، جس کا نام بخت محمد رکھا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ امن و امان کے حوالے سے ان کے مؤقف پر تنقید کی جاتی ہے، تاہم انہیں اس تنقید کی کوئی پرواہ نہیں۔ حکومت کا مقصد وقت ضائع کرنا نہیں بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کے مسائل حل کرنا ہے۔ بلوچستان کا ہر بچہ بنیادی سہولیات کا حق رکھتا ہے اور حکومت اس حق کی فراہمی کو اپنی ذمہ داری سمجھتی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مثبت اور پائیدار تبدیلی کے عمل میں محکمہ صحت کو ہمیشہ فرنٹ لائن پر پایا جائے گا۔ حکومت صوبے کے عوام کو بہتر، معیاری اور قابل رسائی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے موجودہ اقدامات کو مزید وسعت دے گی تاکہ صحت کے شعبے میں دیرپا بہتری لائی جاسکے اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے بھی خطاب کیا اور صحت کے شعبے میں حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری اقدامات اور محکمہ صحت کی کارکردگی پر روشنی ڈالی تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام اور دیگر متعلقہ شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ 8

مثال ہیں۔ چین اور مصر اس وقت اپنی ترقی کے اہم مرحلے میں ہیں۔ چین، مصر کے ساتھ مل کر جامع تزویراتی شراکت داری کو مزید گہرا کرنے، چین۔ مصر ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کو فروغ دینے اور دونوں ممالک کی جدیدیت کے حصول کے لیے مشترکہ کوششیں کرنے کے لیے تیار ہے۔ صدر شی جن پھنگ نے اس بات پر زور دیا کہ چین اور مصر کو باہمی اعتماد کو فروغ دینے، دوستی کو آگے بڑھانے، مشترکہ ترقی اور تہذیبوں کے درمیان تبادلوں کی مثال قائم کرنے اور عدل و انصاف کے تحفظ میں ہراول دستہ بننے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور مصر دونوں بڑے ترقی پذیر ممالک اور گلوبل ساؤتھ کے اہم رکن ہیں۔ دونوں ممالک کو حقیقی کثیر جہتی پر عمل کرتے ہوئے کثیرالجہتی تعاون کو مضبوط بنانا، چار گلوبل انیشی ایٹیوز کو مؤثر انداز میں نافذ کرنا اور عالمی امن و استحکام کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی عدل و انصاف کا تحفظ کرنا چاہیے۔

بقیہ 9

جا سکے اور ان قرضوں کے مسئلے کو سنجیدگی سے حل کیا جائے جو بہت سے ترقی پذیر ممالک پر بوجھ بن رہے ہیں۔ انہوں نے کثیرالجہتی ترقیاتی بینکوں پر بھی زور دیا کہ وہ ممالک کی ترقی کی کوششوں میں مدد کے لیے زیادہ بڑے، بہتر اور زیادہ جرات مندانہ کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ اور بریٹن ووڈز نظام سمیت کثیرالجہتی اداروں میں بھی اصلاحات ضروری ہیں تاکہ انہیں آج کی عالمی حقیقتوں سے ہم آہنگ کیا جاسکے اور ترقی پذیر ممالک کی نمائندگی اور اثر و رسوخ میں اضافہ ہو، جس سے ایک منصفانہ عالمی نظام تشکیل دیا جا سکے۔ مصنوعی ذہانت کے حوالے سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کا فائدہ صرف چند ممالک تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اسے تمام ممالک کے لیے کام کرنا چاہیے، انہوں نے زور دیا کہ اس مقصد کے لیے مؤثر حفاظتی ضوابط اور زیادہ جامع طرز حکمرانی کے طریقہ کار کی ضرورت ہوگی۔

بقیہ 10

اسعد الشیبانی کی موجودگی میں ہوا۔ ڈنمارک نے شام میں اپنا پہلا مستقل سفیر 2012 کے بعد تعینات کیا ہے۔ راسموسن نے شام کی بحالی، استحکام اور پناہ گزینوں کی واپسی کے لیے مزید 76 ملین ڈالر کی امداد کا اعلان کیا۔ یکم ستمبر کو دونوں ممالک نے دوطرفہ شراکت داری کے معاہدے کی تیاری اور دمشق۔ کوپن ہیگن کے درمیان براہِ راست پروازیں 21 ستمبر سے شروع کرنے کا بھی اعلان کیا۔ ڈنمارک کے مطابق سفارت خانہ دوبارہ کھولنے کا مقصد شام کی تعمیر نو میں کردار ادا کرنا اور دمشق کے ساتھ سفارتی تعلقات مضبوط کرنا ہے۔ یہ شام اور یورپی ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کی بحالی کے سلسلے میں ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 11

ڈھونگے شاخ کے ملبے میں دبے لاکرز تلاش کیے۔ پولیس کے مطابق لاکرز سے تقریباً 50 کروڑ نیپالی روپے مالیت کا سونا، ڈیڑھ کروڑ روپے نقد اور متعدد اہم دستاویزات برآمد ہوئیں جنہیں محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کی جانب سے جاری ویڈیو میں اہلکاروں کو بینک کے بیسمنٹ تک پہنچنے کیلئے ملبہ ہٹاتے دیکھا جا سکتا ہے جبکہ بھاری مشینری کی مدد سے لاکرز کو بھی باہر نکالا گیا۔

بقیہ 12

اور جنگل کے قوانین کو ترک کیا جانا چاہیے اور بین الاقوامی تعلقات میں قانون کی حکمرانی کو فروغ دیا جانا چاہیے۔ شی جن پھنگ نے شنگھائی تعاون تنظیم کے کردار کو بہتر طریقے سے ادا کرنے کے لیے تین تجاویز پیش کیں۔ پہلی، ایس سی او کی طاقت کے ذریعے یوریشیا کے براعظم کی خوشحالی اور مشترکہ بہبود کو فروغ دیا جائے۔ دوسری، ایس سی او کی حکمت کے ذریعے گلوبل ساؤتھ کی ترقی اور مضبوطی کو فروغ دیا جائے۔ تیسری، ایس سی او کی کارروائی "کے ذریعے عالمی حکمرانی میں اصلاحات اور بہتری کی قیادت کی جائے۔

بقیہ 13

مفادات جو آبنائے ہرمز اور توانائی کی سکیورٹی سے جڑے ہیں کے پیش نظر امریکہ کو ایران کے خلاف حملوں کی قیادت کرنے کی اجازت دے رہا ہے لیکن انہوں نے خبردار کیا کہ ان کا ملک براہ راست اس محاذ آرائی میں شامل ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اگر انہوں نے ہم پر حملہ کیا تو ہم کسی بھی دوسری فریق سے آزاد ہو کر بڑی طاقت کے ساتھ جواب دیں گے۔ کاٹز نے اس بات پر زور دیا کہ اسرائیل نے آپریشن رائزنگ لائن کے دوران ایرانی جوہری پروگرام کو تباہ کر دیا ہے۔ تل ابیب اس کی تعمیر نو کی کسی بھی کوشش پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے اس بات پر دوبارہ زور دیا کہ ان کا ملک تہران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔

بقیہ 14

پیلو روڈ کے قریب 45 سالہ شخص سڑک کنارے مردہ حالت میں پایا گیا، مناواں کے علاقے میں 60 سالہ بزرگ شہری جاں بحق ہوگیا۔ شیرا کوٹ، قبرستان سے 35 سالہ نامعلوم خاتون کی 4 روز پرانی بوسیدہ لاش برآمد ہوئی۔ چوہنگ کے علاقے میں تیز رفتار دودھ بردار گاڑی نے راہگیر کو کچل دیا، جس کے نتیجے میں 38 سالہ نامعلوم شخص جاں بحق ہوگیا۔ ایدھی رضا کاروں نے تمام لاشوں کو ایدھی ایمبولینسز کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دیا۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں نے شواہد اکٹھے کر کے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 15

ہمیں اپنے شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور وطن عزیز کے دفاع کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان کی تقریبات میں قومی یکجہتی، حب الوطنی اور دفاع وطن کے جذبے کو اجاگر کیا جائے اور بالخصوص نوجوان نسل اور طلبہ کو 6 ستمبر کی تاریخی اہمیت سے روشناس کرانے کے لیے خصوصی پروگرامز، تقاریری مقابلوں، سیمینارز، ملی نغموں اور دیگر سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ یوم دفاع کے موقع پر شہداء کی یاد میں خصوصی دعائیہ تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا، سرکاری عمارات پر قومی پرچم لہرائے جائیں گے جبکہ مختلف تعلیمی اداروں میں بھی خصوصی تقریبات اور آگاہی پروگرامز منعقد کیے جائیں گے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام متعلقہ محکموں کو یوم دفاع کی تقریبات کے حوالے سے مؤثر انتظامات یقینی بنانے اور تفویض کردہ ذمہ داریاں بروقت مکمل کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری اقبال حسن نے کہا کہ وطن عزیز کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء قوم کے حقیقی ہیرو ہیں۔ ان کی لازوال قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور قوم اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹر آٹھمقام چوہدری محمد بشارت، مہتمم عمارات سردار امتیاز، مہتمم برقیات سکندر مغل، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر سید شجاعت حسین نقوی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سجاد مغل، عادل قریشی ایڈمن آفیسر نیلم بورڈ، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر مردانہ سردار تبسم، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت شمس الزماں، نائب تحصیلدار جورا خواجہ فاروق، دانش امتیاز ڈسٹرکٹ کنٹرولر صنعت و حرفت، سردار اورنگزیب صدر پریس کلب شاردا، نائب صدر پریس کلب نیلم ملک وقار، ڈاکٹر وقاص بٹ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لائیوسٹاک، شفیق الرحمٰن چیف آفیسر ضلع کونسل اور نمائندہ اطلاعات محمد اشرف تبسم، و دیگر نے شرکت کی۔

بقیہ 16

کیلئے ایچ آر لیپنی بائیر کرنے کی منظوری دی۔ ایسیسمنٹ اور سرٹیفکیشن سے متعلق بنائی گئی 11 پالیسیاں جائزے کیلئے مختلف بورڈ ممبران کے سپرد کردی گئیں۔ بورڈ ممبران کی سفارشات کی روشنی میں ان پالیسیوں کو حتمی شکل دے کر نافذ کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امتحانی نظام میں شفافیت کیلئے پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے امور کی ڈیجیٹائزیشن کردی گئی ہے۔ امتحانی مراکز کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ، امتحانی پیپرز کی ای مارکنگ اور ڈیجیٹل ترسیل کا نظام لاگو کیا گیا ہے۔ انٹرنیشنل سرٹیفکیشن کیلئے بین الاقوامی اداروں کے ساتھ اشتراک کے معاہدے کئے جارہے ہیں۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ معیاری فنی تعلیم کا فروغ اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنرمند افرادی قوت کی تیاری حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے فراہم کردہ فنڈز سے ٹیوٹا کے مختلف اداروں کی لیبز کو اپ گریڈ کیا گیا ہے۔ ٹیوٹا کے اداروں میں چائنیز کے علاوہ عربی، جرمن، جیپنیز اور کورین زبانوں کے کورسز شروع کرائے گئے۔ پنجاب تیانجن یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی میں رواں ماہ سے اے آئی کے کورسز بھی شروع کرائے جارہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے چین، کینیڈا اور دیگر ممالک میں موجود فنی تعلیم کے بورڈز کی ورکنگ کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مارکیٹ میں ہنرمند افرادی قوت کی بہت ڈیمانڈ ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومت کا فوکس ہنرمند افرادی قوت کو لیگل طریقے سے باہر بھجوانے پر ہے۔ چیئرمین بورڈ ڈاکٹر فیصل محمود نے کہا کہ پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کی تشکیل نو کر کے اسے عصر حاضر کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے۔ بورڈ میں پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ تشکیل دیا جاچکا جبکہ آر پی ایل سسٹم لانچ کیا جارہا ہے۔ اجلاس میں چیئرمین پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈاکٹر فیصل محمود، ایڈیشنل سیکرٹری انڈسٹریز عمران بشیر، پروفیسر نظام الدین اور دیگر بورڈ ممبران نے شرکت کی۔ بعض بورڈ ممبران ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ 18

اشتہاری کو خود کار آتشیں اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا ہے، گرفتار ہونے والے ملزمان اشتہاریوں میں قاسم خان، مثل خان، لالہ خان، ملتان خان، محمد رحمٰن مروت اور نورنگ خان شامل ہیں، تمام ملزمان کے خلاف تھانہ پہلاں میں الگ، الگ مقدمات درج کرلئے گئے ہیں۔

بقیہ 19

یاسین ملک کا نام بدنام زمانہ تحقیقاتی ادارے ایس آئی اے نے شامل کیا۔ یاسین ملک نے عدالت کو بتایا کہ چارج شیٹ دائر کیے جانے سے قبل تین افسران نے نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں ان سے ملاقات کی اور جائے وقوعہ سے ملنے والے ہاتھ سے لکھے ایک نوٹ کا حوالہ دیا، جس میں مبینہ طور پران کے ساتھ جاوید میر اور شیخ عبدالحمید کے نام بھی درج تھے۔ یاسین ملک نے اس دعوے کے وقت اور اس کی صداقت پر سوال اٹھاتے ہوئے پوچھا کہ اگر تحقیقات کے دوران یہ مبینہ نوٹ موجود تھا تو تفتیش کاروں نے مقدمے کی ابتدائی تحقیقات میں ان کا یا نوٹ میں مذکور دیگر افراد کا نام کیوں شامل نہیں کیا؟ انہوں نے حلف نامے میں کہا کہ کئی دہائیوں بعد یہ موقف اچانک کس قانونی یا حقائق کی بنیاد پر سامنے آیا ہے؟ اگر ایسا کوئی نوٹ موجود تھا تو اس وقت کے تفتیش کاروں کی نظروں سے اوجھل نہیں رہ سکتا تھا۔ جون میں ایس آئی اے کی جانب سے پوچھ گچھ کے دوران یاسین ملک سے سوال کیا گیا کہ آیا جے کے ایل ایف کو سرلا بٹ پر بھارتی فورسز کو معلومات فراہم کرنے کا شبہ تھا اور کیا انہوں نے 8 اپریل 1990 کو سرینگر کے ڈاؤن ٹاؤن علاقے میں نروارا میں چھاپے کے بعد ان کے قتل کا حکم دیا تھا۔ یاسین ملک نے کہا کہ میں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ الزام مکمل طور پر غلط ہے۔ نہ تو سرلا بٹ کسی خفیہ حیثیت میں بھارتی فورسز کے لیے کام کر رہی تھیں اور نہ ہی وہ کسی طور نروارا میں ہونے والی کارروائی کی ذمہ دار تھیں۔ جے کے ایل ایف چیئرمین نے کہا کہ انہیں سرلا بٹ کے قتل کا علم پہلی بار 21 فروری 1991 کو اس وقت ہوا جب وہ عدالتی حراست میں تھے۔ یاسین ملک نے واضح کیا کہ مقدمہ نہ لڑنے کا ان کا فیصلہ ذاتی حالات اور سیاسی بنیادوں پر تھا اور اسے جرم کے اعتراف کے طور پر نہیں لیا جاسکتا۔ انہوں نے عدالت سے کہا کہ موجودہ کارروائی سیاسی حالات اور فیصلوں کے نتیجے میں سامنے آئی ہے۔ میرا یقین ہے کہ مجھے اس مقدمے میں پھنسایا گیا ہے۔ میرے فیصلے کو استغاثہ کے کسی بھی دعوے، جرم کے اعتراف یا میرے خلاف عائد الزامات کو تسلیم کرنے کے طور پر نہیں لیا جانا چاہیے۔

بقیہ 20

درمیان آکر روکا جس سے موٹر سائیکل سوار فٹ پاتھ سے جاٹکرایا، حادثے میں موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہوا پانچ روز تک زیر علاج رہنے کے بعد دم توڑ گیا۔ توجہ دلاؤ نوٹس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ واقعے میں ذمہ داروں کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے، اب تک کی پولیس تفتیش سے ایوان کو آگاہ کیا جائے۔

بقیہ 21

میں ایس سی او نے ایک غیر معمولی سفر طے کیا ہے شنگھائی تعاون تنظیم کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ یہ قدم بہ قدم دنیا کے سب سے وسیع رقبے، سب سے زیادہ آبادی اور سب سے بڑی ترقیاتی صلاحیت کی حامل نئی علاقائی تعاون تنظیم بن گئی ہے۔

بقیہ 22

پانی کے لیے ترس گئیں طالبات والدین نے ڈپٹی کمشنر میانوالی شاہد عباس کاٹھیا سی ای او ایجوکیشن میانوالی نذیر حسین چھینہ سے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سول اسٹیشن میانوالی کے مختلف کلاسز کے کمروں میں نصب بجلی پنکھے مرمت یا نئے پنکھے نصب کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شہباز خیل میں پینے کے پانی کے لیے نصب واٹر کولر مرمت کیے جائیں اس سلسلہ میں مخیر حضرات سے نئے واٹر کولر عطیہ کرنے کے لیے بھی والدین کی طرف سے اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ 23

جدوجہد میں گزاری اور آخری دم تک بھارتی ناجائز قبضے کے خلاف اپنی آواز دنیا تک پہنچاتے رہے۔ مقررین نے کہا کہ سید علی گیلانی نے اپنی زندگی ریاست جموں کشمیر کے عوام کے حق خودارادیت اور آزادی کی جدوجہد کے لیے وقف کردی تھی۔ ان کی استقامت، قربانی اور اصولی جدوجہد آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ مقررین نے کہا کہ آج ہم اپنے عظیم قائد سید علی گیلانی شہید کو ان کی برسی کے موقع پر بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم بھارت سے آزادی تک اپنے عظیم قائد کے مشن کو جاری رکھیں گے۔ مقررین میں حریت رہنما قاضی محمد عمران، محمود اختر قریشی ایڈووکیٹ، صدر بار ایسوی ایشن کوٹلی حق بٹ، سابق صدر آفتاب انجم، ایڈووکیٹ لیاقت مغل، ایڈووکیٹ اظہر علی شاہ، تحصیلدار کوٹلی چوہدری محمد ایوب، اے سی کوٹلی قیصر اسلم، قاری مطلوب رضا، قاری مشتاق، سردار پرویز، سردار محمود، راجہ شفیق محمد، حاجی عدنان، سردار بشارت اور دیگر شامل تھے۔

بقیہ 24

قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل ماحولیات ساجد بشیر نے کہا کہ فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر کسی بھی ہیوی وہیکل کو شہر میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے گاڑی مالکان کو ہدایت کی کہ وہ اپنی گاڑیوں کی فٹنس اور ایگزاسٹ سسٹم بروقت درست کروائیں تاکہ ماحولیاتی آلودگی پر قابو پایا جاسکے۔

بقیہ 25

میں سب سے آگے، 307 نادہندگان سے 49.52 ملین روپے وصول، سنٹرل سرکل میں 298 نادہندگان سے 18.70 ملین روپے کی ریکوری، شیخوپورہ سرکل میں 137 نادہندگان سے 17.67 ملین روپے وصول کیے گئے، ناردرن سرکل میں 250 نادہندگان سے 15.79 ملین روپے کی ریکوری، ایسٹرن سرکل میں 197 نادہندگان سے 13.46 ملین روپے وصول، سدرن سرکل میں 153 نادہندگان سے 12.82 ملین روپے کی ریکوری، اوکاڑہ سرکل میں 93 نادہندگان سے 10.49 ملین روپے وصول کیے گئے اور ننکانہ سرکل میں 63 نادہندگان سے 9.49 ملین روپے کی ریکوری کی گئی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو محمد رمضان بٹ نے کہا کہ ریکوی اہداف کے حصول کے لئے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 26

نے کہا کہ یہ فیصلہ محض پانی یا دریاؤں کے معاملے تک محدود نہیں بلکہ اس میں ایک اہم اصول پوشیدہ ہے کہ بین الاقوامی معاہدوں اور متنازعہ علاقوں سے متعلق معاملات میں طاقت کے زور پر یکطرفہ فیصلے مسلط نہیں کیے جاسکتے۔ ترجمان نے کہا کہ چونکہ سندھ طاس معاہدہ جموں و کشمیر کے متنازعہ خطے سے گزرنے والے دریاؤں اور وہاں قائم آبی منصوبوں سے متعلق ہے، اس لیے یہ فیصلہ بھارت کے ان یکطرفہ اقدامات پر بھی سنجیدہ سوال اٹھاتا ہے جن کے ذریعے وہ جموں کشمیر کی زمینی اور سیاسی حقیقت کو تبدیل کرنے کی کوشش کرتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے جموں و کشمیر کی آئینی حیثیت میں یکطرفہ تبدیلی اسی ذہنیت کی عکاسی ہے۔ بھارت کو یہ سمجھنا چاہیے کہ کسی متنازعہ خطے پر یکطرفہ آئینی، انتظامی یا قانونی اقدامات کے ذریعے نہ تو اس تنازعے کی حقیقت ختم کی جاسکتی ہے اور نہ ہی کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو سلب کیا جاسکتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے سے متعلق عدالت کا فیصلہ کشمیری عوام کے لیے بھی ایک واضح پیغام ہے کہ بھارت کا کوئی یکطرفہ فیصلہ جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت کو تبدیل نہیں کرسکتا۔ جموں و کشمیر کی حیثیت کا فیصلہ طاقت، قبضے یا یکطرفہ قانون سازی سے نہیں بلکہ بین الاقوامی قانون اور کشمیری عوام کی آزادانہ مرضی کے مطابق ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں میں کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو تسلیم کیا گیا ہے اور دنیا آج بھی اس تنازعے کے حتمی حل کی منتظر ہے۔ بھارت کی طرف سے کیے گئے یکطرفہ اقدامات ان بین الاقوامی ذمہ داریوں اور کشمیری عوام کے بنیادی حق کو ختم نہیں کرسکتے۔ انہوں نے عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ، پر زور دیا کہ وہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات کا نوٹس لے اور تنازعہ جموں کشمیر کے منصفانہ، پائیدار اور پرامن حل کے لیے بامعنی سفارتی کوششیں تیز کرے۔ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے عدالت کا فیصلہ پاکستان کے عوام کے لیے خوش آئند ہے، لیکن کشمیری عوام کے لیے اس کا پیغام اس سے بھی زیادہ اہم ہے کہ یکطرفہ اقدامات بین الاقوامی قانون، معاہدوں اور عوام کے تسلیم شدہ حقوق کو ختم نہیں کرسکتے۔

بقیہ 27

گیا۔ خودکشی کی کوشش کرنے والے 40 سالہ بابر کو ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 28

دے دی ہے۔ اس پالیسی کا مقصد ایران کو آبنائے ہرمز سے گزرنے والے آئل ٹینکرز اور تجارتی بحری جہازوں پر حملوں سے باز رکھنا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق نئی پالیسی کے تحت ایران جس بحری جہاز کو نشانہ بنائے گا، امریکہ اس کے جواب میں ایک ایرانی آئل ٹینکر کو نشانہ بنائے گا۔ دونوں ایرانی آئل ٹینکرز ایرانی ساحل کے قریب لنگر انداز تھے اور اس مقام سے شمال کی جانب موجود تھے، جہاں امریکی فورسز نے بحری ناکہ بندی کر رکھی ہے۔ اسی دوران امریکی ڈرونز نے انہیں میزائلوں سے نشانہ بنایا، جو دونوں جہازوں کے انجن رومز میں جا لگے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ امریکہ نے آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں پر ہونے والے حملوں کے جواب میں انتقامی کارروائی کے طور پر ایرانی آئل ٹینکرز کو نشانہ بنایا ہے۔ یہ کارروائی امریکی بحری ناکہ بندی توڑنے کی کوشش کو روکنے کے لیے نہیں کی گئی۔ دونوں ٹینکرز کو نشانہ بنانا ایک بڑے فوجی آپریشن کا حصہ تھا۔

بقیہ 29

فراہم کرنے میں ملوث رہا ہے اور اس کی رہائی مقدمے کے عمل کو متاثر کرسکتی ہے۔ تنویر احمد ملک کو یکم مارچ 2021 کو گرفتار کیا گیا تھا اور بدنام زمانہ تحقیقاتی ادارے (این آئی اے) نے 22 مئی 2021 کو ان کے خلاف چارج شیٹ دائر کی تھی۔ یہ مقدمہ ابتدا میں کشتواڑ پولیس اسٹیشن میں غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے کالے قانون (یواے پی اے)، آرمز ایکٹ، این ڈی پی ایس ایکٹ اور انڈین پینل کوڈ کے تحت درج کیا گیا تھا جسے بعد میں این آئی اے نے اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ ایف آئی آر 8 مارچ 2019 کو پیش آنے والے ایک واقعے سے متعلق ہے جس میں بعض نامعلوم افراد نے کشتواڑ کے اُس وقت کے ڈپٹی کمشنر کی سکیورٹی پر مامور ایک ہیڈ کانسٹیبل سے ہتھیار چھین لیا تھا۔ این آئی اے کا کہنا ہے کہ تنویر ملک جون 2019 سے جنوری 2020 کے درمیان ایک 'اوور گراؤنڈ ورکر' کے طور پر کام کرتے ہوئے مسلح افراد کو کھانا، پناہ اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کرتا رہا۔ ایجنسی کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے عسکریت پسندوں کو اپنے گھر میں پناہ دی۔ وکیل صفائی نے طویل نظربندی کی بنیاد پر ضمانت کی درخواست دائر کی تھی اور نشاندہی کی کہ ملک پانچ سال سے زائد عرصہ جیل میں گزار چکے ہیں، تاہم اب تک ان کے خلاف جرم ثابت نہیں ہوا۔ این آئی اے نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ ان کی رہائی مقدمے کو متاثر کر سکتی ہے۔ قانونی ماہرین اور انسانی حقوق کے مبصرین کا کہنا ہے کہ یواے پی اے کے تحت پانچ سالہ نظر بندی کے بعد بھی ضمانت سے انکار اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ بھارت کالے قوانین کو شہریوں کو مجرم قرار دینے، ان کی نظر بندی کو طول دینے اور اختلافِ رائے کو دبانے کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ ہزاروں کشمیری جن میں اساتذہ، طلبہ، صحافی اور سیاسی کارکن شامل ہیں، یو اے پی اے اور پی ایس اے کے تحت اسی طرح طویل عرصے سے بغیر مقدمہ چلائے نظر بند ہیں۔

بقیہ 30

لے کر کمیونٹی ہیلتھ سینٹر کالاکوٹ منتقل کیا جہاں اس کا پوسٹ مارٹم کیا گیا۔ قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد لاش آخری رسومات کے لیے اہل خانہ کے حوالے کر دی گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تحقیقات جاری ہے۔

بقیہ 31

۔ رپورٹس کے مطابق چلچا تنگ کی جانب تین مارٹر گولے فائر کیے گئے جن میں سے دو پھٹ گئے جبکہ تیسرا گولہ پھٹنے میں ناکام رہا۔ فائرنگ کے نتیجے میں لوتھا تنگ کا 25 سالہ رہائشی لام کھوجانگ زخمی ہو گیا۔ کوآرڈینیٹنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ لوتھا تنگ اور چلچا تنگ میں فائرنگ ماکوئی میں قائم بھارتی سی آر پی ایف کیمپ کے قریب ہوئی۔ چلچا تنگ ویلج اتھارٹی نے بتایا کہ گاؤں کو شدید حملے کا نشانہ بنایا گیا اور بستی کی جانب مارٹر گولے فائر کیے گئے۔ اس واقعے سے مقامی آبادی میں خوف و ہراس پھیل گیا اور لوگوں نے علاقے میں تعینات بھارتی فورسز پر الزامات عائد کیے۔ مقامی افراد نے ماکوئی میں تعینات بھارتی فورسز کو فوری طور پر ہٹانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے واقعے کی فوری اور غیر جانبدارانہ تحقیقات اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 32

ادا کرے گا۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی سیاسی اور دفاعی سٹریٹجک کمیٹی کی طرف سے پیر کو جاری ایک مشترکہ بیان میں اس بات کی تصدیق کی گئی تھی کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ دفاعی صنعت کے شعبے میں مضبوط تعاون، پیداوار اور مشترکہ ٹیکنالوجی کی ترقی کے ذریعے مشترکہ سرگرمیوں سے اپنی دفاعی صلاحیتوں اور اپنی مسلح افواج کے توازن کو مضبوط بنائیں گے۔

بقیہ 33

دن ہے اور ہم ہر سطح پر اور ہر پلیٹ فارم پر پُرامن طور پر اپنے حقوق کی بحالی کا مطالبہ کرتے رہیں گے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ یہ مطالبہ صرف نیشنل کانفرنس تک محدود نہیں بلکہ یہ پورے جموں وکشمیر کے عوام کی وسیع تر خواہشات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک تنظیم کی آواز نہیں بلکہ پورے جموں وکشمیر کے عوام کی آواز ہے۔ سکینہ ایتو نے لوگوں کو احتجاج میں شرکت سے روکنے کے لیے مختلف مقامات پر عائد پابندیوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ متعدد مقامات پر ناکے لگائے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بی جے پی کے کارکنوں کو لال چوک سے آزادانہ طور پر گزرنے کی اجازت دی جاتی ہے جبکہ نیشنل کانفرنس کے مظاہرین کو پابندیوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ناانصافی، دباؤ اور ہراسانی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ہم اپنے حقوق کا مطالبہ جاری رکھیں گے اور یہ جدوجہد پُرامن طریقے سے جاری رکھیں گے۔ سکینہ ایتو نے کہا کہ ہمارا مطالبہ یہی ہے کہ دفعہ 370 اور دفعہ 35 اے کو بحال کیا جائے اور ریاستی حیثیت واپس دی جائے تاکہ اس من مانی اور جابرانہ طرز عمل کا خاتمہ ہو سکے۔

بقیہ 34

جارک نے گزشتہ روز بیان میں کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان ہفتے کے اختتام پر فوجی کارروائیوں میں اضافہ انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری جنرل ایک بار پھر سب سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیتے ہیں۔ وہ سفارتی سرگرمیوں اور مذاکرات کی بحالی کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تاکہ ایسا حل تلاش کیا جا سکے جو خطے میں استحکام اور اعتماد بحال کرنے میں مدد دے۔

بقیہ 35

میزائل اور ڈرون حملوں میں رہائشی عمارت اور کاروباری مرکز کو نقصان پہنچا۔ دوسری جانب روس کے سمارا ریجن میں یوکرینی ڈرون حملے سے شہری تنصیبات کو نقصان پہنچا۔ روسی حکام کے مطابق روس کے اوسٹ لوگا بندرگاہی علاقے میں بھی ڈرون حملے کے بعد آگ بھڑک اٹھی۔

بقیہ 36

تارکین وطن کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کا اعتراف کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا کے امیگریشن حراستی مراکز میں 17 میکسیکن شہری ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ امریکا بھر میں امیگریشن کارروائیوں کے دوران متعدد افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میکسیکو کی حکومت نے اس معاملے پر شکایات درج کرائی ہیں اور تارکین وطن کے حقوق کا احترام کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ امریکا کی جانب سے بڑے پیمانے پر ملک بدری کے ردعمل میں میکسیکو کی صدر نے کہا کہ ان کی حکومت نے" میکسیکو ایمبریس یو" نامی پروگرام شروع کیا ہے جس کے تحت اب تک 281,000 سے زائد ملک بدر یا واپس بھیجے گئے میکسیکن شہریوں کی مدد کی جا چکی ہے، انہیں گرم کھانا، آبائی علاقوں تک نقل و حمل، طبی اور نفسیاتی نگہداشت اور شناختی دستاویزات فراہم کی گئی ہیں۔ امریکا کے ساتھ تجارت کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات جاری ہیں اور معاہدوں تک پہنچنے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی معاملات پر ہم امریکی حکومت کے ساتھ مسلسل مذاکرات میں مصروف ہیں اور امید ہے کہ ہم کسی مفاہمت تک پہنچ جائیں گے۔ سکیورٹی کے معاملات پر میکسیکو کی صدر نے کہا کہ ان کے ملک نے امریکا کے ساتھ ایسے معاہدے کیے ہیں جو خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام، ماتحتی کے بغیر تعاون مشترکہ مگر مختلف ذمہ داری، باہمی احترام اور اعتماد کے اصولوں پر مبنی ہیں۔

بقیہ 37

پیدا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ کان کی دوبارہ پیداوار کا آغاز خطے میں نئی سرمایہ کاری، اچھی اجرت والی ملازمتیں اور طویل مدتی معاشی اعتماد لائے گا۔ منصوبے پر عملی کام 2027 کی پہلی ششماہی میں شروع ہونے کی توقع ہے جبکہ اس کے لیے تقریباً 490 ملین آسٹریلوی ڈالر (تقریباً 350 ملین امریکی ڈالر) کی سرمایہ کاری مختص کی گئی ہے۔ یہ کان 1890 کی دہائی میں قائم ہوئی تھی، تاہم 2014 میں دو الگ الگ حادثات میں 3 کارکنوں کی ہلاکت کے بعد اسے بند کر دیا گیا تھا۔

بقیہ 38

پر اتفاق کیا ہے، تینوں ممالک دفاعی صنعت، مشترکہ ٹیکنالوجی کی تیاری اور مسلح افواج کی استعداد بڑھانے کے لیے تعاون مزید بڑھائیں گے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ایران پاکستان کی امن کوششوں کا حصہ تھا، دورہ کشیدگی کے خاتمے کیلئے پاکستان کی سنجیدہ کوششوں کا مظہر ہے، عالمی ثالثی عدالت نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق پاکستان کے موقف کی تائید کی، اگلے سال پاکستان ایس سی او سربراہ اجلاس کی میزبانی کرے گا، پاکستان کی ایس سی او چیئرمین شپ کا موضوع وژن کو عمل میں بدلنا، رابطہ کاری، جدت اور مشترکہ خوشحالی ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے بدھ کو یہاں ہفتہ وار پریس بریفنگ میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف بشکیک میں ہیں جہاں انہوں نے کرغزستان کے صدر صدیر جاپاروف سے ملاقات کی ہے، پاکستان اور کرغزستان کے درمیان تجارت، معیشت، سرمایہ کاری اور انفراسٹرکچر سمیت مختلف شعبوں میں کئی معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف اور کرغز صدر صدیر جاپاروف نے مشترکہ پریس ٹیک آوٹ میں دونوں ممالک کے تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔ ترجمان طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت اجلاس اور ایس سی او پلس سمٹ میں شرکت کی، وزیراعظم اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایس سی او سربراہ اجلاس کے موقع پر مختلف ممالک کے ہم منصبوں اور عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے ایس سی او کے سیکرٹری جنرل اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے بھی ملاقاتیں کیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم کی ایک سال کے لیے چیئرمین شپ سنبھال لی، اگلے سال پاکستان ایس سی او سربراہ اجلاس کی میزبانی کرے گا، پاکستان کی ایس سی او چیئرمین شپ کا موضوع وژن کو عمل میں بدلنا، رابطہ کاری، جدت اور مشترکہ خوشحالی ہے، پاکستان ایس سی او رکن ممالک کے ساتھ علاقائی امن و استحکام، معاشی تعاون، رابطہ کاری اور مشترکہ ترقی و خوشحالی کے فروغ کے لیے مل کر کام کرے گا۔ ترجمان نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت قائم اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کا افتتاحی اجلاس 31 اگست کو استنبول میں ہوا، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے بحرانوں کے پرامن حل، تحمل اور کشیدگی میں کمی کے ذریعے علاقائی امن و استحکام کے عزم کا اعادہ کیا، تینوں ممالک نے مکہ معاہدے کے تحت تعاون کو مزید ادارہ جاتی شکل دینے، اجتماعی دفاع اور مشترکہ سلامتی کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے سیکرٹریٹ کا قیام سعودی عرب میں عمل میں لایا جائے گا، مکہ معاہدے کے سیکریٹری جنرل کا تقرر ابتدائی طور پر تین سال کے لیے پاکستان سے کیا جائے گا،

بقیہ 39

کے 4 ارکان کو بورڈ سے ڈی نوٹیفائی کر دیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر متی الرحمٰن، لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ ڈاکٹر عارف مقصود علی، مس اسما خلیل اور مسٹر کاشف ظہور چوہدری بھی آئی ایچ آر اے بورڈ کی رکنیت سے ڈی نوٹیفائی کر دیے گئے۔ چاروں ارکان کو 31 اگست 2026 سے اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی بورڈ سے ڈی نوٹیفائی کیا گیا۔ وزارت قومی صحت نے آئی ایچ آر اے بورڈ کے ارکان کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ 40

کی فراہمی، صحت کے شعبے میں مختلف اشتراکی منصوبوں اور بلوچستان کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی بھی موجود تھے ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھتی ہے۔ صوبے کے غریب اور مستحق عوام کو بہتر اور معیاری علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے صرف طبی مراکز اور جدید آلات کافی نہیں، بلکہ تربیت یافتہ اور باصلاحیت افرادی قوت بھی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ حکومت بلوچستان میرٹوکریسی کے فروغ اور اداروں میں اہل افراد کی تعیناتی کے اصول پر کاربند ہے تاکہ سرکاری نظام میں پیشہ ورانہ صلاحیت اور کارکردگی کو یقینی بنایا جاسکے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ سے کبھی کسی تقرری یا تعیناتی کے لیے سفارش نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ تمام معاملات میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر آگے بڑھنے چاہئیں، حکومت کسی بھی قسم کے سیاسی دباؤ کو میرٹ کی راہ میں حائل نہیں ہونے دے گی انہوں نے کہا کہ "ہم میرٹ پر کام کریں گے، سیاسی دباؤ میں لینے کو تیار ہوں لیکن میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔" وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں نجی اور غیر سرکاری اداروں کے تجربات اور مہارت سے بھی استفادہ کرنے کے لیے تیار ہے۔ انڈس ہاسپٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک جیسے اداروں کے ساتھ اشتراک سے صوبے کے دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے اور عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی خدمات کی فراہمی میں مدد مل سکتی ہے ملاقات میں ہیلتھ، ڈیرہ بگٹی میں انڈس ہاسپٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے منصوبے، طبی سہولیات، انسانی وسائل کی تربیت، صحت کے نظام میں بہتری اور مستقبل کے مختلف اشتراکی منصوبوں کے حوالے سے تجاویز کا جائزہ لیا گیا وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں صحت کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے عوام کو باوقار، بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مربوط اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 41

مطابق ون آن ون بات چیت تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی جس میں محسن نقوی نے صدر آصف علی زرداری کو اہم پیغام بھی پہنچایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر زرداری نے مختلف قومی معاملات بالخصوص نئے صوبوں کی بحث میں اپنے مؤقف پر قائم رہنے کا پیغام دیا۔ صدر مملکت آصف زرداری نے کہا کہ قومی مفاد میں تمام فریقوں کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔

بقیہ 42

کے اعزاز میں کرغزستان کے صدارتی محل میں باضابطہ استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ صدارتی محل پہنچنے پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کا ریڈ کارپٹ پر تپاک استقبال کیا گیا، کرغزستان کے صدر صادر نور ژاپاروف نے وزیراعظم شہباز شریف کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ وزیراعظم کے صدارتی محل آمد پر پاکستان اور کرغزستان کے قومی ترانے بجائے گئے۔ بعدازاں وزیراعظم شہباز شریف کو صدارتی محل آمد پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، دونوں رہنماؤں نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا، کرغزستان کی مسلح افواج کے چاق وچوبند دستے نے وزیراعظم کو سلامی دی۔ اس موقع پر کرغز صدر نے وزیراعظم شہباز شریف کا اپنے وفد کے ارکان سے تعارف بھی کرایا، جبکہ وزیراعظم نے بھی کرغز صدر سے پاکستانی وفد کے ارکان کا تعارف کرایا۔

بقیہ 43

کرتی ہیں، کرغزستان پاکستان کیلئے وسطی ایشیا اور وسیع تر یوریشیائی خطے تک رسائی کا اہم ٹرانسپورٹ پل بن سکتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور کرغزستان کے صدر کے درمیان دوستانہ اور برادرانہ ماحول میں بامعنی مذاکرات ہوئے جس کے بعد کرغزستان اور پاکستان نے دوطرفہ تعلقات کے مزید فروغ کے لیے مشترکہ اعلامیے پر دستخط کیے۔ اس موقع پر کرغزستان کے صدر نے وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ کرغزستان پر بیان میں کہا کہ کرغزستان اور پاکستان کے تعلقات نے مختصر عرصے میں غیر معمولی رفتار حاصل کی، پاکستان اور کرغزستان کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط باہمی اعتماد کا واضح ثبوت ہیں، کرغزستان اور پاکستان تعلقات کو نئی سطح پر لے جانے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کرغزستان کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کی متعدد دستاویزات پر دستخط کیے گئے، پاکستان کو شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، پاکستان کی شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت کے لیے اپنی حمایت کا یقین دلاتے ہیں، معیشت کرغزستان اور پاکستان کی شراکت داری کا بنیادی ستون ہونی چاہیے، صدر کرغزستان نے کہا کہ دوطرفہ تجارت بڑھانے، تجارتی اشیا کا دائرہ وسیع کرنے اور سرمایہ کاری کے فروغ پر اتفاق ہوا، ادویہ سازی، زراعت، توانائی، ہلکی صنعت اور سیاحت میں مشترکہ منصوبوں پر عمل درآمد کے لیے تیار ہیں، ڈیجیٹل معیشت اور ورچوئل اثاثوں سمیت مختلف شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سمندری بندرگاہیں کرغزستان کو جنوبی ایشیا اور عالمی تجارتی راستوں تک رسائی فراہم کرتی ہیں، کرغزستان پاکستان کیلئے وسطی ایشیا اور وسیع تر یوریشیائی خطے تک رسائی کا اہم ٹرانسپورٹ پل بن سکتا ہے، کاسا-1000 منصوبہ وسطی اور جنوبی ایشیا کے درمیان توانائی تعاون میں خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاسا-1000 منصوبے میں کرغزستان اور پاکستان کا تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق ہوا، ہزاروں پاکستانی طلبہ کرغزستان میں زیر تعلیم ہیں، زیادہ تر میڈیکل شعبے سے وابستہ ہیں، پاکستانی طلبہ دونوں ممالک کے درمیان انسانی اور عوامی روابط کا اہم حصہ ہیں، سائنس، ثقافت، سیاحت، نوجوانوں کے تبادلے اور کھیلوں میں تعاون دوطرفہ تعلقات کا اہم حصہ ہے، چھٹی عالمی خانہ بدوش کھیلوں میں پاکستان کی شرکت قابل تحسین ہے۔ صدر کرغزستان نے کہا کہ پاکستان بڑے کھیلوں کے وفد کے ساتھ عالمی خانہ بدوش کھیلوں میں شریک ہے، آج کے مذاکرات نے کرغزستان اور پاکستان کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے کی بنیاد فراہم کی ہے، پاکستان اور کرغزستان کے درمیان طے پانے والے معاہدوں پر مستقل مزاجی سے عملدرآمد کیا جائے گا، پاکستان کے برادر عوام کے لیے امن، خوشحالی اور مسلسل ترقی کے خواہاں ہیں۔

بقیہ 44

تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی، ماحولیاتی تبدیلیوں اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے اور اقتصادی شراکت داری کو نئی بلندیوں پر لے جانے کیلئے عملی اور نتیجہ خیز اقدامات پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ کرغزستان وسطی ایشیا میں پاکستان کا اہم شراکت دار ہے، دونوں ممالک کے درمیان راہداری تجارت معاہدہ خوش آئند پیشرفت ہے، معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط دوطرفہ تعاون کے فروغ کے نئے دور کا آغاز ہے، موجودہ دوطرفہ تجارت کے حجم کو آئندہ دو سال میں 16 ملین ڈالر سے 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا عزم رکھتے ہیں، کاسا1000 منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے، دہشت گردی، انتہا پسندی اور دیگر عصری خطرات سے نمٹنے کیلئے تعاون بڑھائیں گے۔ بدھ کو دستاویزات کے تبادلوں کی تقریب یہاں کرغزستان کے صدارتی محل میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف اور جمہوریہ کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف بھی موجود تھے۔ جمہوریہ کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مشترکہ اعلامیہ پر دستخط اور دستاویز کا تبادلہ کیا جن معاہدوں اور ایم او یوز کا تبادلہ کیا گیا ان میں انسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) اور جمہوریہ کرغزستان کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار سٹریٹجک انیشی ایٹو کے درمیان مفاہمت کی یادداشت کی دستاویز، پاکستان کی وزارت خارجہ اور کرغزستان کی وزارت خارجہ کے درمیان 27-2026 کیلئے تعاون کا پروگرام، پاکستان کی حکومت اور کرغزستان کے کابینہ وزرا کے درمیان ٹرانزٹ ٹریڈ بارے معاہدہ، کرغزستان اور پاکستان کی حکومت کے درمیان حوالگی کا معاہدہ، حکومت پاکستان اور کرغزستان کے درمیان سائنس اور تکنیکی تعاون کا معاہدہ، پاکستان اور کرغزستان کے درمیان فوجداری معاملات میں باہمی قانونی معاونت کے معاہدے کا مسودہ، کرغزستان کی وزارت داخلہ اور پاکستان کی وزارت داخلہ و انسداد منشیات کے درمیان منشیات، نشہ آور اشیا اور پریکرسر کیمیکلز وغیرہ کی سمگلنگ کی روک تھام میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت صحت اور پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے درمیان طبی تعلیم کیلئے تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت تعلیم اور پاکستان کی وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے درمیان تعلیم کے شعبہ میں تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت قدرتی وسائل، ماحولیات اور تکنیکی نگرانی اور پاکستان کی وزارت موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ کاری کے درمیان ماحولیات اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبے میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت، این ڈی یو پاکستان اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار سٹریٹجک انیشی ایٹوز کرغزستان کے درمیان اکیڈمک ریسرچ اور معاون سرگرمیوں کے شعبے میں مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کے صدر کیز زیر انتظام قومی ایجنسی برائے ورچوئل ایسٹس اور بلاک چین ٹیکنالوجیز اور پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کے درمیان ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں تعاون کے لیے مفاہمت کی یادداشت، لاہور اور کرغزستان کے شہر اوش کے درمیان سسٹر سٹی تعلقات کے قیام کا معاہدہ، او جے ایس سی کرغز پوسٹ اور پاکستان پوسٹ کے درمیان پوسٹل سروسز اور ای کامرس کے شعبے میں باہمی تعاون سے متعلق دوطرفہ معاہدہ اور کرغزستان کے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے درمیان تعاون کے معاہدے کی دستاویزات کا تبادلہ کیا گیا۔ پاکستان کی طرف سے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی جبکہ کرغزستان کی طرف سے متعلقہ وزرا نے دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ بعد ازاں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پہاڑوں میں گھرے خوبصورت شہر بشکیک میں موجودگی پر خوشی ہے، پرخلوص اور فراخدلانہ میزبانی پر کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف اور کرغز عوام کے شکر گزار ہیں، کرغزستان کے عوام کو پاکستان کے عوام کی طرف سے یوم آزادی اور ورلڈ نومیڈ گیمز کی میزبانی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں، مجھے بھی افتتاحی تقریب میں شرکت کا موقع ملا، پاکستان بھی ان کھیلوں میں حصہ لے رہا ہے۔ وزیراعظم نے کرغزستان کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا 2027-28 کیلئے غیر مستقل رکن منتخب ہونے اور شنگھائی تعاون تنظیم کی کامیاب چیئرمین شپ پر بھی مبارکباد دی۔ وزیراعظم نے کہا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ان کی ٹیم نے کرغزستان کے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کے انتخاب کیلئے انتھک کوششیں کیں، کرغزستان کے صدر کی قیادت میں ملک کی شاندار ترقی سے بہت متاثر ہوئے ہیں اور کرغزستان نے متاثر کن اقتصادی اہداف حاصل کئے ہیں اور اس ترقی کو عوامی خدمت کا دائرہ وسیع کرنے اور کمزور طبقات کیلئے سہولیات کی فراہمی کے ذریعے بہتر معیار زندگی میں تبدیل کرنے کیلئے بامقصد اقدامات اٹھائے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کرغزستان کیساتھ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے فروغ اور دونوں ممالک کے درمیان دوستی کو مضبوط بنانے کا خواہاں ہے جو قوموں کے درمیان امن اور تعاون کے حوالے سے ہمارا مشترکہ مقصد ہے، اس سلسلے میں آج ہماری انتہائی تعمیری اور مفید بات چیت ہوئی ہے جس میں تجارتی تعلقات کے فروغ پر توجہ مرکوز کی گئی، جس کے بعد دوطرفہ تعاون اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی روابط کے فروغ کیلئے مختلف ایم او یوز پر دستخط کئے گئے ہیں۔

بقیہ 45

ٹیکنالوجی، انسداد منشیات، موسمیاتی تبدیلی، ورچوئل ایسٹس کے شعبوں کے تعاون کے فروغ جبکہ لاہور اور کرغزستان کے شہر اوش کے درمیان سسٹر سٹی تعلقات کے قیام کا معاہدہ شامل ہیں۔ اس حوالہ سے دستاویزات کے تبادلوں کی تقریب بدھ کو یہاں کرغزستان کے صدارتی محل میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور جمہوریہ کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف بھی موجود تھے۔

بقیہ 46

کے ذریعے شکار اور دیگر ثقافتی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا۔ دورے کے دوران وزیراعظم کو کرغز ثقافت اور اس سے منسلک مختلف روایتی سرگرمیوں، ثقافتی رقص اور دیگر روایتی فنون کا مظاہرہ پیش کیا گیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کرغز عوام کی شاندار ثقافتی روایات اور صدیوں پر محیط ورثے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے روایتی گھڑ سواری، عقابوں کے ذریعے شکار اور دیگر ثقافتی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا۔ وزیراعظم نے کرغزستان کی ثقافتی روایات کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 1

خصوصی افراد کو محفوظ، آسان اور مناسب سفری سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ ان کی نقل وحرکت میں آسانی، خود مختاری، معاشرتی رسائی اور اقتصادی خود کفالت کو فروغ دیا جاسکے۔ پروگرام ڈائریکٹر کمک منیر قمبرانی نے کہا کہ معذور افراد معاشرے کا اہم اور باصلاحیت حصہ ہیں اور انہیں زندگی کے ہر شعبے میں مساوی مواقع فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مناسب سفری سہولت کی عدم دستیابی خصوصی افراد کے لیے تعلیم، روزگار، کاروبار اور روزمرہ ضروریات تک رسائی میں بڑی رکاوٹ بنتی ہے انہوں نے مزید کہا کہ کمک پروگرام کا مقصد صرف امداد فراہم کرنا نہیں بلکہ خصوصی افراد کو عملی طور پر خود مختار اور باوقار زندگی گزارنے کے قابل بنانا ہے۔ تھری ویل موٹر سائیکلوں اور الیکٹرک اسکوٹرز کی فراہمی سے مستحق افراد اپنی روزمرہ سرگرمیوں، ملازمت، کاروبار اور دیگر سماجی امور میں زیادہ فعال کردار ادا کرسکیں گے کمک پروگرام کے تحت خصوصی افراد کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے فلاحی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، جس کا مقصد انہیں معاشرے کے مرکزی دھارے میں شامل کرنا اور ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ یہ اقدام خصوصی افراد کے لیے محض سفری سہولت نہیں بلکہ خود مختاری، عزت نفس اور معاشی بااختیاری کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 2

امور سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں دونوں سیاسی جماعتوں کے مابین روابط کو مضبوط بنانے پر اتفاق اور سیاسی وجمہوری رویوں کا خیر مقدم کیا گیا

بقیہ 3

مسلح افراد کے درمیان فائرنگ ایک شخص ہلاک دوسرا زخمی حالت میں گرفتار نقدی اور اسلحہ برآمد۔ پولیس کے مطابق پولیس اسٹیشن شالکوٹ کے علاقے میں پولیس چیکنگ پوائنٹ کے دوران دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار ملزمان تیز رفتاری سے جانے والے کو رکنے کا اشارہ کیا گیا تو موٹر سائیکل سواروں نے مبینہ طور پر پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی جبکہ پولیس کی جوابی کارروائی سے لالہ بزنجو نامی شخص جاں بحق جبکہ شفیع اللہ ولد جیلانی کو زخمی حالت حراست میں لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم شفیع اللہ کے خلاف چوری اور ڈکیتی سمیت 21 سے زائد مقدمات درج ہیں۔ گرفتار اور ہلاک ہونے والے ملزمان سے 15 ہزار روپے دو پستول بمعہ 7 راؤنڈز برآمد کرلیے گئے۔ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 5

میں اعلیٰ مقام حاصل کریں میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ جب نوجوان کامیابی حاصل کریں اور اچھے عہدوں پر پہنچیں تو اپنی کامیابی کو صرف اپنے لیے استعمال نہ کریں، بلکہ اپنے علم اور مقام کو اپنے عوام اور بلوچستان کی خدمت کے لیے استعمال کریں نوجوان نسل کی رہنمائی کریں اور ایک بہتر معاشرے کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا مصنوعی ذہانت، کمپیوٹر، سائنس، جدید صنعتوں اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے بہت تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے بلوچستان کے نوجوانوں کو بھی جدید ہنر سیکھنے، ان شعبوں میں داخل ہونے، نئے آئیڈیاز پیدا کرنے اور ٹیکنالوجی کا استعمال بلوچستان کی ترقی کے لیے کرنا چاہیے ہم ایک ایسا بلوچستان دیکھنا چاہتے ہیں جہاں تعلیم عام ہو، نوجوان ہنر مند ہوں، علم اور تحقیق کا احترام ہو اور ٹیکنالوجی ترقی کا ذریعہ بنے

بقیہ 6

بلوچ پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب سے اندرون صوبہ اور ملک پروازیں چلانے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اصغر علی ترین سندھ میں پشتون تاجروں کے خلاف کارروائیوں کی تحقیقات، حق دوتحریک کے مولانا ہدایت الرحمٰن منشیات کے عادی نوجوانوں کے لیے خصوصی بحالی مراکز کے قیام، جمعیت علماء اسلام کے رکن سید ظفر آغا صوبے میں کینسر کے علاج کے لیے ہسپتال کے قیام کی قراردادیں پیش کریں گے۔ اجلاس میں انسداد دہشتگردی (بلوچستان) ترمیمی مسودہ قانون بھی پیش کیا جائیگا۔ اجلاس میں محکمہ کھیل اور محکمہ سیاحت سے متعلق سوالات دریافت اور انکے جوابات دیئے جائیں گے۔ اجلاس میں نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ ضلع پنجگور میں دوسالوں کے دوران ادویات کا کوٹہ نہ ملنے اور مولانا ہدایت الرحمٰن دوسالوں کے دوران غیر قانونی ٹرالنگ کو روکنے کے لیے کی گئی کارروائیوں سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹسز پیش کریں گے

بقیہ 7

ضرورت ہے۔ سکول میں مزید ایک کمرہ درکار ہے تاکہ طلبہ کو بہتر انداز میں بٹھا کر تدریسی عمل جاری رکھا جاسکے، جبکہ واش روم کی سہولت بھی بچوں کی بنیادی ضرورت ہے علاقے میں درجہ حرارت کی شدت کے باعث پینے کے صاف پانی کی دستیابی بھی انتہائی اہم ہے، تاہم سکول میں پانی کی مناسب سہولت نہ ہونے کے باعث طلبہ کو مشکلات پیش آتی ہیں۔

بقیہ 8

پاکستان کے اصولی موقف کو تسلیم کرتے ہوئے واضح کر دیا ہے کہ بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے میں کوئی بھی ترمیم یا تبدیلی نہیں کرسکتا اور نہ ہی اس سے پیچھے ہٹ سکتا ہے یہ معاہدہ دونوں ممالک پر یکساں طور پر لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے بھارتی ہٹ دھرمی کو عالمی سطح پر شدید قانونی دھچکا لگا ہے اور پاکستان کا موقف مزید مضبوط ہو کر سامنے آیا ہے، پاکستان اپنے دریاؤں پر کسی بھی غیر قانونی تعمیر یا پانی کی چوری کو ہرگز برداشت نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے کشن گنگا ہائیڈرو الیکٹرک پلانٹ بنانے اور اس کے بعد رتلے منصوبے کو ڈیزائن کرنے پر پاکستان نے اعتراض اٹھایا تھا کہ ان منصوبوں کے ڈیزائن سندھ طاس معاہدے کی ضروریات پوری نہیں کرتے پاکستان اس معاملے کو ثالثی عدالت میں لے جانا چاہتا تھا جبکہ بھارت کا موقف تھا کہ معاملے کے لیے نیوٹرل ایکسپرٹ مقرر کیا جائے۔ تاہم ثالثی عدالت نے 2023 میں فیصلہ دیا کہ وہ اس تنازع کو سننے کی مکمل اہلیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مئی اور اگست میں آنے والے فیصلوں میں بھی بھارت کے آبی منصوبوں، ان کے ڈیزائن اور پانی ذخیرہ کرنے کی حدود سے متعلق معاہدے کی شرائط واضح کی گئیں، 31 اگست کو سامنے آنے والے تازہ فیصلے میں معاملہ مزید واضح ہوگیا اور بھارت سے کہا گیا کہ معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بنائے جانے والے منصوبوں کی تعمیر روک دی جائے۔ چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ پاکستان سندھ طاس معاہدے اور ثالثی عدالت کے فیصلے کے بعد اپنا حق نہیں چھوڑے گا۔

بقیہ 9

ہے، سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد نے حملے کو بزدلانہ عمل اور معتبر سیاسی آوازوں کو دبانے کی سازش، صوبے کی تاریخ، ثقافت، ورثے پر حملہ قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حملے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کرکے اصل محرکات اور پس پردہ عناصر کو سامنے لایا جائے۔ سردار شیر باز خان ساتکزئی نے سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اختلاف رائے جمہوری معاشرے کا حسن ہے، مگر تشدد کسی صورت قابل قبول نہیں، سردار نادر خان لانگو حملے کی شدید الفاظ میں مذمت اسے انتہائی افسوسناک، بزدلانہ اور تشویشناک اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایک معزز قبائلی وسیاسی خاندان کے گھر کو نشانہ بنانا انتہائی سنگین اور ناقابل قبول واقعہ ہے، اس طرح کے واقعات سے نہ صرف علاقے میں خوف و ہراس پیدا ہوتا ہے بلکہ امن وامان کی صورتحال اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے بھی شدید خدشات جنم لیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نواب محمد اسلم خان رئیسانی اور نوابزادہ میر لشکری خان رئیسانی کے خاندان کے ساتھ پیش آنے والے اس واقعے کو معمولی سمجھ کر نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، حکومت فوری طور پر واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے حملے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات اور ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دے۔ انہوں نے نواب محمد اسلم خان رئیسانی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی اور ان کے خاندان سے مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ لانگو قبائل اس مشکل اور تشویشناک گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 10

میں خالی آسامیوں کی تفصیلات، ترقی کے منتظر ملازمین اور ابتدائی بھرتیوں سے متعلق امور پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ خالی آسامیوں، ترقیوں اور بھرتیوں کے معاملات قواعد وضوابط، میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق نمٹائے جائیں تاکہ محکموں کی کارکردگی متاثر نہ ہو۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اجلاس کے فیصلوں پر مقررہ مدت کے اندر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام سیکرٹریز اپنے اٹیچڈ محکموں میں ملازمین کی بروقت اور مستقل حاضری کو یقینی بنائیں تاکہ عوامی سہولیات بروقت اور موثر انداز میں فراہم ہوں۔ حاضری

کاٹھوس نظام، ذمہ دارانہ نگرانی اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف قانونی کارروائی سے سرکاری خدمات کی شفافیت اور عوامی اعتماد میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 11

قومی ہڑتال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ امن کو ہر شہری ترس رہا ہے، بدامنی، مہنگائی اور دہشت گردی سے معاشرے کا ہر طبقہ متاثر ہے۔ ان شاء اللہ 3 ستمبر کو ملک بھر کی طرح بلوچستان کے تمام شہر بھی مکمل طور پر بند ہوں گے۔ حکمران اور سیکیورٹی فورسز عوام کی تباہی و بربادی کا تماشہ دیکھنے کے بجائے اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے بلوچستان میں امن وامان بحال کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تاجروں اور دکانداروں کے وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو اور 3 ستمبر کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 12

ہے اور تنظیم کی جانب سے کسی بھی اہم معاملے پر موقف صدر، صوبائی کابینہ اور ترجمان کے باہمی رابطے اور مشاورت کے بعد ہی جاری کیا جاتا ہے۔ ترجمان تنظیم کا مجاز نمائندہ ہے، تاہم ترجمان کی جانب سے بھی کوئی بیان صدر اور صوبائی کابینہ کو اعتماد میں لیے بغیر جاری نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے واضح کیا کہ تنظیم کے صدر، صوبائی کابینہ اور ترجمان باہمی مشاورت سے تاجر برادری کے اہم معاملات پر تنظیمی موقف مرتب کرتے ہیں، جس کے بعد ہی اسے مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کا باضابطہ موقف قرار دیا جاتا ہے۔ کسی فرد کی جانب سے تنظیمی قیادت اور کابینہ کو اعتماد میں لیے بغیر تنظیم کا نام استعمال کرنا تنظیمی اصولوں کے منافی ہے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ موجودہ معاملے میں مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر، صوبائی کابینہ اور ترجمان کو اعتماد میں لیے بغیر تنظیم کے نام سے ہڑتال کا اعلان کیا گیا، جس کی مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان واضح طور پر تردید کرتی ہے اور اس اعلان سے لاتعلقی کا اظہار کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان تاجر برادری کے اجتماعی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام فیصلے باہمی مشاورت سے کرتی ہے۔ کسی بھی ہڑتال یا اجتماعی اقدام سے متعلق فیصلہ بھی صدر، صوبائی کابینہ اور ترجمان کی مشاورت سے ہی کیا جائے گا اور اس حوالے سے باقاعدہ اعلان تنظیم کے مجاز پلیٹ فارم سے جاری کیا جائے گا۔ ترجمان نے تاجر برادری سے اپیل کی کہ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے نام سے سامنے آنے والے کسی بھی بیان، اعلان یا پیغام کو تنظیم کا باضابطہ موقف سمجھنے سے قبل اس کی تصدیق ضرور کریں۔ تنظیم کا مستند موقف صدر، صوبائی کابینہ کی مشاورت اور ترجمان کے ذریعے باضابطہ طور پر جاری کیا جائے گا۔ انہوں نے ایک بار پھر واضح کیا کہ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کی جانب سے ہڑتال کا کوئی اعلان نہیں کیا گیا اور تنظیم کے نام سے جاری ہونے والے ایسے کسی بھی اعلان کی تردید کی جاتی ہے۔

بقیہ 13

ممبران کے ہمراہ کیک کاٹا اور اپنے چار سالہ تعلیمی سفر کی کامیاب تکمیل پر خوشی کا اظہار کیا۔ طلبہ نے کالج انتظامیہ اور فیکلٹی کی بھرپور محنت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے بالخصوص پرنسپل کالج آف نرسنگ پشین ریاض لوکیس کی ہر مرحلے پر رہنمائی اور تعاون کو سراہا۔ تقریب کے دوران فائنل سمسٹر کے طلبہ نے اپنے ریسرچ تھیسز بھی مکمل کرکے پرنسپل ریاض لوکیس کو جمع کروائے۔ اس موقع پر ٹیوٹر حیدر علی، مس مسومہ کاکڑ، مس ناہید اختر، پروفیسر عبدالقیوم اور ڈاکٹر عمیر خان نے طلبہ کی پریزنٹیشنز اور مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں خصوصی شاباش دی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب کے اختتام پر پرنسپل ریاض لوکیس نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں اسناد اور شیلڈز تقسیم کیں، جبکہ فیکلٹی کی جانب سے دیگر طلبہ کو بھی ان کی کارکردگی کے اعتراف میں میڈلز اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔ اس موقع پر طلبہ کا کہنا تھا کہ کالج آف نرسنگ پشین میں گزارے گئے چار سال ان کی زندگی کا ایک یادگار حصہ ہیں اور وہ یہاں سے وابستہ حسین یادوں، اساتذہ کی شفقت اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ گزارے ہوئے لمحات کو ہمیشہ اپنے دلوں میں محفوظ رکھیں گے۔ پرنسپل ریاض لوکیس نے اپنے خطاب میں فارغ التحصیل ہونے والے طلبہ کو تلقین کی کہ وہ عملی زندگی میں مریضوں کی خدمت کو عبادت سمجھیں، اپنے فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتیں اور محنت، دیانت داری اور لگن کے ساتھ اپنے پیشے اور کالج آف نرسنگ پشین کا نام روشن کریں۔ تقریب کے اختتام پر طلبہ کو نیک تمناؤں اور دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا گیا۔

بقیہ 14

عصمت عزیز، قاری عبدالرزاق، مولانا حیات اللہ، قاری عزت اللہ، مولانا شکیل احمد ساجد، مولانا سلیمان، مولانا جان محمد، مولوی نصر اللہ اسماعیل لہڑی، اصغر رئیسانی، شریف اللہ شاہوانی، محمود عزیز، قاری محمد عیسیٰ، حافظ رحیم اللہ، حاجی محمد اقبال، مولانا امان اللہ اور دیگر رہنما موجود تھے۔۔۔ رہنماؤں نے کہا کہ جب مقامی انتظامیہ کی جانب سے کھڈ کوچہ کی آبادیوں کو 48 گھنٹوں کے اندر علاقہ خالی کرنے کی ہدایت دی گئی تو علاقے کی تقریباً 80 فیصد آبادی اپنی جان ومال کے تحفظ کی خاطر جوق در جوق نقل مکانی پر مجبور ہوئی۔ اس دوران مستونگ کی مقامی و ضلعی جماعتوں نے جمعیت علماء اسلام کی مرکزی قیادت، خصوصاً مرکزی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری سے ٹیلی فون پر رابطہ کرکے علاقے کی تشویشناک صورتحال سے آگاہ کیا۔

بقیہ 15

مولانا عبدالرحمن رفیق نے ضلع کوئٹہ بھر کے تمام یونٹوں اور تحصیلوں کے امراء ونظماء صاحبان کا ایک اہم نمائندہ اجلاس آج بروز جمعرات 3 ستمبر کو سہ پہر 3 بجے ضلعی سیکرٹریٹ واقع اینگل روڈ کوئٹہ میں طلب کرلیا ہے۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری تنظیمی سرگرمیوں، عوامی مسائل کے حل کے لیے قائم سماجی کمیٹیوں کی کارکردگی، یونٹ اور تحصیل کی سطح پر تنظیمی امور کو مزید فعال بنانے، عوامی رابطہ مہم کو مؤثر بنانے اور آئندہ کے لائحہ عمل سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی غور وخوض کیا جائے گا۔ اس موقع پر ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس نے ضلع بھر کے تمام امراء ونظماء صاحبان سے اپیل کی ہے کہ وہ اجلاس کی اہمیت کے پیش نظر مقررہ وقت پر اپنی شرکت یقینی بنائیں تاکہ تنظیمی امور کو باہمی مشاورت سے آگے بڑھایا جاسکے اور عوامی خدمت کے سلسلے کو مزید مؤثر بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کی مشکلات کے ازالے کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھتے ہوئے تنظیمی سطح پر مربوط حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات جاری رکھے گی، جبکہ یونٹ سے ضلع کی سطح تک جماعتی نظم ونسق کو مضبوط بنانا اور کارکنوں وعوام کے درمیان رابطے کو مزید مستحکم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 16

مصنوعات کی ہوشربا اضافہ نے عوام کو ایک اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور کردیا۔ حکومت بدامنی ومہنگائی کی ستائی عوام پر پیٹرولیم مصنوعات پیٹرول اور ڈیزل پر 106 لیوی ڈال رہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک آج جس بدامنی، مہنگائی اور معاشی بحران اور مسائل کا سامنا کررہی ہے پاکستان کی تاریخ میں عوام نے ایسے حالات نہیں دیکھے ہیں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا براہ راست اثر ٹرانسپورٹ، اشیائے خوردونوش اور روزمرہ کی دیگر ضروریات پر پڑچکی ہے جس سے غریب اور متوسط طبقہ متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت کا ہر پہلو جمود کا شکار ہو چکا ہے۔ معاشی استحصال اور ظالمانہ فیصلوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہے جس کے باعث ملک کے مستقبل بحران کی کیفیت سے دوچار ہو رہی ہے۔ استحصالی نظام اور جبرواستبداد سے نجات کے لیے جدوجہد ناگزیر ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عام عوام اور تاجر کی جان ومال غیر محفوظ ہے۔ عدم تحفظ سے ٹرانسپورٹر تجارت آزادانہ نقل وحرکت مسلسل متاثر ہو رہی ہے۔ سرحدی تجارت کی بندش، وسائل پر اختیار اور چیک پوسٹوں کے مسائل سے عوام اذیت کا سامنا کررہی ہے وفاق نے بلوچستان سے سوتیلی ماں جیسا سلوک رکھا گیا ترقی سے بلوچستان کو محروم رکھا گیا سلیکٹڈ حکومت میں آزادانہ اور خودمختار معاشی پالیسیوں کی صلاحیت نہیں رہا جس سے بلوچستان بدامنی سنگین اقتصادی ومعاشی مسائل کا شکار ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کی عدم سنجیدگی سے بلوچستان میں بدامنی کی آگ جل رہی ہیں بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں پورے صوبے میں کہیں بھی حکومت کی رٹ دکھائی نہیں دیتی۔ عوام کی عزتیں مال وجان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے۔

بقیہ 17

اور کنٹینرز کا بھی معائنہ کیا اور ایک بند کنٹینر کیفے کو مناسب متبادل مقام پر منتقل کرنے کی ہدایت دی انہوں نے کہا کہ میرین ڈرائیو گوادر کی خوبصورتی کے ساتھ ایک اہم تفریحی وسیاحتی مقام بھی ہے، اس لیے صفائی، شجرکاری، لائٹنگ اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات مزید موثر بنائے جائیں۔

بقیہ 18

کورٹیج سمیت مختلف اہم امور پر غور کیا گیا ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے محکمہ صحت، پولیو پروگرام، عالمی ادارہ صحت، یونیسف، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ باہمی رابطہ کاری اور مربوط حکمت عملی کو مزید موثر بنایا جائے تاکہ مہم کے دوران کسی قسم کی رکاوٹ پیش نہ آیا انہوں نے خصوصی طور پر ان بچوں تک رسائی یقینی بنانے پر زور دیا جو گزشتہ پولیو مہمات کے دوران کسی وجہ سے حفاظتی قطرے پینے سے محروم رہ گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ غیر حاضر، انکاری اور نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کے بچوں کی نشاندہی کر کے خصوصی حکمت عملی کے تحت ان کی ویکسینیشن یقینی بنائی جائے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ فیلڈ ٹیموں کی موثر نگرانی اور مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے، جبکہ مہم کے دوران سامنے آنے والے انتظامی یا فنی مسائل کے فوری حل کے لیے مربوط نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہر یونین کونسل اور دور دراز علاقوں میں ٹیموں کی کارکردگی پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے واضح کیا کہ انسداد پولیو مہم قومی فریضہ اور بچوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے، لہٰذا اس اہم ذمہ داری کی انجام دہی میں کسی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا ناقص کارکردگی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی مشترکہ کوششوں سے مہم کی روزانہ بنیادوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جاسکے اور ضلع لورالائی کو پولیو فری بنانے کے قومی مشن میں بھرپور کردار ادا کیا جاسکے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ تمام متعلقہ اداروں کے باہمی تعاون اور موثر حکمت عملی کے ذریعے آئندہ انسداد پولیو مہم کو ضلع لورالائی میں کامیاب اور موثر بنایا جائے گا۔

بقیہ 19

وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو بائرنگ کی رقم فوری طور پر ادا کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو بائرنگ کی مد میں 197000 روپے کی ادائیگی کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 20

محمد آغا کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے قبضے میں لے لی اور فرحان کے قبضے سے غیر قانونی رائفل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلیا۔ پشتون آباد پولیس نے عمر کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا اس کے علاوہ تھانہ امیر محمد دستی کے عملے نے نامزد ملزمان عبداللطیف، عبدالرؤف، محمد اصغر کو گرفتار کرلیا۔ تھانہ جناح ٹاؤن کے عملے نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے منظور احمد مری کو حراست میں لے لیا جبکہ مغویہ خاتون مسماۃ (س) کو بازیاب کرالیا اور گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔ دریں اثناء ریلوے پولیس کوئٹہ نے ریلوے کا سامان چوری کرنے والے اسٹیشن ماسٹر اور اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر سمیت 2 ملازمین کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گزشتہ دنوں ریلوے پولیس کو اطلاع ملی کہ سریاب ریلوے اسٹیشن سے سامان چوری کرکے لے جایا جارہا ہے جس پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسٹیشن ماسٹر، اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر، ماسٹر گینگ مین کو گرفتار کرلیا۔ اور ان سے ریلوے پٹریوں کا سامان برآمد کرلیا ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 21

اجرا، مالیاتی امور، Escrow Account میں فنڈز کی منتقلی، منصوبے پر عملدرآمد کی پیش رفت اور SAFA کوئٹہ کی جانب سے فراہم کی جانے والی خدمات سمیت دیگر متعلقہ معاملات پر غور وخوض کیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے منصوبے کی موجودہ صورتحال، پیش رفت اور درپیش مسائل سے متعلق سیکرٹری بلدیات کو تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری محکمہ بلدیات ودیہی ترقی عبدالرؤف بلوچ نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور ٹھوس کچرے کے مؤثر انتظام کو بہتر بنانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ Integrated Solid Waste Management Projec کے ذریعے شہر میں کچرے کی صفائی، جمع آوری، منتقلی اور مناسب طریقے سے تلف کرنے کے نظام کو جدید اور مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے سے متعلق مالیاتی اور انتظامی امور کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے، تاکہ مطلوبہ فنڈز متعلقہ Escrow Account میں منتقل کیے جاسکیں اور منصوبے پر عملی پیش رفت میں مزید تیزی لائی جاسکے۔ سیکرٹری بلدیات نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت منصوبے پر مؤثر عملدرآمد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط رابطہ اور باہمی تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ منصوبے کی نگرانی، کارکردگی کے جائزے اور مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر مانیٹرنگ میکنزم کو مزید فعال بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ SAFA کوئٹہ کی کارکردگی اور منصوبے کے تحت فراہم کی جانے والی صفائی کی سہولیات کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا، جبکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لیے دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ کوئٹہ شہر میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی، مؤثر نگرانی، بروقت کچرے کی منتقلی اور صفائی کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ متعلقہ افسران نے اجلاس کو یقین دہانی کرائی کہ منصوبے پر عملدرآمد کے حوالے سے طے شدہ اقدامات کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

بقیہ 22

کیے جانے والے نئے ترقیاتی منصوبے کے حوالے سے بھی تفصیلی بریفنگ پیش کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون اور رابطہ کاری جاری رکھی جائے گی۔ اجلاس میں نئے منصوبے کے مختلف پہلوؤں، ممکنہ اقدامات اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے متعلق امور پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 23

لسٹ پر عملدرآمد اور فیلڈ وزٹ رپورٹس کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے، جبکہ گرانفروشی اور مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام کو اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 24

کے لیے نبرد آزما رہا ہے ان کی طویل اور پرعزم جدوجہد پر نیشنل پارٹی انہیں بھرپور خراج عقیدت پیش کرتا ہے پارٹی بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ ان ہی اکابرین کی بدولت آج بھی بلوچ اپنی قومی شناخت اور تشخص کے ساتھ اپنے سرزمین پر آباد ہے ان اکابرین نے ساحل وسائل اور بلوچ قومی تشخص پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا جیل اور زندانوں کا سامنا کیا مگر ان کا سوچ اور فکر کبھی پسپا نہیں جس کے لیے وہ خراج عقیدت کے مستحق ہیں۔

بقیہ 25

تھانہ کی 83 منصوبوں پر مختلف اضلاع کے انجینئرز نے اپنے اپنے علاقوں میں جاری پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور منصوبوں کو درپیش مالی اور تکنیکی مسائل سے آگاہ کیا۔ سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے ہدایت دی کہ اہم نوعیت کے منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی سست روی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ وقت کم اور چیلنجز زیادہ ہیں لہٰذا تمام انجینئرز اس بات کو یقینی بنائیں کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل محکمہ کی اولین ترجیح رہے انہوں نے مزید ہدایت دی کہ منصوبوں کو درپیش تمام تکنیکی مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے سست روی کا شکار ایگزیکٹو انجینئرز کو شوکاز نوٹس بھی دیے انہوں نے ایگزیکٹو انجینئرز بلڈنگز کو ٹائم لائن دیتے ہوئے کہا کہ مقررہ مدت تک ان منصوبوں کی تکمیل کو ہر صورت میں یقینی بنائی جائے بصورت دیگر متعلقہ حکام کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ ان منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کی سمجھوتہ نہ کیا جائے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے چیف انجینئرز اور ایس ایز کو ہدایت کی کہ وہ خود منصوبوں کا باقاعدگی سے دورہ کریں اور ہر دو ہفتے بعد پیش رفت رپورٹ ارسال کریں ان رپورٹس میں تکنیکی مسائل کی نشاندہی بھی شامل کی جائے تاکہ منصوبوں کی رفتار متاثر نہ ہو اور کام بلاتعطل جاری رہے۔

بقیہ 26

نصر اللہ لونی اور دیگر متعلقہ افسران ونمائندگان نے شرکت

کی۔ اجلاس میں مارکیٹ میں روزانہ کی بنیاد پر اشیائے ضروریہ کے نرخوں کے تعین، سبزی منڈی سے حاصل ہونے والے نرخوں کی تصدیق، ٹرانسپورٹیشن اخراجات اور مناسب منافع کو مدنظر رکھتے ہوئے کی بازار کے لیے نرخ مقرر کرنے، جبکہ پیٹرول وڈیزل کے نرخوں کے تعین اور عوام کو زائد قیمتوں پر اشیاء کی فروخت کی روک تھام کے حوالے سے مختلف امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم خان حریفال نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخ نامے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو مقررہ اور مناسب نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 27

نے بتایا کہ حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت نے ملکر 16 ہزار متاثرہ خاندانوں کیلئے گھروں کی تعمیر کا اعلان کیا ڈپٹی کمشنر آواران نے اجلاس میں آواران کیلئے منظور شدہ چھ ارب روپے لاگت کے ترقیاتی پیکیج سے متعلق بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس ترقیاتی پیکیج میں بس ٹرمینل لائبریری مارکیٹ سڑکوں کی تعمیر اور ماڈرنائزیشن کے تحت کام جاری ہیں اب تک اس منصوبے کیلئے ایک ارب روپے کے فنڈز کا اجراء ہو چکا ہے اور اس ترقیاتی پروگرام میں باہاس سڑکوں کی تعمیر بھی شامل ہے بریفنگ میں ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ بی ایس ڈی آئی فیز تھری میں آواران کے منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کی ٹینڈرنگ مکمل اپ لوڈ اور ورک آرڈر جاری کئے گئے ہیں انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے دس ہزار سے زائد بی آئی ایس پی پروگرام کے مستحقین کو بینظیر کفالت اور تعلیمی وظائف کے حصول کی مشکلات درپیش ہوتی ہیں اس سلسلے میں میکانزم بنانے کی ضرورت ہے کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کی پالیسی کے تحت گڈ گورننس کے رہنما اصولوں پر کوکمپرومائز نہیں کیا جائیگا تمام افسران کو ٹیم ورک کی صورت میں ملکر کام کرنا ہوگا عوام الناس کو سروسز ڈیلیوری دینی ہوگی اگر کوافسر اپنی ڈیوٹی سے کوتاہی کریگا تو اس کیخلاف ڈسپلنری ایکشن ہوگا سائرہ عطا نے کہ میں ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کرونگی اور منصوبوں کی فزیکل فنانشل پروگریس چیک کرونگی انہوں نے کہا کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کی خالی اسامیوں کو پر کروانے کیلئے ایس ایم بی آر حکام سے رابطہ کیا جائیگا ہم سب نے ملکر اس ملک صوبے اور ڈویژن کی ترقی کیلئے کام کرنا ہوگا کمشنر نے افسران پر واضح کیا کہ کسی بھی افسر کی جائے تعیناتی سے غیر حاضری ہرگز قبول نہیں کیجائیگی۔

بقیہ 28

ترین نے سکول کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے اساتذہ کرام کی حاضری اور تدریسی عمل کا جائزہ لیا دورے کے دوران گورنمنٹ گرلز ہائی داؤد کھیازئی میں ایک ٹیچر غیر حاضر پائی گئی انکوائری کے سسپنڈ کر دیا گیا جبکہ سختی سے تنبیہ کی گئی کہ آئندہ غیر حاضر رہنے سے اجتناب کیا جائے جبکہ آدم پور کی خستہ حال عمارت کی مرمت کرنے کی بھی ہدایت کی اور انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ایک سازگار اور مثبت تعلیمی ماحول یقینی بنایا

بقیہ 29

سختی سے ہدایت کی کہ دکانوں کے باہر کسی بھی قسم کا سامان رکھنے سے گریز کیا جائے اور تمام اشیاء دکان کے اندر رکھی جائیں تاکہ سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر آمدورفت میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ اس موقع پر موٹر سائیکل شوروم مالکان کو بھی ہدایت کی گئی کہ موٹر سائیکلیں سڑکوں پر کھڑی نہ کی جائیں اور شوروم کی حدود کے اندر ہی رکھی جائیں۔ اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے واضح کیا کہ تجاوزات کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ دکانداروں کو وارننگ دیتے ہوئے کہا گیا کہ آئندہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ دکانیں سیل کردی جائیں گی اور ضابطے کے مطابق مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں اور تاجروں سے اپیل کی کہ شہر کو صاف ستھرا رکھنے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور عوام کو آمدورفت میں سہولت فراہم کرنے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 30

احمد جاں بحق، ڈرائیور زاہد اور 2 افغان باشندوں عبدالکریم، اللہ داد زخمی ہوگئے۔ نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی مقامی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 31

میں مقدمہ میں مطلوب 5 ملزمان آدم خان، امان اللہ، مشتاق احمد، محمد نعیم اور گل زیب کو گرفتار کرلیا ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کردی۔ ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی شہری جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی اور مشکوک افراد کی سرگرمیوں کے حوالے سے فوری طور پر پولیس کو اطلاع دیں تاکہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کی جاسکے۔

بقیہ 32

سے نان سیلری کو بند کردیا گیا ہے جس کی بنیادی سبب صوبائی حکومت کی جانب سے لوکل کونسل فنانس کمیشن (LCFO) کا اجلاس تاحال منعقد نہ کرنا ہے، جس کے باعث بلوچستان بھر کی لوکل کونسلز شدید مالی بحران کا شکار ہو کر مفلوج ہو چکا ہے میر مظفر خان جمالی کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے لوکل کونسلز کے مالی معاملات کو مسلسل نظر انداز کرنا گڈ گورننس پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ بلدیاتی ادارے عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے قائم کیے گئے ہیں، لیکن نان سیلری اور ترقیاتی فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث ان اداروں کو غیر فعال بنانا عوامی مفاد کے منافی ہے میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ فوری طور پر لوکل کونسل فنانس کمیشن کا اجلاس طلب کیا جائے اور لوکل کونسلز کے زیر التوا فنڈز جاری کیے جائیں بصورت دیگر آئندہ کا لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری صوبائی حکومت پر عائد کی جائے گی۔

بقیہ 33

وکھڑوں اور عوامی آمدورفت میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ شہر کی مرکزی شاہراہوں اور اہم تجارتی علاقوں میں ناجائز تجاوزات کے باعث نہ صرف ٹریفک کا نظام متاثر ہو رہا ہے بلکہ پیدل چلنے والے شہریوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ڈپٹی کمشنر ریندر لعل نے متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ شہریوں کی سہولیات اور ٹریفک کی روانی کو مدنظر رکھتے ہوئے مین روڈ کے دونوں اطراف قائم تمام ناجائز تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز اور موثر کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 34

موقع پر میونسپل کمیٹی سنجاوی کے چیئرمین حاجی خان محمد دمڑ نے کہا کہ ڈینٹل روم اور جدید مشین کی فراہمی سے سنجاوی کے عوام کو دانتوں کے علاج کی بہتر سہولت مقامی سطح پر میسر آئے گی انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مزید اقدامات بھی جاری رکھے جائیں گے عوامی حلقوں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے سراہا صوبائی وزیر کمیونٹی ڈیولپمنٹ حاجی نور محمد خان دمڑ نے بھی اپنے پیغام میں کہا کہ سنجاوی سول ہسپتال میں ڈینٹل روم اور جدید ڈینٹل مشین کی فراہمی عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ سنجاوی سمیت پورے حلقے کے عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری صحت کی سہولیات میسر آئیں اور اس سلسلے میں مزید اقدامات بھی جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 35

چیک کیے اس موقع پر اسرار احمد مندوخیل نے متعلقہ حکام اور طبی عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری صحت مراکز میں آنے والے مریضوں کو دستیاب وسائل کے مطابق بہترین طبی سہولیات اور ضروری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائیانہوں نے عملے کی حاضری کو یقینی بنانے پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ تمام ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اور دیگر عملہ اپنی ڈیوٹی کے اوقات کی پابندی کرے اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنے فرائض ذمہ داری سے انجام دیں اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ صحت عامہ ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے اور دور دراز علاقوں میں قائم صحت مراکز کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے باقاعدہ نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی لاپرواہی کی نشاندہی ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ آر ایچ سی مینٹر سمیت تحصیل بھر کے سرکاری طبی اداروں کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ کے معائنے اور نگرانی کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا۔ ضلعی انتظامیہ لورالائی عوام کو بہتر، بروقت اور معیاری بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 36

اجلاس میں ٹھیکیدار برادری کو درپیش مسائل، آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کی تقریب حلف برداری، کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی انتظامیہ اور بی پیپرا کی جانب سے ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل سمیت دیگر امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اجلاس میں بی پیپرا اور حلف برداری، کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر سے ملاقات کیلئے الگ الگ کمیٹیاں تشکیل دی گئیں جو ملاقاتوں کے بعد اپنی رپورٹس آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے اجلاس میں پیش کریں گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل اور صدر میر عبدالسلام لانگو، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی نے کہا کہ اسوقت بلوچستان بھر کے ٹھیکیدار گوناگوں مسائل سے دوچار ہیں اور مختلف محکموں کے ایکسین کی جانب سے من پسند ٹھیکیداروں کو کام دینے پر ٹھیکیداروں میں سخت تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان بھر کے ٹھیکیداروں کی نمائندہ تنظیم ہے جو ٹھیکیدار برادری کے مسائل کے حل کیلئے قائم کی گئی ہے اور اب تک ٹھیکیداروں کو درپیش بہت سے مسائل حل کئے جاچکے ہیں جبکہ دیگر مسائل کے حل کیلئے ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور تمام محکموں کے سیکرٹریز کو چاہیے کہ وہ ٹینڈرنگ کے عمل کو صاف اور شفاف بنائیں اور مختلف اضلاع میں من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کا سلسلہ بند کیا جائے بصورت دیگر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی اور تمام اضلاع کے عہدیداروں کی تقریب حلف برداری اکتوبر کے پہلے ہفتے میں کوئٹہ میں منعقد کی جائے گی جس کی تیاریوں کیلئے باقاعدہ کمیٹی قائم کردی گئی ہے۔

بقیہ 37

اقتدار اور بلوچستان کے عوام کے حقوق کے لیے وقف کیے رکھی۔ انہوں نے آمریت ہو یا جمہوری حکومت، ہر دور میں بلاخوف وخطر بلوچستان کے عوام کے مسائل اور ان کے آئینی وسیاسی حقوق کی بات کی اور اپنے مقف پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔ میر شمس کرد نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کی سیاسی جدوجہد کا سب سے نمایاں پہلو ان کی اصول پسندی، جرات، سیاسی بصیرت اور ثابت قدمی تھی۔ وہ اقتدار کو منزل نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور اپنے قومی و جمہوری مقف کے اظہار کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ بلوچستان کے پہلے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے ان کا مختصر دور بھی اس امر کا عکاس تھا کہ وہ تعلیم، سیاسی شعور اور ادارہ سازی کو بلوچستان کی ترقی کی بنیادی ضرورت سمجھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل نے مشکل ترین سیاسی حالات، قید وبند، جلاوطنی اور ذاتی وسیاسی مشکلات کے باوجود اپنی جدوجہد ترک نہیں کی۔ ان کی زندگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حقیقی سیاسی رہنما حالات کے سامنے سرنگوں ہونے کے بجائے اپنے اصولوں پر قائم رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کی برسی محض ایک عظیم سیاسی شخصیت کو یاد کرنے کا دن نہیں بلکہ یہ عہد کرنے کا موقع بھی ہے کہ بلوچستان کے عوام کے بنیادی حقوق، جمہوریت، سیاسی آزادی، انصاف اور انسانی وقار کے لیے جدوجہد کو آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ 38

قومی و ملی پروگرام شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف سرکاری اسکولوں اور کالجوں میں بھی یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے پروقار تقریبات منعقد کی جائیں گی، جن میں حمد ونعت، ملی نغمے، ٹیبلوز اور اردو وانگریزی تقاریر کے ذریعے وطن عزیز سے محبت، قومی یکجہتی اور دفاع وطن کے جذبے کو اجاگر کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ یوم دفاع پاکستان کی تقریبات کے لیے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور تقریبات کو شایان شان انداز میں منعقد کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 39

آف پاکستان کے جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ اور جسٹس روزی خان بڑیچ نے بلوچستان صوبائی اسمبلی میں اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی سے ملاقات کی اور ان کے جواں سال صاحبزادے ثناءاللہ خان اچکزئی کے انتقال پر دلی تعزیت اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر معزز ججز نے مرحوم کے لیے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی اور سوگوار خاندان سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 40

انہوں نے کہا کہ بلوچستان سب کا گھر ہے اور صوبے میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جمہوری روایات، باہمی احترام اور سیاسی برداشت کی روایت قائم ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے پر تنقید ضرور کرتے ہیں تاہم اخلاقی اقدار، شائستگی اور عزت واحترام کی مضبوط روایات موجود ہیں۔ اختلاف رائے جمہوریت کا بنیادی حسن ہے اور اپوزیشن کا حکومت پر تنقید کرنا اس کا جمہوری حق ہے،

بقیہ 41

کی ہے۔ بدھ کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے اپنے تہنیتی خط میں کہا کہ 1945 میں آزادی حاصل کرنے کے بعد سے ویت نام نے متعدد چیلنجوں پر قابو پایا ہے اور سیاسی، معاشی اور سماجی شعبوں میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ویت نام کے ساتھ اپنے خوشگوار اور دوستانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور دونوں ممالک کے باہمی مفاد کے لیے دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور اس کی مکمل صلاحیت سے فائدہ اٹھانے کے لیے پرعزم ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور ویت نام آئندہ سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 55 ویں سالگرہ منائیں گے۔ اس اہم سنگ میل کے موقع پر صدر مملکت نے صدر تو لام کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی تاکہ اس اہم موقع کو مل کر یادگار بنایا جاسکے اور دونوں ممالک کے درمیان دوستی کو مزید مضبوط بنایا جاسکے۔

بقیہ 42

کورٹ میں دائر کر دی گئی۔ ڈاکٹر عظمیٰ خان کی جانب سے بانیء پی ٹی آئی سے ملاقات اور بچوں سے بات نہ کروانے پر توہین عدالت کی درخواست دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں 18 اگست کے عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے، عدالتی حکم کے باوجود بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ کروانے اور بانی کو بیٹوں سے فون کالز کی سہولت نہ دینے کا الزام لگایا گیا ہے۔ درخواست میں ڈاکٹر عظمیٰ خان، علیمہ خان اور قاسم زمان کو ملاقات سے روکنے کا الزام بھی شامل ہے۔ توہین عدالت کی درخواست کے ساتھ اضافی دستاویزات بھی جمع کروائی گئی ہیں اور اضافی دستاویزات کے لیے 2 متفرق درخواستیں بھی دائر کی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ 22 اگست کو بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف نے توہین عدالت کی درخواست دائر کی تھی۔ سپریم کورٹ میں درخواست عزیر بھنڈاری اور سلمان اکرم راجہ کی جانب سے دائر کی گئی تھی۔

بقیہ 43

مطابق داخلہ کمیٹی سے منظوری کے بعد بل سینیٹ اور قومی اسمبلی میں منظور کیلئے پیش کیا جائے گا۔ دوسری جانب اسلام آباد کیلئے بلدیاتی قانون میں ترمیم کے معاملے پر پیپلز پارٹی نے قائمہ کمیٹی میں حکومت کے بل کی مخالفت کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے تاہم پی پی اور پی ٹی آئی اور پیپلز پارٹی کے درمیان ایوان میں بل کی مخالفت کرنے کے لیے بات چیت جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد کے بلدیاتی قانون سے متعلق دونوں جماعتیں ایوان میں مشترکہ مخالفت کرسکتی ہیں۔ ذرائع کے مطابق مطابق وفاقی حکومت کا اسلام آباد میں بلدیاتی اداروں سے متعلق نافذ آرڈیننس 5 ستمبر کو ختم ہورہا ہے۔

بقیہ 44

کو مؤثر انداز میں آگے بڑھائے گا، پاکستان کے ساتھ قریبی اور دوستانہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کے خواہاں ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار کی کرغزستان کے وزیر خارجہ ژین بیک کلوبایف سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات وزیراعظم شہباز شریف کی کرغز صدر سے ملاقات سے قبل بشکیک میں ہوئی۔ اسحاق ڈار کی کرغزستان کو ایس سی او کی کامیاب صدارت اور مؤثر میزبانی پر مبارکباد دی۔ اسحاق ڈار نے ایس سی او ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں کرغز قیادت کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پاکستان کرغزستان سے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور علاقائی روابط بڑھانے پر توجہ ہے، علاقائی سلامتی اور عوامی روابط کے فروغ پر بھی توجہ مرکوز ہے۔ کرغز وزیر خارجہ نے پاکستان کو ایس سی او کی 2026-27 کی سربراہی سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایس سی او ایجنڈے کو مؤثر انداز میں آگے بڑھائے گا، پاکستان کے ساتھ قریبی اور دوستانہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کے خواہاں ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کا علاقائی و عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال ہوا اور ایس سی او اور دیگر کثیر الجہتی فورمز پر قریبی رابطہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک نے امن، استحکام اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 45

نے کہا کہ پاکستان کا خطے کی اہم تنظیم شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالنا اور لاہور کو 2026-27 کے لئے ایس سی او کا سیاحتی وثقافتی دارالحکومت قرار دیا جانا عالمی برادری کے پاکستان پر بڑھتے ہوئے اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سفارتی کامیابیاں پاکستان کے سفارتی میدان میں ابھرتے ہوئے تشخص اور عالمی برادری کے بڑھتے ہوئے اعتماد کی دلیل ہیں۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی مدبرانہ قیادت اور فعال سفارتکاری کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت اور متحرک سفارتی کاوشوں نے عالمی سطح پر پاکستان کے مقام اور وقار کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی مشترکہ سفارتی و تزویراتی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مکہ معاہدہ برائے مشترکہ دفاع کے تحت قائم سٹریٹجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کی جانب سے مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ سیکرٹریٹ کے پہلے سیکرٹری جنرل کے طور پر پاکستان سے تین سالہ مدت کے لئے تقرری کا فیصلہ عالمی سطح پر پاکستان کی قیادت پر اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ مسلم ممالک کے درمیان اجتماعی دفاع وسلامتی کے شعبوں میں تعاون کے فروغ کے لئے پاکستان کے موثر اور تعمیری کردار کا اعتراف بھی ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان کی ایس سی او صدارت کا موضوع وژن کو عملی جامہ پہنانا، روابط کا فروغ، جدت اور مشترکہ خوشحالی رکن ممالک کے درمیان مشترکہ امنگوں کو عملی تعاون میں ڈھالنے کے پاکستان کے عزم کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس سی او کی صدارت پاکستان کو علاقائی تعاون، امن، رابطہ سازی، جدت اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ میں موثر اور قائدانہ کردار ادا کرنے کا اہم موقع فراہم کرے گی۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ 2027 میں اسلام آباد میں پاکستان کی میزبانی میں منعقد ہونے والا ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ سربراہی اجلاس پاکستان کی مہمان نوازی، سفارتی صلاحیتوں اور علاقائی امن، رابطہ سازی اور پائیدار ترقی کے لئے پاکستان کے پختہ عزم کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کا ایک تاریخی موقع فراہم کرے گا۔

بقیہ 46

شفاف ہوئے، آزاد کشمیر کے وزیراعظم کا انتخاب کرنے کا حق نواز شریف کو تھا۔ پی سی بی نے فیلڈنگ کوچ کے لیے تلاش شروع کردی۔

بقیہ 47

اسلام آباد جبکہ 2 پروازیں لاہور اور لندن کے مابین آپریٹ کی جائیں گی، اس وقت پی آئی اے لندن کے لیے 4 ہفتہ وار پروازیں آپریٹ کررہا ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پروازوں کی تعداد میں اضافہ مسافروں کے اعتماد اور بڑھتی ہوئی مانگ کا مظہر ہے۔

بقیہ 48

وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ کرغزستان کے اختتام پر خودگاڑی ڈرائیو کرکے انہیں ایئرپورٹ پر الوداع کرنے کیلئے آنا مثالی مہمان نوازی اور دونوں ممالک کے مابین تعلقات کی مضبوطی کا اظہار ہے۔ صدر صادر ژاپاروف کا وزیراعظم کو ائیر پورٹ پر خود الوداع کرنا اور وزیراعظم کی کرغزستان کی جانب سے مثالی مہمان نوازی، پاکستان اور کرغزستان کے مابین برادرانہ تعلقات میں نئی جہتوں کا اضافہ ہے۔

بقیہ 49

کمیٹی کو ذمہ دار قرار دیا ہے، انکوائری کمیٹی کی تحقیقات ابھی جاری ہیں اور حتمی طور پر آگ لگنے کی پہلی وجہ کا تعین فرانزک ٹیسٹ کے بعد ہی ہوسکے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ جس شخص کو چاہے طلب کرے، اس کا انٹرویو کرے اور تحقیقات کے لیے متعلقہ اداروں سے تعاون حاصل کرے۔ کمیٹی کے پاس ڈیجیٹل معلومات، تمام ریکارڈ، ویڈیوز اور عینی شاہدین کی معلومات بھی موجود ہیں جبکہ تکنیکی معاونت کے لیے دیگر اداروں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں عام طور پر انکوائری کمیٹیوں کی رپورٹس پر سوالات اٹھتے ہیں اور کئی مرتبہ ان رپورٹس سے کوئی نتیجہ نہیں نکلتا، تاہم پرسائنے کی ابتدائی رپورٹ میں تمام ملبہ چھوٹے عملے پر نہیں ڈالا گیا بلکہ وہ افراد بھی کارروائی کی زد میں آئے ہیں جو 20، 20 سال سے وہاں کام کررہے ہیں اور بڑے عہدوں پر فائز ہیں۔

بقیہ 50

علاج معالجے کی بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے وفاقی وزیر صحت اور وفاقی سیکرٹری صحت خود پمز ہسپتال میں موجود رہ کر معاملات کی نگرانی کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک دن وفاقی وزیر صحت پمز ہسپتال میں بیٹھ کر طبی امور کی براہ راست نگرانی کریں گے۔ اس دوران ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے انتظامات اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا جائے گا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ایک دن وفاقی سیکرٹری صحت پمز ہسپتال میں موجود رہ کر انتظامی اور طبی معاملات کی نگرانی کریں گے۔ اس اقدام کا مقصد ہسپتال کے انتظامی امور اور طبی سہولیات سے متعلق مسائل کا براہ راست جائزہ لینا اور ان کے حل کے لیے فوری اقدامات کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں صحت کے شعبے سے متعلق اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا اور متعدد فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو بہتر، بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے صحت کے شعبے میں بہتری اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے متعلقہ حکام کو موثر اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاقی وزیر صحت اور وفاقی سیکرٹری صحت کی پمز ہسپتال میں براہ راست موجودگی کے ذریعے ہسپتال کے طبی اور انتظامی معاملات کو قریب سے مانیٹر کیا جائے گا، جبکہ مسائل کی نشاندہی کے بعد ان کے فوری حل کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 51

کر کے فرار ہو چکا تھا۔ سب انسپکٹر کی شہادت کے بعد سی ڈی ٹی کی خصوصی ٹیمیں ملزم عمر خان کا تعاقب کر رہی تھیں۔ سی سی ڈی ٹیم نے ملزم عمر خان کو راولپنڈی کے علاقے میں ٹریس کر کے ہتھیار ڈالنے کا کہا، تاہم ملزم نے ہتھیار ڈالنے کی بجائے سی سی ڈی ٹیم پر براہ راست فائرنگ شروع کردی۔ سی سی ڈی ٹیم نے بھی سیلف ڈیفنس میں فائرنگ کی، فائرنگ کے تبادلے میں خطرناک ملزم عمر خان ہلاک ہوگیا۔ ترجمان سی سی ڈی نے کہا کہ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے منظم جرائم کے خاتمے کی کوشش کر رہا ہے، جرائم پیشہ افراد کی مکمل سرکوبی تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 52

بڑے اور باتر کتب میلوں میں پاکستان کی شرکت کو مزید وسعت دی ہے، جو دونوں ممالک کے درمیان گہرے ثقافتی اور عوامی روابط کی عکاسی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق سدرن چائنہ بک فیئر کا آغاز پہلی مرتبہ 1993 میں ہوا تھا۔ یہ ایک جامع کتاب اور ثقافتی نمائش ہے جو عوامی فلاح، آسان رسائی، وسیع عوامی شرکت اور اعلیٰ معیار کی پیشکش کے اصولوں پر قائم ہے۔ رواں سال کتب میلے میں تقریباً 40 ہزار مربع میٹر رقبے پر نمائش کا اہتمام کیا گیا، جہاں 31 خصوصی پویلین قائم کیے گئے ہیں۔ چین اور دیگر ممالک کے 300 سے زائد اشاعتی اداروں نے 5 لاکھ سے زائد کتب اور ثقافتی وتخلیقی مصنوعات جبکہ تقریباً 30 ہزار غیر ملکی زبانوں میں شائع ہونے والے اصل ایڈیشنز نمائش کے لیے پیش کیے۔ یوریشین پویلین کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گوانگ ژو میں پاکستان کے قونصل جنرل سردار محمد نے کہا کہ کتابیں مختلف زبانوں، اقوام اور تہذیبوں کو جوڑنے والا ایک لازوال پل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستانی پویلین میں چین اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے حوالے سے خصوصی تصویری نمائش بھی پیش کی گئی ہے۔ نمائش میں پاکستان کے تین کاروباری اداروں اور ملک کے معروف اشاعتی ادارے نے شرکت کی، جہاں ادبی اور ثقافتی مواد کی متنوع اقسام پیش کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق نمائش میں شریک پاکستانی اشاعتی ادارے فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے بھی پاکستان کی مستند کتب اور ادبی تخلیقات کا انتخاب پیش کیا۔ 1894 سے قائم اس ادارے کی نمائش میں تاریخ، فلسفہ، جدید افسانوں اور شاعری سمیت مختلف موضوعات پر کتب شامل ہیں۔ خاص طور پر قابل ذکر امر یہ ہے کہ فیروز سنز چینی بچوں کی مقبول کتب کو اردو میں منتقل کرنے کے لیے بھی سرگرم عمل ہے جس کے ذریعے پاکستان کے کم عمر قارئین کو چین کے معیاری ادبی ورثے سے روشناس کرایا جارہا ہے اور ابتدائی عمر ہی سے بین الثقافتی تفہیم کو فروغ مل رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق افتتاحی تقریب میں پاکستانی فنکار نے روایتی ساز رباب پر شاندار فن کا مظاہرہ بھی کیا۔ رباب کی دلکش دھنوں نے حاضرین کو محظوظ کیا اور تقریب میں پاکستانی ثقافت اور موسیقی کے رنگ نمایاں ہوگئے۔

بقیہ 53

کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں رین ایمرجنسی نافذ ہے۔ واسا حکام کے مطابق نالہ لئی میں پانی کے بہاؤ کو مانیٹر کیا جارہا ہے، کٹاریاں میں پانی کا بہاؤ 5 فٹ، گوالمنڈی میں 3 فٹ ریکارڈ کیا گیا، نشیبی علاقوں میں عملہ ہیوی مشینری کے ساتھ موجود رہا۔ یاد رہے کہ منگل کو بھی راولپنڈی میں 230 ملی میٹر بارش کے بعد گلیاں اور سڑکیں ندی نالوں میں بدل گئی تھیں، گاڑیاں ڈوب گئیں، نشیبی علاقوں میں پانی گھروں میں داخل ہوگیا تھا۔ راول پنڈی میں گھر میں کرنٹ لگنے اور اسلام آباد میں چھت گرنے سے 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔

بقیہ 54

ہوئے کہا کہ پاکستان میں لسانی نہیں انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے بننے چاہئیں، ڈسٹرکٹ اور ڈویژن بڑھ سکتے ہیں تو صوبے کیوں نہیں بڑھ سکتے؟ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھودیش کے نعرے کو غداری نہیں، سندھ میں نیا صوبہ بنانے کو غداری کہا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی قومی اور صوبائی معیشت کے لیے سب سے بڑا حصہ دیتا ہے، کراچی کے وسائل پر کراچی کا اختیار نہ ہونے کے برابر ہے، مردم شماری میں کراچی کے ساتھ ناانصافی ہوئی۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھ میں ایک طبقہ بجٹ بناتا ہے، دوسرا اسے خرچ کرتا ہے، پاکستان کا اصل مسئلہ ٹریڈ ڈیفیسٹ سے زیادہ ٹرسٹ ڈیفیسٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف حکومت بچا سکتا ہے، ملک نہیں، اٹھارہویں ترمیم نے اختیارات وفاق سے صوبوں تک پہنچائے عوام تک نہیں، پاکستان طاقت سے نہیں، انصاف سے قائم رہ سکتا ہے۔

بقیہ 55

جانب سے جاری بیان کے مطابق نوٹس محمد فرخ، صفدر سجاد، فہمیدہ امین اور حنا صفدر کو جاری کیے گئے ہیں اور انہیں 3 ستمبر 2026 کو ایس ای سی پی کے کراچی دفتر میں تحقیقاتی ٹیم کے سامنے ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ان افراد کو اس سے قبل 31 اگست کو طلب کیا گیا تھا، تاہم نوٹسز کے مطابق وہ نہ تو پیش ہوئے اور نہ ہی نئی تاریخ کی درخواست کی۔ ایس ای سی پی نے 2 جون 2026 کو سیکیورٹیز ایکٹ 2015 کی دفعہ 139 کے تحت یونٹی فوڈز کے شیئرز میں غیر معمولی ٹریڈنگ کی باضابطہ تحقیقات شروع کی تھیں۔ تحقیقات میں متعلقہ افراد کی یونٹی فوڈز کے شیئرز میں ٹریڈنگ کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ محمد فرخ کو خصوصاً یونٹی فوڈز کے شیئرز بینکوں کے پاس گروی رکھنے سے متعلق وضاحت اور معاون ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ صفدر سجاد، فہمیدہ امین اور حنا صفدر سے یونٹی فوڈز کے شیئرز میں ان کی ٹریڈنگ سے متعلق بیانات ریکارڈ کیے جائیں گے۔ ایس ای سی پی غیر معمولی ٹریڈنگ اور متعلقہ لین دین کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ یہ تعین کیا جاسکے کہ آیا سیکیورٹیز قوانین کی کوئی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ چاروں افراد کو تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیشی کے موقع پر متعلقہ دستاویزات اور ٹریڈنگ ریکارڈ بھی ساتھ لانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 56

کے فروغ کے لیے ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن کی سیکرٹری جنرل سے بھی ملاقات کی۔ ریاض میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سائبر سیکیورٹی کے شعبے میں اہم تعاون کے لیے یادداشت پر دستخط کر دیے گئے۔ سعودی نیشنل سائبر سیکیورٹی اتھارٹی، این سی اے اور پاکستانی وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے درمیان ہونے والی یادداشت پر وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ اور این سی اے کے گورنر انجینئر ماجد المزید نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت سائبر اسپیس اور دونوں ممالک کے اہم مفادات کے تحفظ کے لیے تعاون کو فروغ دیا جائے گا، جبکہ ابھرتے ہوئے سائبر خطرات سے نمٹنے کے لیے مہارت اور تجربات کا تبادلہ بھی کیا جائے گا۔ دوسری جانب وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے ریاض میں جاری عالمی ٹیکنالوجی کانفرنس لیپ دوہزار چھبیس کی سائیڈ لائنز پر ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن، ڈی سی او کی سیکرٹری جنرل دیمہ الیحییٰ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈیجیٹل شعبے میں پاکستان اور ڈی سی او کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے اور مضبوط بنانے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 57

پاکستان کے احتسابی ادارے کی جانب سے اٹھائے جانے والے اہم اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے مختلف معاملات کی جامع تحقیقات کے نتیجے میں رقوم کی وصولی کے ذریعے قومی خزانے میں ہونے والے مالیاتی اضافے اور نیب کی مجموعی کاوشوں پر بھی بریفنگ دی۔ وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے نیب کی جانب سے کی جانے والی موثر اور قابل تحسین کاوشوں کو سراہا اور قومی اہداف کے حصول کے لیے وزارت خزانہ کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 58

کے منصوبوں پر بیک وقت کام کیا جائے تاکہ بجلی کے بحران پر جلد قابو پایا جاسکے۔ وفاقی وزیر نے یہ ہدایات وزیراعظم کی جانب سے گلگت بلتستان کے ترقیاتی مسائل کا جائزہ لینے اور خطے کی ترقی کے لیے قابل عمل سفارشات مرتب کرنے کے لیے قائم کمیٹی کے دوسرے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین زہیر، گلگت بلتستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے ویڈیو لنک کے ذریعے جبکہ وفاقی اور گلگت بلتستان حکومتوں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کو درپیش توانائی، مالیات ومحصولات، سیاحت، ریگولیٹری فریم ورک، ادارہ جاتی استعداد اور ترقیاتی منصوبوں سمیت اہم امور پر قائم کمیٹیوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 10.6 ارب روپے کا غلتر پاور پراجیکٹ تکمیل کے قریب ہے جبکہ 12.9 ارب روپے کا ہنزل پاور پراجیکٹ بھی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔

بقیہ 59

ونوجوانوں میر بیک مامیتالیف نے کیا۔ وزیراعظم نے آتا بیت میں معروف ادیب چنگیز ایتماتوف کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ پڑھی۔ چنگیز ایتماتوف معروف کرغز اور سوویت ادیب ہیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آتا بیت میموریل کمپلیکس میں یادگار پر پھولوں کی چادر بھی چڑھائی اور وہاں مدفون افراد کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آتا بیت میموریل کمپلیکس ایک اہم قومی وتاریخی یادگاری مقام اور قبرستان ہے۔ آتا بیت کے معنی ہمارے آبا واجداد کی قبر ہیں، اس مقام پر کرغزستان کی متعدد معروف شخصیات کی قبریں ہیں۔

بقیہ 60

اس موقع پر کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف اور وزیراعظم محمد شہباز شریف بھی موجود تھے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے دورہ کرغزستان کے دوران کرغز صدر کی جانب سے غیر روایتی مہمان نوازی کا مظاہرہ کیا گیا، کرغز صدر صادر ژاپاروف نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کو خود گاڑی چلا کر ایئرپورٹ پر الوداع کیا۔

بقیہ 61

سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت سندھ میں عدالتی شعبے کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس ہوا جس میں سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس ظفر احمد راجپوت، سندھ کے وزیر قانون، چیف سیکرٹری سندھ اور سیکرٹری خزانہ سندھ نے شرکت کی۔ اجلاس میں خواتین کے لئے سہولت مراکز کی تعمیر، صوبائی و وفاقی عدالتوں کو موزوں عمارتوں میں منتقل کرنے، جاری عدالتی انفراسٹرکچر منصوبوں کی بلاتعطل تکمیل اور بروقت فنڈز کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 62

چھت، کاروبار کے لیے منافع، مزدور کے لیے روزگار اور مجموعی طور پر پاکستان کی پائیدار اور جامع معاشی ترقی کا ضامن بن چکا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جون 2026 کے بعد سے اس سکیم کے تحت ہاؤسنگ فنانسنگ کی فراہمی اور تعمیراتی شعبے میں تاریخی پیش رفت دیکھنے میں آئی جس نے ملک کے اقتصادی منظرنامے کو نیا رخ دیا، صرف دو ماہ کے مختصر عرصے میں پروگرام کے تحت قرضوں کی منظوری اور رقم کی ادائیگیوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سکیم کے تحت منظور کیے جانے والے قرضوں کی تعداد 109 فیصد اضافے کے ساتھ 52600 سے تجاوز کر چکی، منظور شدہ فنانسنگ کی مجموعی رقم 116 فیصد کے زبردست اضافے کے بعد 312 ارب روپے تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 8,600 سے زائد خاندانوں کو قرضے جاری کیے جاچکے ہیں، عملی طور پر ہاؤسنگ سیکٹر میں منتقل ہونے والی رقم 118 فیصد اضافے کے ساتھ 45 ارب روپے تک پہنچ چکی ہے جو براہ راست تعمیراتی کاموں میں استعمال ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے اثرات صرف ذاتی گھر کی حد تک محدود نہیں بلکہ ہاؤسنگ فنانسنگ میں یہ تیزی پاکستان کی مجموعی معیشت کے لیے گیم چینجر ثابت ہو رہی ہے، آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی سے ملک میں تعمیراتی سرگرمیوں کو زبردست فروغ مل رہا ہے، جس کی وجہ سے سیمنٹ، سٹیل اور دیگر عمارتی سامان کی طلب میں نمایاں اضافہ دیکھا جارہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعمیراتی شعبے کی اس لہر نے ملک کی چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کو متحرک کر دیا ہے، جس سے روزگار کے لاکھوں نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں اور مقامی سطح پر کاروباری سرگرمیاں پروان چڑھ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اصلاحات اور بینکنگ کے آسان طریقہ کار کے باعث عام شہری کے لیے فنانسنگ تک رسائی ممکن بنائی گئی ہے، یہ پروگرام اب ایک خاندان کے لیے چھت، کاروباروں کے لیے منافع، مزدوروں کے لیے روزگار اور مجموعی طور پر پاکستان کی پائیدار اور جامع معاشی ترقی کا ضامن بن چکا ہے۔

بقیہ 63

ارکان بھی لندن پہنچے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری تقریباً 48 گھنٹے قبل آسٹریا سے لندن پہنچے تھے، آصف زرداری اور بلاول بھٹو زرداری تقریباً دو ہفتے لندن میں قیام کریں گے۔ صدر زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کی لندن میں قریبی دوستوں سے بھی ملاقاتیں متوقع ہیں۔ ذرائع کے مطابق صدر زرداری اور بلاول کی بعض برطانوی وزرا سے بھی ملاقاتیں متوقع ہیں۔ واضح رہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے لندن میں اہم ملاقات کی تھی جس میں اہم ملکی معاملات زیر بحث آئے تھے۔ ذرائع کے مطابق ون آن ون بات چیت تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی تھی جس میں محسن نقوی نے صدر آصف علی زرداری کو اہم پیغام بھی پہنچایا تھا۔

بقیہ 64

نے کہا ہے کہ ان کی تجویز اور مطالبے پر وفاقی کابینہ نے ژوب اور لورالائی میں گیس پلانٹس کی تنصیب کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جلد ای سی سی سے فنڈز جاری کرا کر منصوبے کا پراسیس اور ٹینڈر کیا جائے گا، جبکہ سوئی گیس حکام تنصیب کا کام کریں گے۔ ان کے مطابق دوسرے مرحلے میں قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، چمن اور قلعہ عبداللہ میں بھی گیس پلانٹس کی منظوری کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ سینیٹر بلال مندوخیل نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے عوام کو سستے گیس سلنڈر دستیاب ہوں گے اور ژوب و شیرانی کے قیمتی زیتون کے جنگلات کے تحفظ میں مدد ملے گی۔

بقیہ 65

خصوصی کمانڈنٹ خضدار تھے، پاسنگ آؤٹ تقریب میں مقامی عمائدین، سول وعسکری حکام اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کمانڈنٹ خضدار نے تربیت مکمل کرنے والے ریکروٹس کو مبارکباد پیش کی، جبکہ پاس آؤٹ ہونے والے ریکروٹس نے اپنی تربیت اور مہارتوں کا عملی مظاہرہ بھی پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ریکروٹ محمد طاہر کو آئی جی ایف سی میڈل سے نوازا گیا۔

بقیہ 66

نامی نوجوان نے محدود وسائل اور مشکلات کے باوجود 6 سال کی مسلسل محنت کے بعد اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کیا۔ حکومت نے 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں آزمائشی مظاہرے کے بعد اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ کیا ہے۔ باصلاحیت نوجوان مقامی سطح پر لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ نوجوان سبحان اللہ کے مطابق 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں ہیلی کاپٹر کا آزمائشی مظاہرہ کرنے کا موقع دیا جائے گا، کامیاب تجربے کی صورت میں اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ سبحان اللہ نے بتایا کہ بچپن سے شوق تھا اور ابتدائی عمر میں موٹر سائیکل مکینک کا کام سیکھا، بعد میں مشینری اور مختلف آلات کے بارے میں دلچسپی مزید بڑھتی گئی۔ ہیلی کاپٹر کی تیاری میں مطلوبہ پرزہ جات اور دیگر سامان کے حصول کے لیے انہیں لاہور، تیمر گرہ اور پشاور سمیت مختلف شہروں کے سفر کرنا پڑے۔ نوجوان نے کہا کہ اگر حکومتی تعاون حاصل ہو تو مستقبل میں مزید جدید اور بڑے منصوبوں پر بھی کام کر سکتے ہیں، ایک ہیلی کاپٹر تیار کرنے کے تجربے کے بعد اب وہ ایک ہفتے کے اندر دوبارہ ایسا ہیلی کاپٹر تیار کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس پورے سفر میں ان کے اہل خانہ نے ان کی حوصلہ افزائی اور مدد کی۔ ہیلی کاپٹر تیار کرنے والے نوجوان کا تعلق باجوڑ کے ایک محنت کش طبقے سے ہے۔ سبحان اللہ کا خاندان سیزن کے دوران پنجاب میں چپل فروخت کرکے روزگار حاصل کرتا ہے۔

بقیہ 67

2026- کی افتتاحی بریفنگ کی صدارت کی، پاکستان کی مسلح افواج کے سینئر افسران بھی اس موقع موجود تھے۔ شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مشق روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاریوں کا جائزہ لیتی ہے، مشق میں بحری جہاز، آبدوزیں، ہوائی جہاز اور جدید ڈرون سسٹمز شامل ہیں، مشق میں اسپیشل فورسز، پاک فوج اور پاک فضائیہ کے مشترکہ دستے بھی شریک ہیں۔ اس سے قبل چیف آف دی نیول اسٹاف نے پاک بحریہ کے فلیٹ یونٹس کا دورہ کیا اور جاری آپریشنز کا جائزہ لیا، نیول چیف نے افسران اور جوانوں سے خطاب کیا۔ نیول چیف نے کہا کہ بدلتا ہوا سیکیورٹی ماحول غیر متزلزل تیاری، مسلح افواج کے درمیان تعاون، حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کا تقاضا کرتا ہے، مشق سی اسپارک 2026- کا بنیادی مقصد ملٹی ڈومین آپریشنز کی مشق کرنا ہے۔ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ مشق میں سمندری، فضائی، زمینی، سائبر اور خلائی معاون صلاحیتوں کو مربوط کیا جا رہا ہے، مشق میں انفارمیشن انوائرمنٹ میں آپریشنز پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے تاکہ سمندر میں روایتی جنگی کارروائیوں کے ساتھ معلوماتی محاذ پر بھی برتری حاصل کی جاسکے۔

بقیہ 68

ہے جبکہ وہ دھوئیں سے بھی متاثر ہوئی ہے۔ آصفہ بی بی نے بتایا کہ بچی کی طبیعت ایک دن بہتر ہوتی ہے اور دوسرے دن بگڑ جاتی ہے۔ بچی کے والد وقاص کے مطابق بچی کو خون بھی لگوایا جارہا ہے تاہم اس کے باوجود ایزل کی حالت بگڑ رہی ہے۔

بقیہ 69

خوب یاد ہے کہ لندن پہنچتے ہی سینئر رفقا میں سے محمد عیوض، سارہ نقوی اور سید راشد اشرف نے مجھے اُسی اپنائیت سے 'تم' کہا جیسے کوئی اپنے بچوں سے کہتا ہے۔ آغوش محبت تو اطہر علی، رضا علی عابدی، آصف جیلانی اور 1942ء میں گیارھویں سکھ رجمنٹ کے باور عباس نے بھی وا رکھی۔ یہ چاروں بزرگ ہر چھوٹے بڑے کو 'آپ' کہہ کر بلایا کرتے تھے۔ یوں زبان کی بنیاد پر یہ طے کرنا ممکن نہ تھا کہ ہماری بے تکلفی کا گراف اوپر جا رہا ہے یا نیچے۔ ہاف ٹائم پروگرام سیربین والے وقار بھائی نے دیا جو شروع کے دو برس مجھے 'شاہد ملک صاحب' کہہ کر ایک فاصلے پر رکھتے تھے۔ جب انہوں نے ایک سہ پہر پہلی بار 'تم' کہا تو کیا آنند ملا ہے، اسے وقار زادگان ہی سمجھ سکتے ہیں۔

اب آپ پوچھیں گے کہ آخرتم کہنا کیا چاہتے ہو۔ میں وہ واقعہ دہرا دوں گا جب غالب اکیڈمی کراچی والے مرزا ظفر الحسن نے جیل سے ایلس فیض کے نام لکھے گئے فیض احمد فیض کے خطوط مرتب کرنے کا بیڑہ اٹھایا، جن کا سرنامہ ہے 'صلیبیں میرے دریچے میں'۔ یہ خط انگریزی زبان میں تھے، لیکن فیض نے کہا کہ کتاب اردو میں شائع ہوگی کیونکہ "ہماری انگریزی ذرا آرائشی قسم کی ہوتی ہے"۔ بطور لکھاری میرا کمپلیکس ابھی تک فیض سے دور اور مشتاق احمد یوسفی کے قریب تر ہے، یعنی انگریزی ہی نہیں، میری اردو بھی آرائشی سی ہوتی ہے۔ چنانچہ کچھ باتیں رک رک کر کہتا ہوں اور باقی کہتے کہتے رک جاتا ہوں۔ یہ ہے سیکنڈ لینگویج کا مسئلہ کہ آپ بہتر سے بہتر لسانی طرز عمل کی خواہش کرتے ہیں اور کسی سے فری ہو کر نہیں کہہ پاتے کہ

رنج کی جب گفتگو ہونے لگی
آپ سے تم تم سے تو ہونے لگی

☆☆☆☆

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی چیف منسٹر سیکرٹریٹ آمد پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی معزز مہمان کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کررہے ہیں

کوئٹہ، سریاب کے علاقے شالکوٹ میں پولیس مقابلہ کے دوران ایک ملزم ہلاک جبکہ ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا

تعلیم ہی وہ طاقت ہے جو انسان کو پسماندگی سے ترقی کی طرف لے جاسکتی ہے، ضیاء لانگو

بلوچستان کے نوجوان ہمارے عوام کا مستقبل ہیں، آج کا دور تعلیم، علم، ٹیکنالوجی اور ہنر کا دور ہے، اس لیے نوجوان اپنی پوری توجہ تعلیم پر دیں

اپنی کامیابی کو صرف اپنے لیے استعمال نہ کریں، بلکہ اپنے علم اور مقام کو اپنے عوام اور بلوچستان کی خدمت کے لیے استعمال کریں نوجوان نسل کی رہنمائی کریں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان ہمارے عوام کا مستقبل ہیں، آج کا دور تعلیم، علم، ٹیکنالوجی اور ہنر کا دور ہے، اس لیے نوجوان اپنی پوری توجہ تعلیم پر دیں۔ تعلیم ہی وہ طاقت ہے جو انسان کو پسماندگی سے ترقی کی طرف لے جاسکتی ہے۔ اپنے جاری کردہ پیغام میں وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ کسی قوم کا مستقبل صرف نعروں سے نہیں بدلتا، تعلیم، کتاب، قلم، محنت، اچھے کردار اور مسلسل کوشش سے قوموں کا مستقبل بدلتا ہے۔ آج ہمیں دیگر اقوام کا مقابلہ ہتھیاروں سے نہیں بلکہ قلم سے کرنا چاہیے، ہمارے نوجوانوں کو ڈاکٹر، انجینئر، اساتذہ، سائنسدان، وکیل، افسران، محقق، اور ٹیکنالوجی کے ماہرین بننا چاہیے نوجوان محنت کریں اور زندگی کے ہر شعبے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

لورالائی، معذور افراد کے لیے کمک پروگرام کا انعقاد

ہر شعبے میں مساوی مواقع فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، مقررین

لورالائی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے مطابق معذور افراد کے لیے کمک پروگرام کا انعقاد پر پروگرام ڈائریکٹر کمک (KUMAK) منیر قمبرانی کی قیادت میں کمک پروگرام کے تحت معذور افراد (withPersons) (PWDs - Disabilities) کی فلاح و بہبود کا بنیادی مقصد اور انہیں معاشرے میں بااختیار بنانے کے لیے اہم اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں مزید مستحق معذور افراد کو تھری ویل موٹر سائیکلیں اور سہ پہیا الیکٹرک اسکوٹرز (Electric-Tri Scooters) فراہم کیے جارہے ہیں اس اقدام (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

رائٹ ٹو انفارمیشن قانون کے تحت عوام کو معلومات تک رسائی کا حق حاصل ہے، شکیل قادر خان

خالی آسامیوں، ترقیوں اور بھرتیوں کے معاملات قواعد وضوابط، میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق نمٹائے جائیں، چیف سیکرٹری کا اجلاس سے خطاب

صوبائی محکموں کی کارکردگی میں بہتری، انتظامی شفافیت، میرٹ پر بھرتیوں اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت سیکریٹریز کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں تمام انتظامی سیکریٹریز سمیت ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی سطح پر انتظامی کارکردگی، ترقیاتی منصوبوں، دفاتر میں آفیسران و عملے کی حاضری کو یقینی بنانا، خالی آسامیوں اور عوامی خدمات کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تمام محکموں کی سرکاری گاڑیوں کی کنڈیم نیشن کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ اس موقع پر سرکاری گاڑیوں کی موجودہ حالت، ناقابل استعمال گاڑیوں کی نشاندہی اور انہیں قواعد وضوابط کے مطابق کنڈیم یا نیلام کرنے کے عمل کا جائزہ لیا گیا تاکہ سرکاری وسائل کا مؤثر اور شفاف استعمال یقینی بنایا جاسکے۔ اجلاس میں مختلف محکموں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

مولانا عبدالواسع سے میر ندیم الرحمن محمد شہی کی قیادت میں وفد کی ملاقات

صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال امن و امان اور باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سے جھالاوان عوامی پینل کے مرکزی رہنما میر ندیم الرحمن محمد شہی کی قیادت میں وفد کی ملاقات، وفد میں پاکستان پیپلز پارٹی خضدار کے سینئر رہنما سردارزادہ شہزاد خان غلامانی، پیپلز پارٹی سوراب کے رہنما میر منصور جان گرگناڑی، جھالاوان عوامی پینل شال زون کے رہنماؤں حافظ نصیر مینگل، ملک حسین شاہوانی، شہباز خان دہوار، میر فخرالدین محمد شہی اور حاجی قدیر مینگل بھی موجود تھے، ملاقات میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال امن و امان اور باہمی دلچسپی کے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

قلات میں قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق 12 افراد زخمی

کوئٹہ میں پولیس مقابلہ ایک مبینہ شخص ہلاک، دوسرا زخمی حالت میں گرفتار اسلحہ برآمد

کوئٹہ (این این آئی) قلات میں قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق 12 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق بدھ کو قلات میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر خزینئی کے مقام پر مزدوروں سے بھری پک اپ گاڑی اُلٹ گئی جس کے نتیجے میں ایک مزدور جاں بحق جبکہ 12 شدید زخمی ہوگئے، حادثے کی اطلاع ملتے ہی 1122 کے ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات منتقل کردیا، جہاں شدید زخمیوں کو مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔ کوئٹہ میں پولیس اور مبینہ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس

آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں بی این پی عوامی کے رکن میر اسد اللہ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ بنیادی سہولیات سے محروم

گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ کا فوری طور پر معائنہ کرایا جائے، علاقہ مکین

چھتر (این این آئی) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ بنیادی سہولیات سے محروم، طلبہ مشکلات کا شکار تفصیلات کے مطابق ضلع نصیرآباد کے علاقے میں قائم گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ عرصہ دراز سے بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا کررہا ہے، سکول میں تدریسی سرگرمیوں کے لیے ایک اضافی کمرے، واش روم، پینے کے پانی اور عمارت کی مرمت کی ضرورت ہے، جس کے باعث طلبہ اور اساتذہ کو مشکلات کا سامنا ہے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ میں زیر تعلیم بچوں کو مناسب تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے بنیادی سہولیات کی (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

سپریم کورٹ کے جج کی اسپیکر بلوچستان سے ملاقات، صاحبزادہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ کے جج کی اسپیکر بلوچستان سے ملاقات، صاحبزادے کے انتقال پر تعزیت سپریم کورٹ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

3 ستمبر کو بلوچستان کے تمام شہر مکمل طور پر بند ہوں گے، مولانا ہدایت الرحمن

یہ ہڑتال کسی ایک جماعت یا گروہ کی نہیں بلکہ سب کی مشترکہ قومی ہڑتال ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ 3 ستمبر کو ملک بھر کی طرح بلوچستان بھر میں بھی امن کے لیے، بدامنی، دہشت گردی، بارڈرز و سڑکوں کی بندش اور پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری کے خلاف تاجر برادری اور دکانداروں کے تعاون سے شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی۔ اضلاع اور صوبے کی سطح پر جماعت اسلامی کے صوبائی و ضلعی ذمہ داران نے تاجر تنظیموں کے قائدین سے ملاقاتیں کرکے ہڑتال کی کامیابی کے لیے تعاون کی اپیل کی ہے۔ تاجروں نے یقین دلایا ہے کہ یہ ہڑتال کسی ایک جماعت یا گروہ کی نہیں بلکہ سب کی مشترکہ (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی زیر صدارت مسلم لیگ (ن) کے پارٹی ورکروں کے اجلاس میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، ایم این اے جمال شاہ کاکڑ، سابق صوبائی مشیر عمیر محمد حسنی، اراکین اسمبلی محمد خان لہڑی، برکت رند، عاصم کرد گیلو، ولی نورزئی، سردار مسعود لونی شریک ہیں

پانی کی چوری کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، چوہدری نعیم کریم

بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے میں کوئی بھی ترمیم یا تبدیلی نہیں کرسکتا

کوئٹہ (آن لائن) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ عالمی ثالثی عدالت میں سندھ طاس معاہدے سے متعلق حالیہ فیصلوں نے پاکستان کے موقف کو مضبوط کیا ہے اور بھارت کو واضح پیغام دیا ہے کہ وہ یکطرفہ طور پر معاہدے کو معطل نہیں کرسکتا اور نہ ہی معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے آبی منصوبے تعمیر کرسکتا ہے۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ بین الاقوامی عدالت نے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کی ہڑتال کے اعلان سے لاتعلقی

تنظیم کو اعتماد میں لیے بغیر کوئی فیصلہ قابل قبول نہیں، کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے ہڑتال سے متعلق وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کی جانب سے کسی ہڑتال کی کوئی اپیل یا اعلان جاری نہیں کیا گیا، اس حوالے سے تنظیم کے نام سے سامنے آنے والے کسی بھی اعلان یا بیان سے مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کا کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روز جاری کیے گئے اپنے ویڈیو پیغام میں کہی۔ کاشف حیدری نے کہا کہ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان ایک باقاعدہ تنظیمی ڈھانچے کے تحت کام کرتی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

کھڈکوچہ کے عوام اور زمینداروں کی جبری بے دخلی ناقابل قبول ہے، مولانا شبیر احمد

جمعیت علماء اسلام کھڈکوچہ کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، پریس کانفرنس

مستونگ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع مستونگ کیا میر شیخ الحدیث مولانا شبیر احمد عثمانی نے دیگر رہنماؤں نے سراوان پریس کلب مستونگ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے تحصیل کھڈکوچہ کی مقامی آبادیوں، زمینداروں اور باغات مالکان کو جبری بے دخل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کھڈکوچہ کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور اس جابرانہ و ظالمانہ اقدام کی ہر فورم پر مخالفت کرے گی پریس کانفرنس میں جمعیت علماء اسلام ضلع مستونگ کے نائب ضلعی امیر مولانا اختر محمد پیرکانی، ضلعی نائب امیر، مولانا غلام نبی، مفتی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

دہشت گردوں کے حملے میں زیارت کراس پر شہید ہونے والے ایف سی اہلکار کی تدفین آج ہوگی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) زیارت کراس واقعہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے ڈیرہ اللہ یار سے تعلق رکھنے والا ایف سی اہلکار شہید آج پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ تدفین ہوگی سرکاری ذرائع کے مطابق زیارت کراس حملے میں دہشت گردوں سے لڑتے ہوئے جعفرآباد ڈیرہ اللہ یار سے تعلق رکھنے والے نوجوان ایف سی اہلکار غلام رسول کٹبار فائرنگ سے شہید ہوگئے جس کا جسد خاکی آج ڈیرہ اللہ یار کے لیے روانہ کیا جائے گا جہاں انکی تدفین پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ہوگی۔

لشکری رئیسانی کے گھر مہر گڑھ میں حملہ قابل مذمت ہے، مولانا حیدری

ایک معزز قبائلی و سیاسی خاندان کے گھر کو نشانہ بنانا انتہائی سنگین اور ناقابل قبول واقعہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری، سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد، سردار شیرباز ساتکزئی، سردار نادر خان لانگو نے سرداران سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی اور نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کے مہر گڑھ میں واقع آبائی گھر پر ہونے والے حملے کی مذمت کرتے ہوئے واقعہ کو افسوسناک اور تشویشناک اقدام قرار دیا ہے، جمعیت علماء کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے جاری بیان میں واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چادر و چار دیواری کے تقدس کو پامال کرنا ناقابل قبول (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

جمعیت علماء اسلام کوئٹہ کے تمام یونٹوں اور تحصیلوں کے امراء و نظماء کا اجلاس طلب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے عوامی مسائل کے حل، شہریوں کو درپیش مشکلات کے ازالے اور جماعتی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید موثر اور فعال بنانے کے لیے مختلف سماجی کمیٹیوں نے باقاعدہ طور پر اپنی ذمہ داریوں کی انجام دہی کا آغاز کردیا ہے، جبکہ جمعیت علماء اسلام کی بنیادی سطح پر کارکردگی کو مزید مضبوط، منظم اور نتیجہ خیز بنانے کے لیے بھی مختلف اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

عوام کی عزتیں مال و جان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے، جمعیت نظریاتی

عدم تحفظ سے ٹرانسپورٹ تجارت آزادانہ نقل و حرکت مسلسل متاثر ہو رہی ہے، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ معاشی استحصال اور ظالمانہ فیصلوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہے جس کے باعث ملک کے مستقبل بحران کی کیفیت سے دوچار ہو رہی ہے۔ استحصالی نظام اور جبر و استبداد سے نجات کے لیے جدوجہد ناگزیر ہو چکا ہے بدامنی، کمر توڑ مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات پر بیتحاشہ لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کی طرف سے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بدامنی کی حالات میں مہنگائی اور پیٹرولیم (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کے نمائندوں کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی سے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کے نمائندوں نے ملاقات کی، جس میں کوئٹہ میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیمات اور مستقبل کے منصوبوں سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران ایشیائی ترقیاتی بینک کے نمائندوں کی جانب سے کوئٹہ میں جاری مختلف اسکیمات پر بریفنگ دی گئی، جبکہ شہر میں شروع (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

کالج آف نرسنگ پشین میں گریجویشن و الوداعی تقریب

مقررین نے نمایاں طلبہ میں اسناد اور شیلڈز تقسیم کیں

پشین (آن لائن) کالج آف نرسنگ پشین میں فائنل سمسٹر کے طلبہ کے اعزاز میں گریجویشن اور الوداعی تقریب جوش و خروش اور خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی، جس میں طلبہ، اساتذہ اور کالج انتظامیہ نے شرکت کی۔ تقریب کی چیف گیسٹ پرنسپل سی ایم ڈبلیو محترمہ زاہدہ کاکڑ تھیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں فائنل سمسٹر کے طلبہ کی چار سالہ تعلیمی جدوجہد اور محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ طلبہ نے اپنے تعلیمی سفر کے دوران محنت، لگن اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے، اور اب انہیں عملی زندگی میں بھی اسی جذبے کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ اس موقع پر طلبہ نے کالج انتظامیہ اور فیکلٹی (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر)

ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان کا میرین ڈرائیو کا دورہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے میرین ڈرائیو کا دورہ کیا اور بیچ سائیڈ کی خوبصورتی، شجرکاری، صفائی ستھرائی، سولر لائٹنگ اور دیگر شہری سہولیات کا جائزہ لیا انہوں نے حالیہ شجرکاری کا معائنہ کرتے ہوئے پودوں کی مناسب نگہداشت اور بروقت آبیاری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی جی نے میرین ڈرائیو پر قائم ٹک شاپس (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

پولیو ٹیموں کی کارکردگی پر خصوصی توجہ دی جائے، حسیب شجاع

فیلڈ ٹیموں کی مؤثر نگرانی اور مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) آئندہ انسداد پولیو مہم کی موثر اور کامیاب تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ضلعی پولیو اریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران اور پولیو پروگرام سے وابستہ نمائندگان نے شرکت کی اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جس میں مائیکرو پلاننگ، پولیو ٹیموں کی تعیناتی، فرنٹ لائن ورکرز کی تربیت، ویکسین اور دیگر ضروری سامان کی بروقت دستیابی، سیکیورٹی انتظامات اور گزشتہ مہمات میں رہ جانے والے بچوں کی مکمل (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ ڈاکٹر جمیل احمد پنشن کیسز ڈسپوزل کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی یونائیٹڈ نیشن ڈویلپمنٹ پروگرام (UNDP) کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سردار عطاء اللہ خان مینگل کو ان کی برسی کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے قوم پرست رہنما سردار عطاء اللہ خان مینگل کو ان کی پانچویں برسی کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہیں مستقل مزاجی کے ساتھ آخر دم تک بلوچ قومی سیاست سے منسلک رہنے اور اصولی سیاست کے ساتھ قومی وسائل کے تحفظ بلوچ قوم کے قومی حقوق (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت اجلاس

مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی پر کارروائی کی جائے، اجلاس سے خطاب

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول، مقررہ نرخ ناموں اور فیلڈ وزٹ رپورٹس سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال، اسسٹنٹ کمشنر تھل چوٹیالی عبدالسلام شاہوانی اور نائب تحصیلداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی نگرانی، سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد، گرانفروشی کی روک تھام اور فیلڈ میں جاری چیکنگ و معائنہ جات کی رپورٹس کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ روزانہ کی بنیاد پر بازاروں کی نگرانی، پرائس (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر)

درخواست گزار دریا خان کو ہائرنگ کی مد میں 197000 روپے کی ادائیگی کروادی گئی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار دریا خان کو ہائرنگ کی مد میں 197000 روپے کی ادائیگی کروادی گئی۔ درخواست گزار دریا خان نے بتایا کہ انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے ہائرنگ کی رقم کی ادائیگی کے درخواست دی لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ پولیس نے 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا

اسٹیشن ماسٹر اور اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر سمیت 2 ملازمین گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں سمیت دیگر سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکلیں، اسلحہ ایمونیشن برآمد کرکے مغوی خاتون کو بازیاب کرالیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ شہید منظور کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے گل حسن، آدم خان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے قبضے میں لے لی اس کے علاوہ تھانہ شہید جمیل ڈی ایس پی کے عملے نے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

بشکیک، وزیراعظم محمد شہباز شریف علا آرچا نیشنل پارک کا دورہ کررہے ہیں

ہم نوعیت کے منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی سست روی برداشت نہیں کی جائے گی، بابر خان

صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کردار نہایت اہم ہے صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری اور پائیدار ترقی کا انحصار محکمہ کی مؤثر کارکردگی پر ہے

مقررہ مدت تک ان منصوبوں کی تکمیل کو ہر صورت میں یقینی بنائی جائے بصورت دیگر متعلقہ حکام کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا ہے کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کردار نہایت اہم ہے صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری اور پائیدار ترقی کا انحصار محکمہ کی مؤثر کارکردگی پر ہے اگر اس کارکردگی میں سستی یا کوتاہی ہو تو صوبے کے ترقی کا پہیہ جام ہو جائے گا جو کہ کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ان خیالات کا اظہار سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے صوبے میں جاری اسٹریٹجک منصوبوں فورٹیفیکیشن آف تھانہ پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز، آئی جی ڈیولپمنٹ احمد سلطان سپرنٹنڈنگ انجینئرز اور ضلعی ایگزیکٹو انجینئرز نے بذریعہ زوم شرکت کی اجلاس کے دوران فورٹیفیکیشن آف (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی کو بہتر بنانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، سیکرٹری بلدیات

شہر میں کچرے کی صفائی، جمع آوری، منتقلی اور مناسب طریقے سے تلف کرنے کے نظام کو جدید اور مؤثر بنانے میں مدد ملے گی، عبدالرؤف بلوچ

منصوبے کی نگرانی، کارکردگی کے جائزے اور مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر مانیٹرنگ میکنزم کو مزید فعال بنایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری محکمہ بلدیات و دیہی ترقی بلو عبدالرف بلوچ کی زیر صدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) موڈ کے تحت مربوط ٹھوس کچرے کے انتظام (Integrated Solid Waste Management) منصوبے کے لیے مطلوبہ فنڈز کے اجرا اور SAFA کوئٹہ کی پیش رفت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نظر زہری سمیت متعلقہ افسران اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر، منظم اور جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت جاری منصوبے سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بالخصوص منصوبے کے لیے مطلوبہ فنڈز کے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

اسسٹنٹ کمشنر دکی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس

ناجائز منافع خوری کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے، اکرم حریفال

دکی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم خان حریفال کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع دکی میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، مارکیٹ ریٹس کے تعین، ناجائز منافع خوری اور عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے خورد و نوش کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر تھل چوٹیالی ڈاکٹر عبدالسلام شاہوانی، نائب تحصیلدار اکرام اللہ خان ترین، نائب تحصیلدار بلال احمد، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سمندر خان ناصر، بلوچستان فوڈ اتھارٹی آفیسر بخت محمد ناصر، ویٹرنری آفیسر ڈاکٹر کمال خان، انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری مولوی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

صوبے کے تمام شہروں میں صفائی کی صورت حال ابتر ہوچکی ہے، میر مظفر جمالی

اوستہ محمد (آن لائن) میٹر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کی جانب سے صوبے بھر میں میونسپل سروسز بند ہے میئر، چیئرمین اور ملازمین گزشتہ دو ہفتوں سے ہڑتال پر ہیں صوبے کے تمام شہروں میں صفائی کی صورت حال ابتر ہوچکی ہے جس کی وجہ سے عوام کو سخت مشکلات کا سامنا ہے ڈیلی ویجز ملازمین خودکشی کرنے پر مجبور ہوچکے ہیں کیونکہ گزشتہ دو ماہ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پریذیڈنٹ انڈس ہاسپیٹل اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک ڈاکٹر عبدالباری خان، ممبر پلاننگ کمیشن محترمہ شبانہ حیدر کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم این اے جمال شاہ کاکڑ اور چیف کیسکو بلوچستان شوکت جوگیزئی ملاقات کررہے ہیں

6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کی تیاریوں کے سلسلے میں اہم اجلاس

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کی زیر صدارت 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کی تیاریوں کے سلسلے میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر قلات اسد سمالانی سمیت تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے منعقد ہونے والی تقریبات کی تیاریوں، انتظامات اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، جسے قومی جوش و جذبے اور ملی یکجہتی کے ساتھ منایا جائے گا۔ اس موقع پر ضلع بھر میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا، جن میں پرچم کشائی، ریلی اور دیگر (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

گڈ گورننس کے رہنما اصولوں پر کوکمپرومائز نہیں کیا جائیگا، سائرہ عطاء

کسی بھی افسر کی جائے تعیناتی سے غیر حاضری ہرگز قبول نہیں کی جائیگی

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کی زیر صدارت آواران میں زلزلہ متاثرین کے گھروں کی تعمیر اور آواران ڈیولپمنٹ پیکیج پر عملدرآمد سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر آواران عقیل کریم نے کمشنر کو بریفنگ میں بتایا کہ زلزلہ متاثرین کے لئے سعودی عرب کے تعاون سے 2013 میں سات ہزار سات سو زلزلہ متاثرہ خاندانوں کیلئے رہائشی سنگل کمروں کی تعمیر کا اعلان کیا گیا تھا آرمی سول ایڈمنسٹریشن نیجوائنٹ سروے کے مطابق متاثرین کی فہرستیں بنائیں ابتک 6366 مکانات تعمیر کئے گئے ہیں ڈی سی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

سول ہسپتال سنجاوی میں نئے ڈینٹل روم اور جدید ڈینٹل مشین کا افتتاح

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کے بھائی و میونسپل کمیٹی سنجاوی کے چیئرمین حاجی خان محمد دمڑ نے سول ہسپتال سنجاوی میں نئے ڈینٹل روم اور جدید ڈینٹل مشین کا افتتاح کیا اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال نورالباقی زنخیل، بلدیاتی نمائندگان، ڈاکٹرز، علما، معززین اور علاقہ عمائدین موجود تھے اس (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت اہم اجلاس

عوامی راستے میں رکاوٹ پیدا کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، خطاب

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت اہم اجلاس شہر سے ناجائز تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک نظام کی بہتری کے لیے تین روز میں عملی اقدامات کی ہدایت واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیر صدارت آج ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن ڈیرہ مراد جمالی پولیس حکام سمیت دیگر متعلقہ ضلعی افسران نے شرکت کیا جلاس کے دوران ڈیرہ مراد جمالی شہر میں شہریوں کو درپیش مسائل، ٹریفک کی روانی سڑکوں کے دونوں اطراف قائم ناجائز تجاوزات غیر قانونی دکانوں (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

اسسٹنٹ کمشنر کا رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) میختر کا تفصیلی دورہ

صحت عامہ ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے، اسرار احمد مندوخیل

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر تحصیل میختر اسرار احمد مندوخیل نے ضلعی انتظامیہ لورالائی کی ہدایات پر رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) میختر کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے طبی و دیگر عملے کی حاضری، ادویات کے اسٹاک اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے طبی عملے کی موجودگی اور فرائض کی انجام دہی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ادویات کے اسٹاک، ضروری ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو بروقت علاج معالجے کی سہولت فراہم کرنے کے انتظامات بھی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر)

فریدہ ترین کا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول آدم پور اور داود کھیازئی کا دورہ

سکول آدم پور کے احاطے میں پودا لگا کر شجرکاری مہم کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے ہمراہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول آدم پور اور داود کھیازئی کا دورہ کیا تعلیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا اور شجرکاری مہم کا افتتاح بھی کیا تفصیلات کے مطابق آج ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول آدم پور و گورنمنٹ گرلز ہائی سکول داود کھیازئی کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے سکول کے تعلیمی ماحول تدریسی سرگرمیوں اساتذہ کرام کی حاضری، طلبہ کی تعلیمی کارکردگی صفائی ستھرائی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا اس موقع پر سکول انتظامیہ اور اساتذہ کرام نے ڈپٹی کمشنر کو ادارے میں جاری تعلیمی سرگرمیوں اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی ڈپٹی کمشنر فریدہ (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

احمد وال کے قریب گاڑی پر فائرنگ سے ایک افغان باشندہ جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) نوشکی کے علاقے احمد وال کے قریب گاڑی پر فائرنگ سے ایک افغان باشندہ جاں بحق جبکہ ڈرائیور سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز احمد وال کے قریب خاران کراس کے قریب کوئٹہ کی طرف آنے والی گاڑی پر فائرنگ سے افغان باشندہ گل (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

پولیس کی بڑی کارروائی موٹر سائیکل چور گینگ کے 3 ملزمان گرفتار

دو موٹر سائیکلیں، بڑی تعداد میں اسپیئر پارٹس اور چوری شدہ بجلی کی تاریں برآمد

کوئٹہ (آن لائن) قلات پولیس نے راہزنی اور موٹر سائیکل چوری میں ملوث 3 ملزمان سمیت 8 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2 موٹر سائیکلیں اور بڑی تعداد میں موٹر سائیکلوں کے اسپیئر پارٹس، بجلی کی تاریں برآمد کرلیں۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی، ایس ڈی پی او قلات ماہیوال خان جاموٹ نے دیگر عملے کے ہمراہ چوری ڈکیتی اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اختر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے ایک مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی اس کی نشاندہی پر خالی مکان پر چھاپہ مار کر وہاں سے دو ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2 موٹر سائیکلیں اور بڑی تعداد میں موٹر سائیکلوں کے پرزہ پارٹس اور چوری شدہ بجلی کی تاریں قبضے میں لے لیں۔ اس کے علاوہ ایک اور کارروائی (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر)

لورالائی، تجاوزات کے خلاف آپریشن، متعدد سامان تحویل میں لے لیا گیا

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے

لورالائی (خ ن) شہر میں ٹریفک کی روانی اور سڑکوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم اور ایس ڈی پی او غلام اکبر کی نگرانی میں ٹریفک پولیس اور میونسپل کمیٹی کے ہمراہ تحصیل روڈ اور ژوب روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے سامنے غیر قانونی طور پر رکھا گیا سامان، میزیں، کرسیاں، سولر شیشے اور دیگر اشیاء میونسپل کمیٹی کے عملے نے تحویل میں لے لیں۔ انتظامیہ نے دکانداروں کو (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

سردار عطاء اللہ مینگل کی جدوجہد بلوچستان کی سیاسی تاریخ کا روشن باب ہے، میر شمس کرد

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی ترجمان میر شمس کرد نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے بانی، بلوچ قوم پرست سیاست کے بزرگ رہنما اور بلوچستان کے پہلے منتخب وزیراعلیٰ سردار عطاء اللہ مینگل کی برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار عطاء اللہ مینگل محض ایک سیاسی رہنما نہیں بلکہ بلوچستان کے حقوق، جمہوریت، آئین کی بالادستی اور قومی وقار کی جدوجہد کی ایک مضبوط علامت تھے۔ انہوں نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل نے اپنی پوری سیاسی زندگی اصولوں، جمہوری (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا اجلاس

اسوقت بلوچستان بھر کے ٹھیکیدار گوناگوں مسائل سے دوچار ہیں، ملک عبدالغفار مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا ایک اجلاس بدھ کو چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل اور صدر میر عبدالسلام لانگو کی زیر صدارت مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا اجلاس میں جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، سیکرٹری فنانس محمد ادریس جان لانگو، نائب صدر سراج خان کاکڑ، رابطہ سیکرٹری نورت میر بیروز ملازئی، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم اچکزئی، آفس سیکرٹری میر ابرار رئیسانی، نائب صدر میر عدنان لہڑی، نائب صدر صاحبزادہ بسم اللہ خان سمیت سینئر ٹھیکیداروں نے شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

بشکیک، وزیراعظم محمد شہباز شریف چنگیز آئتماتوف کے مزار پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر

''روزنامہ عوام''

302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

ای میل ایڈریس

dailyawamqta@gmail.com

فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں